# فہرست مضامین


| | | |
|---|---|---|
| 1 | تعارف | 9 |
| 2 | قرون وسطیٰ میں ہندوستانی سماج کے بااثر طبقات | 11 |
| 3 | (۲الف) زمیندار | |
| 4 | حاشیہ تعارف | 19 |
| 5 | باب اوّل | 20 |
| 6 | دربار میں جماعتی کشمکش کا آغاز | |
| 7 | دربار میں سیاسی جماعتیں | |
| 8 | خانہ جنگی | 27 |
| 9 | حاشیہ باب اوّل | 35 |
| 10 | باب دوم : مفاہمت یا جبر | 38 |
| 11 | بہادر شاہ | |
| 12 | راجپوتوں کا مسئلہ | 44 |
| 13 | دکن کا مسئلہ | 45 |
| 14 | سکھوں کی بغاوت | 60 |
| 15 | منعم خاں کی وفات اور وزارت کے لیے کشمکش کا آغاز | 63 |
| 16 | طرز حکومت اور انتظام سلطنت | 65 |
| 17 | باب سوم | 70 |
| 18 | عہدۂ وزارت کے لیے ذوالفقار خاں کی جدوجہد | |
| 19 | وزارت کا مسئلہ | |
| 20 | ذوالفقار خاں اور تینوں شاہزادوں کا وفاق | 73 |
| 21 | ذوالفقار خاں بطور وزیر اعظم اس کے اختیارات اور اس کا پیغام | 76 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 22 | ذوالفقار خاں کا طرز سیاست اور انتظام | 79 |
| 23 | جہاندار شاہ اور ذوالفقار خاں کی شکست اور ان کا زوال | 87 |
| 24 | حاشیہ باب سوم | 91 |
| 25 | **باب چہارم** | 10i0 |
| 26 | سید برادران کی نئی وزارت کے لیے جدوجہد | |
| 27 | سید برادران کے اختیارات اور ان کی عام پالیسی | 104 |
| 28 | **باب پنجم** | 115 |
| 29 | نئی وزارت کے لیے کشمکش | |
| 30 | فرخ سیر کی تخت سے برطرفی | 119 |
| 31 | سید و مرہٹا معاہدہ | 125 |
| 32 | **باب ششم** | 133 |
| 33 | سید برادران اور نئی وزارت | |
| 34 | سید برادران کے خلاف بغاوتوں کا آغاز | 135 |
| 35 | سید برادران کے سیاسی مسائل | 137 |
| 36 | نظام الملک کی بغاوت اور سید برادران کا زوال | 143 |
| 37 | **باب ہفتم** | 15'4 |
| 38 | نظام الملک اور وزارت کی کشمکش کا خاتمہ | |
| 39 | نظام الملک کی آمد اور اس کی ابتدائی دشواریاں | 155 |
| 40 | نظام الملک کا اصلاحات کا منصوبہ اور دکن کے لیے اس کی روانگی | 159 |
| 41 | جاٹوں اور راجپوتوں کے معاملات | 163 |
| 42 | حاشیہ باب ہفتم | 171 |
| 43 | **باب ہشتم** | 175 |
| 44 | مرہٹوں کی شمالی ہند کی طرف پیش قدمی | |
| 45 | نظام الملک اور مرہٹے | 183 |
| 46 | مالوہ اور گجرات پر مرہٹوں کی پیش قدمی | 186 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 47 | شمالی ہندوستان کا ردعمل | 199 |
| 48 | باب نہم | 204 |
| 49 | مالوہ اور بندیل کھنڈ کی فتح | |
| 50 | دربار میں امن پسند اور جنگ پسند گروہ | 208 |
| 51 | 1736ء میں قیام امن کے لیے بات چیت | 211 |
| 52 | دوآب پر مرہٹوں کے حملے | 214 |
| 53 | بھوپال کی جنگ | 216 |
| 54 | مالوہ اور بندیل کھنڈ کی مکمل سپردگی | 221 |
| 55 | ضمیمہ الف | 223 |
| 56 | ضمیمہ ب | 225 |
| 57 | ضمیمہ ج | 226 |
| 58 | باب نہم حاشیے | 228 |
| 59 | باب دھم | 237 |
| 60 | مغل سیاست اور نادر شاہ | |
| 61 | 1228-1237 کے درمیان سیاست اور گروہ بندیاں | 239 |
| 62 | مغلیہ سلطنت کے زوال کے اسباب | 243 |
| 63 | اختتامیہ تصریحات | 251 |


Marfat.com

# تعارف

اٹھارہویں صدی میں ہندوستان کی سیاسی، سماجی اور اقتصادی زندگی میں دوررس تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ مغل سلطنت جس نے ڈیڑھ سو برس تک ملک کو ایک مستحکم نظام دیا، اور زندگی کے مختلف شعبوں میں ترقی کے وسائل بہم پہنچائے وہ خود زوال پذیر اور اندرونی خلفشار سے دوچار تھی۔ ملک پر تسلط حاصل کرنے کی مرہٹوں کی کوشش ناکام ہوچکی تھی اور برطانیہ کے تاجر اس برصغیر میں ایک نئی قسم کی حکومت کی بنیادیں استوار کر رہے تھے۔ سترہویں اور اٹھارہویں صدی میں اس تبدیلی کے پیچھے جو سیاسی، سماجی اور اقتصادی عوامل ہندوستان، ایشیا اور مغربی دنیا میں کارفرما تھے ان کا تفصیلی تجزیہ اور مطالعہ اس صورت حال کو سمجھنے کے لیے بہت ضروری ہے۔ جب تک کہ ان عوامل اور اس صورت حال کا باقاعدہ اور سنجیدہ مطالعہ نہ کیا جائے صحیح طور پر اس کا ادراک نہیں ہوسکتا۔ سلطنت مغلیہ کا انتشار، مرہٹوں کی ایک منظم حکومت قایم کرنے میں ناکامی اور ایک نئے سماج کی تشکیل کے اسباب و عوامل کیا تھے؟

شاہان مغلیہ نے امرائے حکومت کی جو تنظیم قایم کی تھی وہ بڑی اہمیت کی حامل تھی۔ امور انتظامیہ کی صحیح طور پر انجام دہی سماجی اقتدار کی استواری، حکومت کی فوجی اور سیاسی ذمہ داریوں کا سرانجام اور حقیقت میں خود حکومت کے استحکام اور تنظیم کا انحصار امرائ کی تنظیم کی کارفرمائی پر منحصر تھا۔ قرون وسطیٰ کے مورخ کے لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ وہ اس دور میں سلطنت مغلیہ کے اقتدار، استحکام، اندرونی تنظیم اور امراء کی تنظیم کی امور سلطنت پر گرفت کا گہرا اور سنجیدہ مطالعہ کرے) زیر مطالعہ کتاب میں اسکی کوشش کی گئی ہے کہ اورنگ زیب کی وفات اور نادر شاہ کے حملہ کے درمیانی وقفہ میں امراء کا امور سلطنت کے سلسلہ میں کیا طرزِ عمل رہا۔ اور اس تنظیم میں علاقائی اور مذہبی بنیادوں پر جو فرقہ بندی ہوئی اس کا دربار کی پالیسی پر کیا اثر ہوا اور

Marfat.com

بھی اپنی قبائلی روایات کو سینہ سے لگائے ہوئے تھے۔

زیادہ سے زیادہ زمین حاصل کرنے کی کشمکش حقیقت میں قرن وسطیٰ کی سوسائٹی کا اصل مسئلہ تھی اور اس کی وجہ سے مختلف سماجی، اقتصادی اور سیاسی مسائل پیدا ہوئے تھے۔ ترک اور مغل حکمرانوں نے زمینداروں کے اختیارات کو مختلف طریقوں سے کم کرنے کی کوشش کی۔ بڑی بڑی زمینداریوں کو ان علاقوں میں جہاں ایک فرقہ کے لوگ آباد اور قابض تھے مختلف فرقوں کے لوگوں میں تقسیم کردیا گیا اور ان زمینداروں سے جو تخت کے وفادار نہیں تھے زمینیں لے کر وفادار زمینداروں کی دی گئیں۔ ساتھ ہی ساتھ زمینوں کے انتظام کے لیے ہر صوبہ، سرکار اور پرگنہ میں ایک محکمہ قایم کی گئی۔ اکبر کے زمانے میں بڑے سے بڑا شرف لیاقت کے اعتبار سے دیا جاتا تھا اور بہت سے زمینداروں کو جو اس کے اہل تھے منصب دار مقرر کیا گیا اور اس طرح زمینداروں کے جاہ طلبی کے جذبہ کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی لیکن اس کے باوجود زمینداروں کا طبقہ انتظامیہ کے لیے دردِ سر بنا رہا۔ وسطی ہندوستان، راجپوتانہ، پہاڑی علاقہ اور پورے دکنی علاقے میں زمینداروں کو بڑی قوت حاصل تھی اور ان کے بہت سے طاقتور گروہ تھے۔ جب حکومت وسیع ہوکر ان علاقوں پر قابض ہوئی تو ان زمینداروں کے پیدا کردہ مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی گئی یہ مسائل حل ہوئے یا حل نہ ہو سکے ہر حال میں ان عوامل کا سلطنت کی پالیسی پر اثر ہوا۔

اس کشمکش میں علاقائی اور لسانی جذبات بھی کبھی کبھی اثرانداز ہوئے ہیں 1317 میں امیر خسروؒ نے علاقائی زبانوں کی مقبولیت پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے "اس زمانہ میں ہر صوبہ کی اپنی ایک زبان ہے جو کسی دوسری علاقائی زبان سے مشتق نہیں ہے۔ سندھی، لاہوری، کشمیری، کباری (جموں کے علاقہ کی ڈوگری) دھر سنداری (میسور کی کناری) تلنگی (تیلگو) گوجر (گجراتی) تاماری (تامل) گوری (شمالی بنگال) بنگال، اودھ دہلی اور اس کے قرب وجوار کا علاقہ۔ یہ زبانیں قدیم زمانہ ہی سے زندگی کی ضروریات پورا کرنے کے لیے استعمال ہوتی تھیں۔"

اورنگ زیب کے دورِ حکومت میں مغلوں کی نہ صرف جاٹوں سکھوں اور پٹھانوں کے ساتھ دشمنی ہوئی بلکہ راجپوتوں اور مراٹھوں کے ساتھ بھی لمبے عرصے تک کشمکش رہی یہ سب مغل شہنشاہیت کے بڑھتے ہوئے خطرات کی نشانیاں ہیں ان کشمکشوں کی بنیادی وجوہات کے بارے میں عالموں میں اختلاف رائے ہے اہم سوال یہ ہے کیا اس تمام کشمکش کا ضروری پس منظر اورنگ زیب کی مذہبی پابندی کی پالیسی تھی یا ہر کشمکش کا پس منظر الگ تھا۔ دوسرے الفاظ میں کیا یہ سب کشمکش اورنگ زیب کی نئی مذہبی پالیسی کا نتیجہ تھی یا ان کے پس منظر میں سماجی، اقتصادی اور سیاسی وجوہات تھیں۔ ان

Marfat.com

کے پس منظر میں یہ جذبہ کارفرما تھا کہ وہ بھائی چارے اور انصاف کے اوپر مبنی ہوگی حاکمانہ طاقت مسل کے سردار یعنی زمینداروں کے ہاتھ میں رہی اس طرح اس جدوجہد کی شکل بدلتی رہی اور اس میں اقتصادی، سماجی سیاسی اور مذہبی عناصر کی شمولیت رہی۔ گرو کے دو بیٹوں کے قتل کا الزام اورنگ زیب پر نہیں بلکہ مقامی حاکموں کے سر پر ہے[21] 1705ء میں اورنگ زیب نے گرو کو معاف کر دیا اور اسے اپنے پاس دکن میں بلایا ایسا خیال ہے کہ گرو یہ چاہتا تھا کہ اورنگ زیب اسے آنند پور واپس دلا دے لیکن گرو کے وہاں پہنچنے سے قبل ہی اورنگ زیب کی وفات ہو چکی تھی۔

جاٹ یا سکھوں کی جدوجہد کو ہم صرف فرقہ وارانہ کشمکش نہیں کہہ سکتے اس کشمکش کا اقتصادی پہلو تھا کسانوں کی مغل شہنشاہیت کی طرف سے بے اطمینانی لیکن اسے واضح طور سے کسانوں کی جدوجہد بھی نہیں کہا جا سکتا کیونکہ جاٹوں اور راجپوتوں کے درمیان کشمکش حکومت اور زمیندارانہ اختیارات دونوں کے سلسلے میں تھی گرو گوبند سنگھ نے بھی ایک آزاد سکھ ریاست کی بنیاد رکھی حالانکہ ان کی مقصد برآری میں کافی وقت لگا۔

جاٹوں اور سکھوں کی کشمکش کے تقریباً ساتھ ہی ساتھ اورنگ زیب کو پٹھانوں کے آزاد حکومت کے قیام کے جذبے سے بھی دوچار ہونا پڑا یہ کوئی نئی بات نہیں تھی کابل اور دریائے سندھ کے درمیانی کوہستانی علاقے میں رہنے والے آزادی پسند بہادروں سے اکبر اور جہانگیر کو بھی لوہا لینا پڑا تھا لیکن اورنگ زیب کے دور میں پٹھان جدوجہد میں ایک نیا عنصر دکھائی دیتا ہے اور وہ ہے پٹھانوں کو منظم کر کے ایک آزاد ریاست کے قیام کی کوشش 1667ء میں یوسف زئی قبیلوں کے سردار بھاگو نے محمد شاہ نامی آدمی کو جو پرانے شاہی خاندان سے تعلق رکھتا تھا بادشاہ بنایا اور اس کے وزیر کی حیثیت سے اپنے نام کا اعلان کیا رفتہ رفتہ بہت سے قبائیلی بھاگو کے پرچم تلے جمع ہو گئے اور انھوں نے ہزارا، پشاور اور اٹک وغیرہ علاقوں پر لوٹ مار شروع کر دی۔ دس ہزار چنیدہ سپاہیوں کے ساتھ محمد امین خان نے راجہ مان سنگھ بھدوریہ وغیرہ کے ہمراہ بھاگو پر حملہ کیا کئی گھماسان جنگوں کے بعد مغل فتح یاب ہوئے لیکن 1672 میں پٹھانوں کی بغاوت پھر شروع ہو گئی۔ آفریدی سردار اکمل خان نے اپنے آپ کو بادشاہ کی حیثیت سے اعلان کیا اور سکہ و خطبہ اپنے نام سے جاری کیا دوبارہ محمد امین خان کو ان کے خلاف بھیجا گیا۔ لیکن پٹھانوں نے درہ خیبر میں مغل افواج کو گھیر لیا محمد امین خان کسی طرح جان بچا کر پشاور لوٹ گیا لیکن اس کے سارے سپاہی مارے گئے اور تمام سامان لوٹ لیا گیا اسی پسپائی کی وجہ سے تمام قبائیلی علاقے میں بغاوت کی آگ بھڑک اٹھی 1674ء میں ایک دوسرے مغل منصب دار شجاعت خاں کو درہ خیبر

Marfat.com

## حاشیہ

# تعارف

1 :- برنی کی رائے (سر سید ایڈیشن) 180 صوبہ داروں کو ہدایات آئین اکبر (N.K 1893) سرکار مغل انتظام سلطنت 60-57، 2 1/2 اجنا پرتا کے مصنف (سترہویں صدی کی ایک دستاویز) نے لکھا ہے۔ زمیندار اس پر قناعت نہیں کرتے جو ان کے قبضہ میں ہے اور نہ ہمیشہ شاہ وقت سے وفاداری کا ثبوت دیتے تھے اور ہمیشہ وہ اپنے مقبوضات کو تھوڑا تھوڑا بڑھاتے رہتے تھے تاکہ ان کی قوت میں اضافہ ہوا اور طاقت حاصل کرنے کے بعد دوسروں کے مقبوضات پر جبریہ قبضہ کرتے اور اس طرح مخالفتوں کا طوفان کھڑا کر دیتے (I.H.C. Pro 405 10)

2 :- محمد تغلق نے غیر شرعی ٹیکسوں کو اور باہر سے آنے والے مال پر جو ٹیکس لگایا جاتا تھا اس کو معاف کر دیا تھا (ابن بطوطہ 288) فیروز شاہ نے 52 غیر قانونی ٹیکس معاف کئے (فتوحات شیر شاہ، اکبر، اورنگ زیب وغیرہ نے غیر قانونی ٹیکس خصوصاً راہداری وصول کرنے کی ممانعت کے احکامات جاری کئے۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ غیر قانونی ٹیکس باوجود اس قدر ممانعتوں کے برابر وصول کئے جاتے تھے۔ (مورلینڈ 50-46، سرکار iii 85)

Marfat.com

چوتھ اور سردیش مکھی کے دکنی علاقے اور شیواجی کا سوراج بھی بخش دیا اور دیگر متعدد مراعات بھی دینا منظور کیں۔[57] اس بیان کی صداقت نہ صرف مشکوک اور غیر مستند ہے بلکہ ان مبالغہ آمیز مراعات کا کوئی بدیہی سبب نہیں معلوم ہوتا خصوصاً ایک ایسے نظر بند سردار کے لیے جس کو انفرادی طور پر مرہٹہ سرداروں کی حمایت حاصل نہ تھی۔ دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ شاہو کا پیچھا کرنے کا کوئی حکم جاری نہیں کیا گیا اور دکن کے شاہی دفاتر کو شاہو کے سلسلے میں کسی قسم کے فرمان جاری ہی نہیں کیے۔ یہ بات اس مفروضہ کو کمزور کرتی ہے کہ شاہو از خود فرار ہو گیا۔ درحقیقت شاہو نے یہ مشہور کر دیا تھا کہ وہ ایک شاہی فرمان کی تعمیل میں رہا کیا گیا ہے اس لیے آزادانہ احمد نگر کے قریب اورنگ زیب کے مزار پر حاضری دی اور شاہی افواج نے اس سے کوئی تعرض نہیں کیا۔[58]

مندرجہ بالا ان حقائق کے پیش نظر یہ نتیجہ ناگزیر معلوم ہوتا ہے کہ شاہو کی رہائی ایک سازش تھی، جس کے پیچھے مصلحت اور حکمت عملی دونوں ہی کارفرما تھیں۔ اس کی رہائی سے اعظم کی غیر موجودگی میں مرہٹے منقسم اور غیر متحد رہے اور اگر وہ مرہٹوں کا حکمراں بننے میں کامیاب ہو جاتا تو اس کے ذریعہ مرہٹوں سے ایک صلح نامہ مرتب ہو جانے کی توقع بھی نظر آتی تھی۔ بقول خفی خاں یہ قدم ذوالفقار خاں کے اشارے پر اٹھایا گیا تھا جو شاہو سے بہت زیادہ قریب تھا اور ایک عرصہ سے اس کے معاملات میں دلچسپی لیتا تھا۔[59]

دوسرے یہ کہ ذوالفقار ہی کے اشارے پر سات ہزاری سات ہزاری کے منصب اور مرزا راجہ اور مہاراجہ کے خطابات جے سنگھ اور راجیت سنگھ کو عطا کیے گئے۔ دونوں راجاؤں سے کثیر افواج کے ذریعہ اعظم کی مدد کرنے کو کہا گیا اور جے سنگھ شاہزادہ بیدار بخت کے ساتھ مالوہ کے مقام پر آکر شریک بھی ہو گیا تھا۔ دونوں راجاؤں سے اس بات پر بھی گفتگو شروع ہو گئی تھی کہ انکا وطن مالوف ان کو واپس کر دیا جائے۔ اور ان سے ایسی مراعات کا بھی وعدہ کیا گیا تھا جن کا ان کے آباء و اجداد نے تصور بھی نہ کیا تھا۔[60] یہ دو اقدامات اگرچہ خانہ جنگی کی ضرورت کے پیش نظر اٹھائے گئے تاہم یہ اورنگ زیب کی پالیسی سے گریز کی ضرور نشاندہی کرتے ہیں۔ شاید اعظم اور ذوالفقار کی نگاہوں میں اورنگ زیب کی سخت گیری کی پالیسی ناکام ثابت ہو چکی تھی، ان کے ان اقدامات سے کسی ایسی نرم پالیسی کا امکان ظاہر ہوتا تھا جو راجپوت مرہٹوں اور مغلوں کی حکومت کے درمیان کی خلیج کو دور کر سکے۔ اعظم کی زندگی نے اتنی وفا نہ کی کہ وہ اس پالیسی کو اس کے منطقی نتیجے تک پہنچا دیتا۔ اب یہ کام شاہ عالم کے کاندھوں پر آپڑا تھا اور مغلیہ سلطنت کے الجھے ہوئے مسائل کو سلجھانے کی ذمہ داری شاہ عالم کی تھی۔

Marfat.com

## حاشیہ

# باب اوّل

32:- شاہزادوں کی اوائل عمر کی سوانح کے لیے، دیکھئے مصنف سرکار کی "اورنگ زیب کا دورِ حکومت" از صفحہ 46 تا صفحہ 129- سب سے بڑا فرزند محمد سلطان 1639ء میں اس کی ہندو ملکہ نواب بائی کے بطن سے پیدا ہوا تھا۔ اس کو 1659ء میں شجاع سے مل جانے کے جرم میں قید کر دیا گیا تھا اور وہ قید ہی میں 1676ء میں لقمۂ اجل بن گیا۔ جو لڑکے زندہ بچے ان میں سے محمد معظم نواب بائی کے بطن سے 1643ء میں پیدا ہوا۔ اعظم دل بانو بیگم سے 1653ء میں اور کام بخش اودے پوری محل کے بطن سے 1670ء میں پیدا ہوا۔

33:- خفی خاں (خ - خ) صفحہ 547 ذوالفقار خاں کو اعظم کی سفارش پر "ماہی مراتب" (مچھلی کا نشان) بخشا گیا تھا۔ اگرچہ اصول یہ تھا کہ یہ نشان چھ ہزار والے منصب سے نیچے کے منصبدار کو نہیں دیا جا سکتا تھا۔ اعظم کی سفارش پر ہی اس کو سپہ سالار بھی مقرر کر دیا گیا۔ رقعات 6 ارادت 14 معاصر الامرأ مصنفہ شاہ نواز خاں جلد 1 صفحہ 310۔

34:- معاصرِ عالمگیر مصنفہ ساقی مستعد خاں صفحہ 520 د خفی خاں جلد 2 صفحات 547 48 نسخۂ دل کشا مصنفہ بھیم سین صفحہ 158- جے پور کی دکیل کی رپورٹ کے مطابق (جے پور ایکارڈس 26۔ ذی قعدہ سال 51- 26 مطابق فروری 1707 معلوم یہ ہوتا ہے کہ اعظم تمام دکمال دکن کے علاقے کا دعویدار تھا (تما دکن اعظم است) اور وہ مالوہ کو بڑی دل برداشتگی سے رخصت ہوا۔

35:- اخبارات :- ذوالفقار خاں کے شریک ہونے کی تاریخ 29 ذی الحجہ مطابق 1 اپریل 1707 ہے۔

36:- اخبارات کے مطابق 10، 25 ذی الحجہ مطابق 29 مارچ 1701۔ خفی خاں صفحہ 572- نسخۂ دلکشا 158 ب- 162 الف۔ کام ور نے 5 ہزار منصب کا ذکر کیا ہے۔

37:- معاصر الامرا جلد 3 صفحہ 877

38:- اخبارات۔ 4 محرم مطابق 29 مارچ، خفی خاں صفحہ 572۔ قاسم کا ظفر نامہ بہادر شاہ

Marfat.com

صفحہ۔ 10

39 :۔ خفی خاں صفحہ 522 اعظم نے اس کا پیچھا کرنے کے متعدد مواقع سے منہ موڑ لیا اور صرف اس مسئلہ پر فیروز جنگ اور چن قلیچ خاں کو فرمان بھیجنے پر قناعت کی۔

40 :۔ دل کشا۔ 162 الف، اعظم الحرب 188 تا 192 ؤ اخبارات 27 محرم مطابق 30 اپریل کام در۔

41 :۔ ارادت 11 12 کام ور جب سے اعظم دوران علالت 1693 میں ایک امامیہ فقیر کے زیر اثر آگیا تھا۔ تب سے اس کے بارے میں شیعی رجحانات کا شبہ پیدا ہونے لگا تھا (اورنگ زیب جلد 5 صفحہ 363) اس نے نماز جمعہ ترک کر دی تھی اور نصف سے زیادہ اس کی فوج شیعہ سپاہیوں پر مشتمل تھی۔

42 :۔ خفی خاں صفحہ 521، 583

43 :۔ اسد خاں نے اعظم کو اطلاع دی کہ خزانہ رکاب میں صرف 52 لاکھ نقد اور 13 لاکھ سونے کی اشرفیاں جبکہ سپاہیوں کی تنخواہ تقریباً ایک کروڑ کے قریب الادا تھی۔ اعظم خاں نے کہا کہ کل رقم سے سپاہیوں کی ادائیگی کی جائے تاکہ وہ خدا کو منہ دکھا سکے اور مرحوم شہنشاہ (اورنگ زیب) کے قرضوں سے سبکدوش ہو سکے (خوش حال صفحہ 8، 9)۔

44 ۔ خفی خاں صفحہ 581، 583

45 ۔ خفی خاں اردون نے جلد اول صفحہ 19 پر اس اقتباس کو غلط سمجھا ہے اور اسی لیے بالکل اس کے برعکس تحریر کیا ہے۔

46 ۔ منعم خاں کے حالات زندگی کے لیے دیکھئے معاصر الامرا مصنفہ شاہ نواز خاں جلد صفحہ 576 اور کتاب ہذا کا باب 2 جو آگے آتا ہے۔

47 ۔ ارادت و خفی خاں صفحہ 573

48 ۔ چہار گلزار شجاعی مصنفہ ہرچرن صفحہ 17

49 ۔ خفی خاں صفحہ 583 جاجو سے تیل کل افواج کی تعداد 65000 گھوڑے اور 45 ہزار پیدل کی قوت کا مظہر تھی۔

50 ۔ ویلنسٹائن صفحہ 276، نسخہ دلکشا از بھیم سین صفحہ 164 ۔ الف

51 ۔ نسخہ دل کشا صفحہ 162 الف ۔ اعظم نے ایک خاص انداز سے فاخرانہ طور طور پر اعلان

Marfat.com

لگادی تھی اور وہ ان مساجد کو منہدم کر رہا تھا جو پچھلی حکومت کے دوران مندروں کو توڑ کر بنائی گئی تھیں اور پرانے مندروں کی مرمت کرا رہا تھا اور نئے مندروں کی بنیادیں رکھ رہا تھا یہ بھی بتایا گیا کہ اودے پور کا رانا اور مہاراجہ جے سنگھ اس کی زبردست معاونت کر رہے ہیں[23]۔ اس لیے اکتوبر 9، 1707ء کو ایک جنگ کا فیصلہ کیا گیا جس کا مقصد اجیت سنگھ کو سزا دینا اور اس کے گروہ کو پارہ پارہ کر دینا تھا۔ محراب خاں کو جودھ پور کا فوجدار مقرر کیا گیا۔ ۱۰ ر نومبر کو شہنشاہ بذات خود امیر اور اجمیر کے راستہ سے راجپوتانہ کے لیے روانہ ہوا۔[24] خراماں خراماں چلتے ہوئے، شاہی لشکر جنوری 1708ء کے اواخر میں جے سنگھ کے دارالسلطنت امبر پہنچا۔ بہادر شاہ نے حکم دیا کہ چونکہ جے سنگھ اور وجے سنگھ دونوں بھائیوں کے درمیان کچھواہا کی راج گدی کے سلسلے میں تنازعہ تھا ان کی ریاست کو شاہی عملداری میں لے کر ضبط کر لیا جائے اور شہر کا نام بدل کر اسلام آباد رکھ دیا جائے اور وہاں سید احمد سعید خاں بارہ کا تقرر بطور نئے فوجدار کے کر دیا جائے۔[25] شہنشاہ نے تین روز تک امبر میں پڑاؤ کیا اور اس دوران میں شہر کے باشندے شہر سے کوچ کر کے اس کو ویران کر گئے۔ متصدی صاحبان جے سنگھ کی املاک کو ضبط کرنے کے لیے روانہ ہوئے لیکن جلد ہی ان املاک کو واپس کر دیا گیا۔ اور حکومت وجے سنگھ کو سونپ دی گئی۔[26]

یہ بات صاف طور پر واضح نہیں ہے کہ بہادر شاہ کے اس عمل کا اصل مقصد کیا تھا بظاہر یہ مترشح نہیں ہوتا کہ اس کا کوئی ارادہ امبر پر مغل حکومت کو بے واسطہ طور پر مسلط کرنے کا تھا اس نے راج گدی کے تنازعے سے فائدہ اٹھا کر تخت کو خاندان کی اس شاخ کے ہاتھ سے نکال دیا جس پر اسے بھروسہ نہیں تھا۔ اور اسے خاندان کی دوسری شاخ کے سپرد کر دیا جے سنگھ نے خانہ جنگی میں اعظم کا ساتھ دیا تھا۔ مزید برآں اس پر یہ بھی شک تھا کہ وہ اجیت سنگھ کے ساتھ مل کر جودھ پور پر حملہ کرنے کا منصوبہ تیار کر رہا تھا۔[27] دوسری طرف، جے سنگھ کا چھوٹا بھائی، وجے سنگھ کابل میں بہادر شاہ سے مل چکا تھا اور جاجو کی جنگ میں اس نے مکمل تعاون کیا تھا۔ لیکن ریاست وجے سنگھ کے حوالے فوراً ہی نہیں کی گئی۔ جیسا کہ ان معاملات میں مغلوں کا دستور تھا پہلے تو اس کو خالصہ کی تولیت میں دیا گیا تاکہ مقامی بدامنی کو روکا جا سکے اور ضروری تبدیلی سہولت کے ساتھ عمل میں آ سکے۔[28] چنانچہ ایک ہم عصر مورخ لکھتا ہے کہ میواڑ کے فوجدار سید حسین خاں بارہ کو امبر میں ایک شاہی تھانہ قائم کرنے کا حکم دیا گیا کیونکہ امبر ہی کچھواہا کے راجاؤں کا پایہ تخت تھا اور یہ اس وقت تک جب تک کہ راجہ جے سنگھ کے آدمیوں کو وہاں سے نکالا جا سکے۔[29] تاہم جب ریاست کو وجے سنگھ

Marfat.com

کرنے کے لیے آمادہ کرنے کی کوشش کی۔ عظیم الشان نے جو خود کو راجپوتوں کا دوست بنا کر پیش کرتا تھا ان سے مشرقی علاقوں کی تقرری کا وعدہ کیا اور عدم تقرری کی حالت میں وطن کو واپس جانے کی رخصت کا یقین بھی دلایا بشرطیکہ وہ دربار میں حاضر ہوں[55] لیکن راجپوت راجا ان تجویزوں میں سے کسی ایک کو بھی ماننے کے لیے تیار نہ تھے اس لیے وہ دربار میں حاضری کو ٹالنے کی کوشش کرتے تھے یہ کہیں اکتوبر 1711 میں جاکر ممکن ہوا اور وہ بھی بار بار کے بلاوے کے بعد اور چھ مہینے کی رخصت ختم ہونے کے بھی پندرہ مہینے بعد کہ دونوں راجہ دربار میں اپنے فرائض ادا کرنے کے لیے حاضر ہوئے۔[56] اس وقت تک منعم خاں فوت ہو چکا تھا اور تمام معاملات کا مرکز شاہزادہ عظیم الشان بنا ہوا تھا۔ راجاؤں کا تقرر سادھورا کے لیے کیا گیا جہاں انھوں نے "ایک بڑی فوج" کے ساتھ اپنے فرائض منصبی ادا کیے اور پہاڑ کے دامن کو باندہ والے گروہ کے حملوں سے محفوظ رکھا۔[57]

ڈھائی مہینے کے بعد جے سنگھ کو احمد آباد کھورا عرف چترکوٹ کا فوجدار مقرر کیا گیا اور راجیت سنگھ کو گجرات کے سوراٹھ کا۔[58] یہ تقرر راجپوں کی توقعات سے کہیں کم تھے۔[59] اس لیے انھوں نے وطن لوٹ جانے کی درخواست پیش کی۔ اپنے وعدہ کے مطابق شہنشاہ نے اس سے اتفاق کیا لیکن اس شرط کے ساتھ کہ وہ اپنے پیچھے ایک چوکی چھوڑتے جائیں اور جنوری 1712ء میں یہ دونوں راجے وطن کے لیے روانہ ہوئے۔[60]

اس طرح بہادر شاہ کی راجپوت پالیسی میں ایک ارتقائی تبدیلی رونما ہوئی۔ پہلے تو اس نے جودھپور پر بزور شمشیر مغلوں کا تسلط قائم رکھنا چاہا۔ اور راجپوتانہ پر اپنا اثر اس طرح بڑھانا چاہا کہ جے سنگھ کو امیر کی گدی سے ہٹا کر اس کے چھوٹے بھائی کو گدی نشین کیا اور امیر میں ایک شاہی فوجدار کو رہنے کا حکم دیا اس سے راجپوتانہ میں ایک بغاوت پھیل گئی اور وہ بھی اس وقت جبکہ بہادر شاہ دکن میں کام بخش کو زیر کرنے گیا ہوا تھا۔ کچھ حالات سے مجبور ہو کر اور کچھ دربار کے اس گروہ کے زیر اثر جو راجپوتوں کے ساتھ ایک رعایتی پالیسی کا حامی تھا، بہادر شاہ نے جے سنگھ اور اجیت سنگھ کو ان کے پایہ تخت اور آبائی علاقے واپس کر دیئے لیکن اتنے پر بھی راجاؤں کو اس قسم کے منصب دینے سے انکار کر دیا جس طرح کہ وہ چاہتے تھے۔

اس طرح راجپوتوں کے درمیان جو خلیج حائل ہو گئی تھی وہ خلیج تنگ تو ضرور ہو گئی لیکن ختم نہ کی جا سکی۔

Marfat.com

# دکن کا مسئلہ

دکن کا مسئلہ جیسا کہ پہلے ہی خوب واضح کر دیا گیا ہے ان دشوار مسائل میں سے ایک اہم مسئلہ تھا جن کا مغلوں کو سترہویں صدی کے آغاز سے سامنا کرنا پڑا۔ اور بہادر شاہ بھی زیادہ عرصہ تک اس سے بے خبر نہ رہ سکتا تھا اس مسئلہ کو دوہری نوعیت کا مسئلہ کہا جا سکتا ہے پہلے تو مغربی ساحل پر وہ علاقہ جہاں مرہٹی زبان بولی جاتی تھی اور جہاں شیواجی نے آزادی یعنی سوراج حاصل کرنے کی تحریک چلائی تھی ۔ دوسرے میسور تک دکھنی پہاڑ کا مسئلہ ایک زرخیز اور نہایت ہی فائدہ رساں علاقہ جس پر کہ اکثر شمالی فوجوں نے لوٹ مار مچائی تھی لیکن جس پر شمالی ہندوستان کی مکمل حکمرانی کا امکان شاذ ہی نظر آتا تھا۔ مغل حکمراں ایک عرصہ سے اس علاقہ کی دولت کو للچائی ہوئی نظروں سے دیکھ رہے تھے لیکن اس کو مغل سلطنت کے ماتحت لانے کی مستقل کوشش تقریباً 1776ء ہی شروع ہوئی ۔ شیواجی کے وقت سے مرہٹہ لوگ اس علاقے سے چوتھ اور سردیش مکھی وصول کر رہے تھے جو ان کی تمام مالگذاری کا 35 فی صد ہوتا تھا ۔

بہادر شاہ کی تخت نشینی کے وقت یہ مسئلہ اس سے اور بھی الجھ گیا تھا کہ وہاں سلطنت کا ایک دعوے دار موجود تھا یعنی کام بخش جس نے اپنا سکہ بھی رائج کر رکھا تھا اور جو اپنے نام کا خطبہ بھی پڑھواتا تھا اور اس طرح گویا اس نے اپنی آزادی اور خود مختاری کا اعلان کر دیا تھا۔ اورنگ زیب نے پٹھار پر چڑھائی کر کے وہاں کی خود مختار سلطنتوں کا خاتمہ کر دیا تھا۔ اس دوہرے مسئلہ کو سلجھانے کے لیے یعنی ان علاقوں میں یکساں نظم و نسق قایم کرنے اور مرہٹوں کی بغاوت کو دبانے کے لیے اورنگ زیب نے اپنی عمر کے آخری چھبیس سال دکن ہی میں گزارے تھے ۔

لیکن ان دشواریوں کے باعث جن کا پہلے ہی ذکر کیا جا چکا ہے صرف محدود کامیابی حاصل ہوئی اس کے مرنے کے بعد مسئلہ اور بھی الجھ گیا ۔ امراء پہلے ہی سے دکن میں اس طویل قیام سے دل شکستہ ہو چکے تھے کیونکہ وہ شمالی ہند سے سینکڑوں میل دور تھے جس کو کہ وہ اپنا اصلی وطن سمجھتے تھے۔ کسی نئے حکمراں کے لیے اتنا اثر قایم کر لینا آسان نہ تھا جو ان کو دکن میں مزید قیام کرنے پر مجبور کر سکتا ۔ علاوہ ازیں دکن ہی پر مستقل توجہ مرکوز کیے رہنا شمالی ہند کے لیے نقصان رساں ہو سکتا تھا جبکہ مغل سلطنت شمالی ہندوستان کے وسائل کے بل بوتے پر قایم تھی ۔

Marfat.com

اورنگ زیب کی طرف جو سلطنت کو دو حصوں میں منقسم کرنے کی تجویز منسوب کی جاتی تھی اس کا مقصد بظاہر دونوں مسئلوں کا حل کرنا معلوم ہوتا تھا یعنی مغل سلطنت کا پورے ملک پر تسلط قایم ہو جانا اور ساتھ ہی ساتھ دکن میں ایک ایسا دفاعی مرکز قایم کرنا جو مرہٹوں کے خطرے پر قابو پانے کے لائق مضبوط اور طاقتور ہو۔ اس تجویز کے ماتحت ملک کو تین حصوں میں تقسیم کر دیا گیا پہلا گولکنڈہ اور بیجاپور کے زیر اثر علاقہ تو کام بخش کو سونپ دیا گیا۔ دوسرا جس میں دکن کے باقی چار صوبے اور مالوہ، گجرات اور آگرہ شامل تھے یہ علاقہ اعظم شاہ کو دے دیا گیا تھا اور تیسرا جس میں بقیہ سلطنت شامل تھی بہادر شاہ کے سپرد کر دیا گیا تھا۔[61]

جاجو کی جنگ سے قبل بہادر شاہ نے اس وصیت کو قبول کر لیا تھا اب اس نے کام بخش کے سامنے بھی بالکل ایسی ہی تجویز رکھی۔ ایک خط میں جو کام بخش کو حافظ احمد مفتی عرف معتبر خاں کے ذریعہ بھیجا گیا۔ بہادر شاہ نے تحریر کیا کہ ہمارے والد ماجد نے بیجاپور کا صوبہ تمہارے سپرد کیا تھا اب ہم تمہارے لیے بیجاپور اور حیدر آباد کے دو صوبے مع کل رعایا املاک و ساز و سامان چھوڑتے ہیں اس شرط پر جو دکن کا قدیمی اصول بھی ہے کہ سکے ہمارے نام سے ڈھلیں گے اور خطبہ بھی ہمارے نام ہی کا پڑھا جائیگا وہ خراج جو اب تک ان دونوں صوبوں کے صوبے دار پیش کرتے تھے اسے بھی ہم چھوڑتے ہیں۔ تمہارے لیے لازم ہے کہ عوام الناس کے ساتھ انصاف کرو حکم عدولی کرنے والوں کو سزا بھی دو اور اس علاقے کے ظالموں اور لٹیروں قلع قمع کر دو۔[62]

یہ کہنا کچھ آسان نہیں ہے کہ کیا بہادر شاہ اس پیش کش میں سچائی اور صداقت سے کام لے رہا تھا ہو سکتا ہے کہ اسکو یہ توقع ہو کہ بیجاپور اور گولکنڈہ کی قدیم سلطنتیں ایک تیموری حکمراں کے تسلط میں آکر اندرونی طور پر امن و امان برقرار رکھ سکیں گی اور اسی کے ساتھ مرہٹوں کا سدباب بھی ہو سکے گا۔[63] اور اس قسم کی سلطنت ہندوستان گیر تیموری حکمرانی کے اصول سے منافی بھی نہ ہوگی لیکن اس تجویز پر عمل درآمد ہونے کا موقع میسر ہی نہیں آیا کیونکہ کام بخش نے حقارت کے ساتھ اس تجویز کو مسترد کر دیا جو بہادر شاہ نے پیش کی تھی اس سے مورخین کو کام بخش کے کاندھوں پر ہی معصوم اور بے گناہ مسلمانوں کی خونریزی کا الزام دھرنے کا موقع مل گیا۔[64]

اگر کام بخش نے بیجاپور اور گولکنڈہ کے سبھی اہم قلعوں پر کوئی موثر قبضہ کر لیا ہوتا ، اپنے امرائ کا اعتماد اور تعاون حاصل کر لیا ہوتا اور مرہٹوں سے بھی اس کی کوئی مفاہمت ہوگئی ہوتی تو کام بخش یقیناً بہادر شاہ کے لیے ایک زبردست خطرہ بن سکتا تھا۔ کام بخش نے مرہٹوں سے گفت و شنید

Marfat.com

جاسکتا تھا۔ لیکن پچھلے شک و شبہات اور مغلوں کا احساس عزود اس مفاہمت کے راستہ میں حائل تھا۔ چوتھ اور سردیش مکھی۔ کہ معاہدہ کو مغلوں کا معرض تحریر میں لانے سے انکار کرنا ان شک و شبہات کو زندہ رکھے ہوئے تھا اور یہ اس معاہدے کے عارضی ہونے کی نشاندہی کرتا تھا دکن میں اہل کاروں کے فریب اور شاہو کی وطن دشمنی کا اثر بھی بدامنی کی صورت میں رونما ہوتا تھا اور اس سے مرہٹوں کی خانہ جنگی جاری رہنے میں مدد مل رہی تھی۔

## سکھوں کی بغاوت

4 مئی 1710 جبکہ شہنشاہ نرمدا کے قریب فروکش تھا لاہور کے دیوان نے خبر بھیجی کہ ایک شخص مسمی گرو گووند کی رہبری میں لاہور کے قرب و جوار میں اور سرہند میں سکھوں نے شورش برپا کر دی تھی۔ شہنشاہ نے متعدد فوجداروں کو مناسب اقدامات کرنے کا حکم دیا لیکن یہ شورش تیزی سے پھیلتی گئی اور 22 مئی 1710 کو سرہند کا فوجدار وزیر خان شکست کھا کر مارا گیا اور شہر تاراج کر کے زیر و زبر کر دیا گیا۔[82]

اورنگ زیب نے مقامی پہاڑیوں کے راجاؤں کے تعاون سے اور دیگر اونچی ذات کے معاونین کی مدد سے اور زبردست دباؤ کے ذریعہ گورو گووند کی شورش کو ناکام کر دیا تھا لیکن اس بغاوت کے پس منظر میں جو اسباب تھے وہ ابھی تک برقرار تھے۔[83] جب بہادر شاہ لاہور سے چلا کر اعظم کے خلاف تخت نشینی کے لیے طاقت آزمائی کرے، گورو گووند نے چند ہمنواؤں کی معیت میں بہادر شاہ کا ساتھ دیا تھا جس کے لیے انھیں منصب بھی بخشا گیا تھا۔ گرو جاجو کی جنگ میں بھی شامل تھا اور بعد ازاں وہ بہادر شاہ کے ساتھ راجپوتانے اور دکن بھی پہنچا۔ دسمبر 1708 میں خبر ملی کہ گرو کی وفات ہو گئی اور وہ کافی جاگیر چھوڑ گئے۔ بہادر شاہ نے ان کی جائیداد پر خاتون ضبطی لاگو نہیں کیا۔ کیونکہ اس کو کسی درویش کی جاگیر کی ضرورت نہ تھی پنجاب میں بظاہر امن و سکون قائم رہا۔ یہاں تک کہ ڈیڑھ سال بعد ایک شخص مسمی باندا کی رہبری میں جو خود کو گورو گووند سنگھ بتاتا تھا، سکھوں کی شورش دوبارہ رونما ہوئی۔ یہ زمانہ توہم پرستی کا زمانہ تھا اس لیے عوام کو متاثر کرنا بھی آسان تھا۔ تمام ہم عصر مورخین اس پر متفق ہیں کہ گرو نے پست اقوام یعنی جاٹ اور کھتریوں کے تعاون کو ہی اپنی شورش کی بنیاد بنایا ان لوگوں میں ایسے پست پیشہ ور بھی شامل تھے جیسے کہ بھنگی، چمار، اس جھوٹے گرو باندا نے سات آٹھ ہزار آدمیوں کو اپنے جھنڈے کے نیچے جمع کر لیا اور شروع میں تو اس کے پاس چار، پانچ ہزار

Marfat.com

بھائیوں کے خلاف نصیب ہوئی۔ 29 مارچ 1712 کو بہادر شاہ کی وفات کے ایک ماہ بعد جہاندار شاہ باقاعدہ طور پر تخت نشین ہوا اور اسی کو شہنشاہ بننے کا فخر نصیب ہوا۔

## ذوالفقار خاں بطور وزیر اعظم، اس کے اختیارات اور اس کا مقام

جہاندار شاہ کی تخت نشینی کے بعد ذوالفقار خاں اپنے حق کی بنا پر وزیر بن گیا۔ وہ دکن کی نائب حکمرانی پر بھی قایم رہا جسے وہ اپنے نمائندہ داؤد خاں کے ذریعہ چلاتا رہا۔ مزید براں، اس کو نئے شہنشاہ کے ہاتھوں ایک عدیم المثال منصب یعنی دس دس ہزار دو اسپ کا منصب عطا ہوا[21]۔ اور اس کو ایک شہزادہ کا منصب اور اختیارات حاصل ہو گئے۔[22] اس کا باپ پہلے کی طرح وکیل مطلق کے منصب پر قایم رہا اور اس کو (غیر موجودگی میں) گجرات کی صوبہ داری اور بارہ بارہ ہزار کے منصب بھی عطا کئے گئے۔ جہان دار اس کی بڑی عزت کیا کرتا تھا اور اس کو (عموی) یعنی چچا کے نام سے پکارتا تھا۔[23] لیکن اسد خاں سیاسی معاملات میں دلچسپی لینے سے گریز کرتا اور شاذ ہی دربار میں جاتا تھا۔ کل اختیارات ذوالفقار خاں کے ہاتھ میں تھے اور امن و جنگ کے کل معاملات میں جہاندار اسی کے شورے کے مطابق عمل کرتا تھا۔[24] ذوالفقار خاں کے مقربین میں سے ایک امیر عبدالصمد خاں[25] کو سات ہزار کا منصب دے کر صدر بنایا گیا۔ ذوالفقار خاں کے دیوان سبھا چند کو راجہ کا خطاب دیا گیا اور اس کو دیوان خالصہ شریفہ یعنی شاہی زمینوں کا دیوان مقرر کیا گیا۔[26]

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ذوالفقار خاں نے گویا اپنی حسرت پوری کر لی تھی۔ لیکن اسے جلد ہی محسوس ہوا کہ وہ اتنے اثرات اور اختیارات کا مالک نہیں تھا جتنا وہ خود کو حقدار سمجھتا تھا اس کا سبب ان شاہی مقربین کی خفیہ مخالفت تھی جو وزیر کے سلسلے میں شہنشاہ کے کان بھرتے رہتے تھے اور انتظامی معاملات میں مداخلت کرتے رہتے تھے۔ ان مقربین میں سے خاص کوکل تاش خاں یعنی شہنشاہ کا دودھ شریک بھائی (کوکا) تھا ایک عرصہ تک کوکل تاش جہاں دار شاہ کا رفیق ہمراز اور مشیر تھا اور اس شاہزادہ کے تمام معاملات کا وہی منتظم اور ذمہ دار تھا۔ جہاندار نے شہنشاہ بن جانے پر کوکل تاش کو وزیر بنانے کا وعدہ کیا تھا۔[27] کوکل تاش وزارت نہ ملنے پر سخت خفا تھا لیکن حالت کے تحت جو ہوا وہ ناگزیر تھا۔ نہ صرف کوکل تاش بلکہ اس کا کل خاندان اس کی والدہ، اہلیہ اور دختر جن کا کہ شاہی خاندان سے بہت قریب کا تعلق تھا، وزارت سے اس کو بے حق کئے جانے پر نہایت رنجیدہ تھے وہ ذوالفقار خاں کے تبدیل کئے جانے کے سلسلے میں مستقل کوشاں رہا کرتی تھیں

Marfat.com

وہ جہاں دار کے خدشات کو ہوا دیتیں اور اس کو یقین دلانے کی کوشش کرتیں کہ امیرالامرأ کے حوصلے ایک ماتحت کی حیثیت سے کہیں بڑھ کر تھے اور وہ ہوس کو پورا کرنے کے لیے حکمرانوں اور ان کے شاہزادوں کا خون بہلنے سے بھی باز نہ رہے گا۔ مزید یہ کہ وہ پہلے ہی بغاوت کا ارادہ کر چکا تھا۔ یا تو وہ تخت و تاج کو اپنے لیے حاصل کرے گا اور اگر اس نے اس میں خطرہ دیکھا تو وہ حکومت کو علی تبر خاں (یعنی عظیم الشان کا وہ بیٹا جو زندہ رہ گیا تھا) کے حوالے کر دے گا یا وہ مقید شاہزادوں میں سے کسی کو بھی جو بادشاہ سلامت کے علاوہ اس کو مفید اور پسند خاطر نظر آئے گا[28] حکومت کا سربراہ بنا دے گا۔ جہاں دار نے ان اشارات کا بہت اثر لیا کیونکہ وہ وزیر کی انتہائی تیزی وطراری کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتا تھا اور اس کو یقین تھا کہ کوکل تاش بطور وزیر کے اس کے خواہشات کے مطابق عمل کرنے والا ثابت ہوگا۔ چنانچہ کوکل تاش کو نو ہزاری نو ہزاری منصب سے نوازا گیا۔[29] اور اس کو میر بخشی کا عہدہ سپرد کیا گیا اور اس کے بھائی اعظم خاں کو آٹھ ہزاری منصب تک ترقی دی گئی اور آگرہ کا صوبیدار مقرر کیا گیا جبکہ اس کا برادر ہم زلف، خواجہ حسن خاں دوراں کو بھی آٹھ ہزاری منصب کی ترقی دی گئی اور اس کو بخشی دوئم مقرر کیا گیا۔[30] کوکل تاش کے ساتھ سعداللہ خاں بھی شریک کیا گیا جو کہ خان سامانی کے عہدہ پر فائز تھا اور پانچ ہزاری منصب رکھتا تھا اور دربار میں بڑا اثر رسوخ اور وقار رکھتا تھا۔[31] منعم خاں کے انتقال کے بعد، سعداللہ خاں سے ذوالفقار خاں کو وزارت سے علیحدہ رکھنے میں بہت کام لیا گیا تھا اور اسی لیے وہ مؤخرالذکر کے زہر آلود ارادوں سے بہت خائف رہتا تھا۔

شہنشاہ کی پس پردہ اعانت کے سہارے اس باثر جماعت نے اعلانیہ انتظامی معاملات میں مداخلت اور وزیر کے اختیارات کو نظر انداز کرنا شروع کر دیا۔ چنانچہ کوکل تاش کے مشورہ پر، سربلند خاں کو، بغیر وزیر کے مشورہ کے گجرات کا نائب گورنر مقرر کر دیا گیا۔ وزیر کی مرضی کے خلاف اسی کے مشورہ سے[32] خواجہ حسن خاں دوراں کو جسے خفی خاں اس وقت کے کمترین انسانوں میں شمار کرتا ہے شاہزادہ عزیزالدین کا اتالیق مقرر کیا گیا جبکہ وہ بہار کی طرف فرخ سیر کی پیش قدمی کو روکنے کی مہم میں لگا ہوا تھا۔ وزیر کی رائے یہ تھی کہ کسی تجربہ کار اور پرانے امیر کو اس کام کے لیے مقرر کیا جانا چاہیے تھا۔ جبکہ ایک معاصر مورخ کے الفاظ میں خواجہ حسن خاں دوراں نے کبھی ایک بلی کو بھی نہ مارا تھا۔[33] کوکل تاشی جماعت کے علاوہ ایک دوسری جماعت بھی تھی جو شہنشاہ کی ہردلعزیز ملکہ، لعل کنور اس کے رشتہ داروں دوستوں اور ہم نشینوں پر مشتمل تھی۔ یہ جماعت بھی ذوالفقار خاں کی مخالف تھی۔ لعل کنور جس کو ایک رقاصہ کہا جاتا ہے۔[34] ایک مدت سے جہاندار کی نور نظر تھی۔ اس کے تخت نشین

Marfat.com

ہونے پر لعل کنور کے مراتب بھی بلند ہوئے یہاں تک کہ اسے شاہی نشان اور ڈھول تاشوں کے ساتھ فوج کی نقل و حرکت کو ملاحظہ کرنے کا بھی اختیار دیا گیا گویا کہ وہ خود شہنشاہ بن گئی تھی۔ پانچ سو شراف سپاہ (احادیث) اس کے جلوس چلتے تھے[35]۔ وہ شہنشاہ کی مستقل ہم جلیس تھی اور اس طرح وہ زبردست اثر و رسوخ کی مالک تھی۔

لعل کنور کی ذوالفقار خاں سے مخالفت کی وجہ یہ تھی کہ وزیر اس کے نئے منصب یافتہ رشتہ داروں کی ان کے منصبوں کے مطابق عزت نہیں کرتا تھا۔ اور ان کو ایسے منصبوں اور مرتبوں کا حق دار نہیں مانتا تھا جو شریف خون کے لوگوں کے لیے مخصوص تھے۔ چنانچہ لعل کنور کے ایک بھائی کو ایک صوبہ کا گورنر مقرر کئے جانے کی تجویز کو ذوالفقار خاں نے یہ کہکر رد کر دیا تھا کہ اس سے امرائیں بے اطمینانی پھیلے گی[36]۔ ایک دوسرے موقع پر لعل کنور کے بھائی خوش حال خاں کو وزیر اعظم کے حکم سے اس جرم کی پاداش میں گرفتار کرلیا گیا کہ اس نے ایک شادی شدہ عورت پر دست درازی کی تھی۔ اس کی املاک ضبط کرلی گئی اور اس کو سامو گڑھ کے قلعہ میں نظر بند کر دیا گیا۔ لعل کنور کو دخل اندازی کرنے کی مجال نہ تھی[37]۔

ہم عصر مصنفین، متعدد ایسی داستانیں بیان کرتے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ جہاندار شاہ بعض اوقات اخلاق کے معمولی معیار سے بھی گر جاتا تھا اور شاہی عظمت و جلالت کی اہانت کرنے پر آمادہ ہو جاتا تھا[38]۔ لعل کنور شاہی تقرب اور سرپرستی حاصل کرنے کا ایک ذریعہ بن گئی تھی چنانچہ بتایا جاتا ہے کہ اس کی ایک دوست زہرہ کے دروازے پر جو باعتبار پیشہ ایک سبزی فروش تھی، صبح سے شام تک ایسے لوگوں کا مجمع لگا رہتا تھا جو ترقی و تقرب کے خواہاں رہتے تھے[39]۔ لعل کنور کے متعدد اعزا اور احباب نے بھی اس کے علوی مرتبت سے زبردست فائدے اٹھائے چنانچہ اس کے بھائیوں میں سے تین بھائی سات ہزاری اور پانچ ہزاری منصب پر فائز ہوئے اور انھیں نہایت زرخیز جاگیریں ملیں اور ایسے عہدے ملے جن کے ساتھ فوائد تو وابستہ تھے مگر ذمہ داریاں نہ تھیں[40]۔

قدرتی طور پر امرا اور عہدے داران، شہنشاہ کا ایک عام عورت سے تعلق دیکھ کر بڑی اہانت محسوس کرتے تھے جو ایک حقیر پیشہ سے علاقہ رکھتی تھی اور اس کے عزیز و اقارب کو اپنے ہم مرتبہ عہدہ دار دیکھ کر انھیں اپنی تحقیر محسوس ہوتی تھی۔ دوسری طرف نور نظر ملکہ کے متعلقین اپنی تازہ اہمیت کے احساس کو مشکل ہی سے چھپا سکتے تھے چنانچہ انھوں نے اپنی جسارت اور گستاخیوں سے

Marfat.com

ہر طبقہ کو اپنا مخالف بنا لیا تھا۔[41] لیکن سیاسی معاملات میں لعل کنور کے اثرات کو مبالغہ آمیز انداز میں نہیں دیکھنا چاہیئے۔ اس بات کا یقین کرنے کے لیے کوئی ثبوت موجود نہیں ہے کہ لعل کنور کی عزت افزائی سے کم ذات لوگوں کی بھاری تعداد کو امرائے کے عہدہ تک پہنچنے کا موقع مل گیا۔ لعل کنور کے رشتہ داروں کا بھی دربار سے متعلق کسی اہم جگہ پر تقرر نہیں کیا گیا تھا اور کوئی ایسا عہدہ نہیں دیا گیا تھا جس سے انتظامی ذمہ داریاں وابستہ ہوں۔ لعل کنور کا اثر غیر سیاسی اثر تھا اور اس کے اور نور جہاں کے درمیان مطابقت یا مماثلث کی کوشش کرنا گمراہ کن ہوگا۔[42] تاہم محض اس کا شاہی تقرب اور تعلق سے منسلک ہو جانا ہی وزیر کے مرتبہ کی بلندی اور اس کے ذرائع آمدنی پر اثر انداز ہوئے بغیر نہیں رہ سکا کیونکہ شہنشاہ سے ملاقات کرنے والوں اور اس کا قرب حاصل کرنے والوں سے ملنے والی رقوم آمدنی کا ایک قابل لحاظ اور باعزت ذریعہ مانا جاتا تھا۔ لعل کنور اور ذوالفقار خاں کے درمیان مخاصمت کی اصل وجہ یہ تھی۔

اندرونی رقابتوں کے ابھرنے سے حکومت کا پورا نظام درہم برہم ہو گیا۔ ذوالفقار زبردست اثر کا مالک تھا اور جہاں دار میں نہ تو اس کو برخاست کرنے کی جرات تھی اور نہ وہ کھلے طور پر کسی معاملہ میں اس سے اختلاف ہی کر سکتا تھا۔[43] چنانچہ اس نے وزیر سے پیچھا چھڑانے کی خفیہ تدابیر شروع کر دیں اور اس طرح اس نے ایک زہر آلود فضا بیدار کی جس سے انتظام سلطنت کی کوئی شاخ اور کوئی شعبہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔[44]

## ذوالفقار خاں کا طرز سیاست اور انتظام

اس پس منظر میں ذوالفقار خاں نے ہندو رائے عامہ کو مطمئن کرنے اور حکومت اور راجپوتوں اور مرہٹوں کے درمیان کی خلیج کو مندمل کرنے کے لیے یہ اقدامات کئے تھے تاکہ دربار میں اس کا اقتدار مستحکم ہو سکے یہ ضرور ہے کہ ان اقدامات کی صحت پر وہ یقین رکھتا تھا۔

ہم پہلے ہی دیکھ چکے ہیں کہ اعظم کے مختصر دور حکومت میں ذوالفقار خاں کے اشارے پر شاہو کو نظر بندی سے رہا کر دیا گیا تھا۔ اور جے سنگھ اور اجیت سنگھ کو علی الترتیب سات ہزاری ذات سات ہزاری سوار منصب اور مرزا راجہ اور مہاراجہ کے خطابات بخشے گئے تھے۔ لیکن بہادر شاہ کے دور حکومت میں امن پسندی اور صلح وارتباط کی پالیسی بہت زیادہ کامیاب نہ ہو سکی جیسا کہ مندرجہ بالا اقدامات کے بعد توقع کی جاتی تھی۔

Marfat.com

ذوالفقار خاں نے جہاندار کی حکومت میں وزیر بننے کے بعد پھر اپنی پچھلی پالیسی کو اختیار کیا۔ سب سے اول تو جزیہ ختم کر دیا گیا[45] جو ہندوؤں کے لیے ایک تفریق اور تنگ نظری کی علامت بن گیا تھا، ان لوگوں میں اعتماد پیدا کرنے کی غرض سے اٹھا لیا گیا۔ اس طرح راجپوتوں اور مرہٹوں سے دوستانہ تعلقات پیدا کرنے کے لیے راستہ ہموار کیا گیا۔ اس کے بعد، جے سنگھ اور اجیت سنگھ کو سات ہزاری ذات سات ہزاری سوار منصب دیئے گئے اور علی الترتیب ان کو مرزا راجہ سوائی اور مہاراجہ کے خطابات بخشے گئے۔[46] اس کے فوراً بعد ہی جے سنگھ کو مالوہ کا اور اجیت سنگھ کو گجرات کا صوبہ دار مقرر کیا گیا جے سنگھ کی موروثی حکومت میں مندسور کا اضافہ کر دیا گیا۔ اس طرح اجیت سنگھ کو بھی سوراٹھ، پلٹن اور ایدار کے علاقے بخش دیئے گئے لیکن اس کو مجبور کیا گیا کہ ناگور اندر سنگھ کو اور کشن گڑھ اور روپ نگر راج سنگھ واپس دے دے عام طور پر راجگان مطمئن تھے یا اس کی وجہ یہ تھی کہ راجپوت وکیل کے بقول شہنشاہ نے ہماری تمام ہی عرضداشتیں منظور فرمالیں۔[47] مرہٹوں کے سلسلے میں دکن کے انتظامات میں کوئی مداخلت نہیں کی گئی اور ان کو بدستور قائم رکھا گیا داؤد خاں کے معاہدہ میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ بہر حال ایک نئی تبدیلی یہ ضرور ہوئی کہ راجہ رام (کولھاپور کی شاخ سے منسوب) کے بیٹے شواجی دوم کو تین ہزار ذات اور دو ہزار سوار کا منصب اور انوپ سنگھ کا خطاب دیا گیا۔ ایک خلعت اور حیدر آباد کی دیش مکھی بخشنے کا ایک فرمان بھی اس کو بھیجا گیا۔[48] اس سے کولھاپور شاخ کا شاہی جاگیر تسلیم کیا جانا ظاہر ہوتا ہے جو ستارا شاخ سے کم مرتبہ تو ضرور تھی (جیسا کہ اس کے حکمراں کو چھوٹا منصب دیئے جانے سے ظاہر ہوتا ہے) تاہم یہ موخرالذکر اس سے کسی بھی طرح ماتحت نہ تھی۔ اس طرح ذوالفقار خاں نے پیش نظر مسائل کے ایک ایسے حل کی طرف قدم بڑھایا جو کہ مرہٹوں کے ایک گروہ کی ہمدردی حاصل کر سکتا تھا اور اسی کے ساتھ شاہی مفادات سے بھی مطابقت رکھتا تھا حدود کی تقسیم کی تجویز کو شاہو نے تارا بائی کے سامنے 1708 ہی میں پیش کر دیا تھا لیکن اس نے اس تجویز کو ٹھکرا دیا تھا۔[49] نتیجہ یہ ہوا کہ خانہ جنگی برقرار رہی اور اس کے سبب دکن میں بھی بدامنی قایم رہی اور دونوں دعویدار مرہٹہ اقوام شاہی سرحدوں پر چھاپہ مارتی رہیں۔[50] مہاراشٹر کی تقسیم میں شہنشاہی حکومت کا بیہی مفاد تھا یعنی اس سے مرہٹوں کے حوصلوں پر ایک قدغن لگی رہی۔ ایسے اقدام کے لیے شاہو بھی کوئی حق بجانب شکوہ نہ کر سکتا تھا کیونکہ وہ تارا بائی کی سرکوبی کرنے میں ناکام رہا تھا اور اس زمانے میں وہ اس سے بہت تنگ آیا ہوا تھا۔[51] 1711 میں تارا بائی نے مغل

Marfat.com

دربار میں اپنا ایک وکیل، آیا مل نام کا گفتگو کرنے اور معاملات طے کرنے کے لیے بھیجا تھا۔ اس سفیر کو اودے پور ٹھہرنے کا حکم ملا۔ اور وہیں سے گفتگو کرنے کا مشورہ دیا گیا۔[52] اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہوا کا رخ کیا تھا۔ سوراج کے علاقے کی تقسیم اور دکن کی چوتھ اور سردیش مکھی دونوں شاخوں کے درمیان تقسیم ان شاخوں کا علیحدہ علیحدہ وجود تسلیم کئے جانے کا ایک لازمی نتیجہ تھا۔ حیدرآباد کی دیش مکھی کا کولھاپور شاخ کو ملنے کا حکم بھی اس سمت ایک اقدام ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اس سلسلے میں ذوالفقار خاں کا عمل ایک اور نہایت زیرک سیاست داں نظام الملک کے عمل کی طرف اشارہ کر رہا تھا جس نے آئندہ ستارا شاخ کے مقابل کولھاپور شاخ کو کھڑا کر کے ستارا شاخ کو زیر کرنے کی کوشش کی۔

سکھوں کے سلسلے میں ذوالفقار خاں کیا پالیسی اختیار کرنا چاہتا تھا اس کی وضاحت کے لیے کوئی اشارہ نہیں ملتا۔ اس نے محمد امین خاں کو بندہ کے خلاف مہم جاری رکھنے کے لیے مقرر کیا اس طرح بظاہر اس نے بہادر شاہ و منعم خاں کی جبر و تشدد کی پالیسی ہی کو برقرار رکھا۔ گورو گوبند کا متبنیٰ لڑکا اور اس کا قانونی طور پر مانا ہوا روحانی جانشین اجیت سنگھ مع اپنی والدہ کے مغل دربار میں موجود تھا اور اس کو ایک شاہی منصب بھی ملا ہوا تھا۔[53] شاید اس سے قبل کہ اجیت سنگھ کی امداد کی جائے یا اس کو مطمئن کرنے کے لیے کوئی اقدام کیا جائے۔ بندہ (جھوٹے گرد) کی بغاوت کو کچلنا ضروری معلوم ہوا۔

جالون اور بندیلوں کے سلسلے میں، بہادر شاہ کے زمانے کی حالت میں کوئی تبدیلی نہیں لائی گئی چھتر سال اب بھی ایک وفادار جاگیر دار تھا اور اس کو فرخ سیر کے خلاف مہم میں شاہزادہ عزالدین کی اعانت کے لیے طلب کیا گیا۔[54] چورامن جاٹ نے 'لاہور کی جانشینی کی جنگ میں عظیم الشان کا ساتھ دیا تھا۔ لیکن اس کو بھی معاف کر دیا گیا اور شہنشاہ کے سامنے اس کو آنے کی عزت بخشی گئی اور اس کا وہی منصب بحال کر دیا گیا جو 1707 میں منعم خاں نے اس کے لیے حاصل کیا تھا۔[55]

ذوالفقار خاں کی یہ کوشش تھی کہ امن پسندی کی پالیسی کی طرف رجعت کر کے حکومت کو گویا کچھ اور مدت کی زندگی حاصل ہو جائے لیکن اسی کے ساتھ اس نے جو سیاسی اور انتظامی اختیارات کو اپنے ہاتھوں میں مرکوز کر لینے کی کوشش کی اس سے قدرتی طور پر اورنگ زیب اور بہادر شاہ کے وقت کے قدیم امرا میں سخت رد عمل ہوا۔ اس وقت پرانے امرائیں سے سب سے طاقت ور جماعت چین قلیچ خاں اور محمد امین خاں کی تھی۔ اس خاندان کی جماعت اور ذوالفقار خاں کے خاندان

Marfat.com

کے مابین جو رقابت تھی اس پر پہلے ہی روشنی ڈالی جا چکی ہے۔ بہادر شاہ کے دور حکومت میں چن کا خاندان پس پردہ ہی رہا۔ چن قلیچ خاں مطمئن نہیں تھا۔ اس لیے وہ اپنے منصب سے مستعفی ہو کر دہلی میں گوشہ نشینی کی زندگی گزار رہا تھا۔ محمد امین خاں کو مراد آباد کا فوجدار بنایا گیا اور اس کو سکھ گرو کا تعاقب کرنے کا حکم ملا۔ آئندہ خانہ جنگی کے اندیشہ سے عظیم الشان نے چن قلیچ خاں سے رسوخ پیدا کیا۔ اور کسی بہت اونچے منصب کا وعدہ کر کے اس کو اپنی طرف ملا لیا تھا۔ جب چن قلیچ خاں نے بہادر شاہ کی موت کی خبر سنی، اس نے ایک فوج جمع کی اور لاہور کا رخ کیا۔ لیکن وہ ابھی دہلی سے ایک ہی منزل تک گیا تھا کہ اسے عظیم الشان کی شکست اور اس کی وفات کی اطلاع ملی۔ چنانچہ اس نے اپنے سپاہیوں کو رخصت کر دیا اور دہلی لوٹ آیا۔[56]

جب ذوالفقار خاں وزیر بن گیا وہ اپنی طاقت سے چن قلیچ خاں کا ہمیشہ کے لیے قلع قمع کرنا چاہتا تھا۔ لیکن عبد الصمد خاں کی درخواست پر جو (عبد الصمد خاں) ایک دوسرا تورانی امیر تھا شادی کی نسبت سے وہ چن خاندان سے منسلک تھا اور ذوالفقار خاں کا حاشیہ نشین بھی تھا۔ اسد خاں نے مداخلت کی اور ذوالفقار خاں کو اپنے ارادوں سے باز رہنے پر مجبور کر دیا۔ جہاندار کے دہلی پہنچنے کے بعد چن قلیچ خاں کو اس کے سامنے پیش کیا گیا اس وقت اس کو پانچ ہزاری کا منصب اور مالوہ کی صوبہ داری کا عہدہ سپرد کیا گیا۔[57] لیکن خان اب بھی مطمئن نہیں تھا اور وہ اپنے عہدے اور منصب سے مستعفی ہو گیا۔[58] محمد امین کو سکھ گرو کا پیچھا کرتے رہنے کے کام پر ہی مستقل کر دیا گیا اور اس طرح وہ دربار سے دور ہی رہا۔

اس طرح یہ طاقتور گروہ غیر مطمئن تو تھا ہی درہم برہم بھی ہو گیا۔ ذوالفقار خاں نے چن قلیچ خاں کو مطمئن کرنے کے لیے کوئی اقدام نہیں کیا۔ اگر چہ ایک موقع پر اس نے موٴخرالذکر کی ہم نوائی اس وقت کی جبکہ اس کے (چین کے) سپاہی زہرہ کے سپاہیوں سے برسرِ پیکار ہو گئے۔ زہرہ لعل کنور کی دوست تھی اور وہ شہر کی ایک تنگ گلی سے گزر رہی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ زہرہ نے چین قلیچ کی ان الفاظ سے اہانت کی کہ "اے اس نابینا کے فرزند" اس پر خاں کے ہمراہیوں نے زہرہ کے ملازمین کی خوب سرکوبی کی زہرہ نے لعل کنور سے شکایت کی اور اس نے شہنشاہ سے اس سلسلے میں گفتگو کی! لیکن چن اس سے قبل ہی ذوالفقار خاں سے مل چکا تھا۔ جس نے چن کی ہم نوائی کی اور اس کے نتیجہ میں جہاں دار کو اس کے خلاف اقدام کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔[59]

جب عظیم الشان کے فرزند، فرخ سیر کی بغاوت نے مشرق کے علاقے میں نازک صورت اختیار

Marfat.com

کی۔ تب اس کو احساس ہوا کہ چین قلیچ خاں واقعی اتنا اہم تھا کہ اسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا تھا۔ چنانچہ اسے سات ہزاری منصب دیا گیا اور شاہزادہ عزالدین کی فوج میں اس کا تقرر ہوا۔ لیکن خان اس تنازعہ میں حصہ لینے کا متمنی نہیں تھا اس لیے اس نے حیلہ سازی کی۔ وہ ابھی آگرہ ہی میں تھا جب کھجواہ کے مقام پر عزالدین کو فرخ سیر کے ہاتھوں شکست ہوئی۔[60]

اس طرح ذوالفقار خاں قدیم امرا کی سب سے اہم جماعت کی ہمدردی حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ چین قلیچ اور محمد امین کا طرز عمل جہاندار اور ذوالفقار کی اس شکست کا بڑی حد تک ذمہ دار تھا جو انھیں فرخ سیر کے ہاتھوں نصیب ہوئی۔

چین قلیچ اور محمد امین کی جماعت کو اپنی طرف نہ ملا سکنے کی ناکامی سے بھی شاید ایسی نازک صورحال پیدا نہ ہوتی اگر ذوالفقار خاں امرا کی دوسری جماعتوں کو اپنے ارد گرد جمع کرنے میں کامیاب ہو جاتا۔ لیکن متعدد ایسے وجوہات تھے جن کے سبب وہ ایسا کرنے میں ناکام رہا۔ ہم عصر مورخ ارادت کے بقول وزیر بے انتہا مغرور اور بدنامی کی حد تک عہد شکن ہو گیا تھا۔ وہ کہتا ہے "ذوالفقار خاں نے پرانے خاندانوں کو تباہ کر دینے کی ٹھان لی تھی وہ ان کو موت کے گھاٹ اتارنے کے نئے نئے بہانے ایجاد کیا کرتا تھا۔ ان کی بے عزتی کرتا تھا اور ان کے مال و دولت کو لوٹا کرتا تھا۔ وہ آدمی نہایت ہی بدنصیب تھا جو اپنی دولت مندی کے لیے مشہور ہو جاتا تھا۔ کیونکہ دولت کے ساتھ ہی الزامات لگنے شروع ہو جاتے تھے اس نے ایسے ایسے الزامات اور اتہامات لگائے کہ پرانے زمانہ میں ان کی مثال ڈھونڈ کر بھی نہیں لائی جا سکتی اور اب وہ ان ہی ذلیل کارناموں کے لیے یادگار بن کر رہ گیا ہے۔ اپنے لیے تو وہ بڑی بڑی رقوم اور خراج حاصل کرتا تھا لیکن دوسروں کو وہ کوئی رقم بھی دینے میں اتنا بخل کرتا تھا کہ خود اس کے پروردہ انتہائی مفلسی کے شکار رہتے تھے وہ کسی کو جاگیر تو بخشتا ہی نہ تھا چنانچہ بلند و پست، امیر و غریب، قریب و دور اپنے اور بیگانے غرض سب کے خیالات اس کی طرف سے برگشتہ ہو گئے تھے اور سب کے سب اس کی تباہی کی دعا مانگتے رہتے تھے۔[61]

ان لمبے چوڑے الزامات کا قابل قبول ہونا ذرا دشوار ہے۔ دراصل ارادت خاں کوئی غیر جانب دار مبصر نہیں ہے کیونکہ وہ تو ہمیشہ ہی سے ذوالفقار خاں کا مخالف تھا پہلے وہ منعم خاں سے وابستہ تھا اور بعد میں عظیم الشان سے۔ علاوہ ازیں ذوالفقار خاں کے اختیارات سنبھالنے کے بعد جب ارادت خاں اس کے پاس ملازمت حاصل کرنے پہنچا تو ذوالفقار خاں اس کے ساتھ مہربانی

Marfat.com

سے پیش آیا لیکن کوئی عہدہ سپرد نہ کیا۔ چنانچہ ارادت خاں تلخ ہو کر کہتا ہے "اب کسی عہدہ میں کوئی کشش باقی نہ رہ گئی تھی کیونکہ اب ایک ایسی حکومت تھی جس کا کوئی سربراہ نہیں تھا۔ وزارت کم ظرف ظالموں اور اختیارات کے غلط استعمال کرنے والوں کا مجموعہ بن کر رہ گئی تھی[62]"

ارادت خاں اور دوسروں نے[63] جو ذوالفقار خاں پر تشدد کا عام الزام عائد کیا ہے اس کی بنیاد پھانسی قتل، قید و بند اور املاک کی ضبطی کے وہ متعدد واقعات ہیں۔[64] جو جہاندار کی تخت نشینی کے بعد رونما ہوئے۔ ارادت خاں تحریر کرتا ہے "اس نیک نام خانزادہ کا ایک عام دستور یہ تھا کہ اگرچہ امرائیں سے کوئی امیر اپنے تعلقات کی بنا پر میدان جنگ میں اس کا مخالف معلوم ہوتا تھا تاہم فاتح نہ تو اس کو موت کے گھاٹ ہی اتارتا تھا اور نہ اس کی تضحیک ہی کرتا تھا اس کے برعکس ایک شکست خوردہ حریف کے ساتھ وفاداری اور میدان جنگ میں شجاعت خود فاتح کے لیے پروانہ سفارش کا کام کرتے تھے۔ حکمراں جانتے تھے کہ حکومت کا استحکام اور سلطنت کا کاروبار تجربہ کار امرا پر ہی منحصر ہوتا تھا اور وہ اکثر کہا کرتے تھے کہ "امرا کی دشمنی تخت سے نہیں ہوتی کیونکہ جیسے ہی کوئی حکمراں مستحکم طور پر تخت نشین ہو جاتا تھا وہ اسی کی وفادار رعایا بن جاتے تھے۔ اگر ہم انھیں نیست و نابود کر دیں تو حکومت کس کے ذریعہ چلائیں"۔[65]

لیکن جب شکست خوردہ شہزادوں کے وفادار، ذوالفقار خاں کے پاس ملازمت کے لیے پہنچے تو ان میں سے اکثر کو صاف انکار کا جواب دے دیا گیا۔[66] ایسا کرنا اس سے پہلے کے طریقہ کے بالکل خلاف تھا لیکن ذوالفقار خاں کی عداوت پسندی ہی تنہا اس کی ذمہ دار نہ تھی۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ عظیم الشان کے فرزند فرخ سیر کی بغاوت ابھی فرو نہیں ہوئی تھی۔ سزائے موت وغیرہ کے احکام کے لیے کوکل تاش کی ذمہ داری کا معاملہ بھی کچھ صاف نہیں ہے۔[67] لیکن اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ اب اصل طاقت وزیر کے ہاتھوں میں مرکوز تھی اور وزیر حکمرانوں جیسی فیاضی کا سلوک نہیں کر سکتا تھا کیونکہ حکمرانوں کو اپنے استحکام کا یقین ہوتا تھا اور امرا سے وفاداری حاصل کرنا ان کا حق تھا۔ اس لیے وہ بے فکر ہو کر فیاضانہ سلوک کرتے تھے۔

ارادت خاں، ذوالفقار خاں پر کنجوسی اور جاگیریں دینے میں پس و پیش کرنے کا بھی الزام لگاتا ہے جبکہ وہ (وزیر) خود اپنے لیے زبردست رقوم حاصل کرتا رہتا تھا۔ جاگیروں اور منصبوں کے دینے کے سلسلے میں کنجوسی کا الزام ذوالفقار خاں کے خلاف ایک قدیم الزام تھا۔[68] یہ یاد رہے کہ کفایت شعاری اس وقت کی سخت ترین ضرورت تھی۔ کیونکہ حکومت کی آمدنی کے ذرائع بہت

Marfat.com

ناکافی تھے اور خزانہ خالی تھا۔[69] اپنی فیاضی میں بہادر شاہ نے خالصہ کی جاگیر کو بھی برباد کر دیا تھا۔ یہاں تک کہ خود منعم خاں نے بھی ایسا کرنے کے خلاف قدم اٹھانا شروع کر دیا تھا لیکن منعم خاں بدنامی مول لینے کے لیے تیار نہیں تھا اور وہ اس معاملہ ہی سے دست بردار ہو گیا کیونکہ شکایات کا تانتا بندھ گیا تھا۔[70] لیکن ذوالفقار خاں نے وہی کر دکھایا جس کے کرنے سے منعم خاں دامن بچا رہا تھا۔

جہاں دار کے دورِ حکومت کے اوائل میں ذوالفقار خاں نے حکم صادر کیا کہ کسی منصب دار کو اس وقت تک کوئی سند نہ دی جائے جب تک کہ اس کے حقوق و دعاوی پایۂ ثبوت کو نہ پہنچ جائیں۔ اس طرح عہدوں میں ترقیاں بھی تحقیقات کے بغیر نہیں کی جاتی تھیں اس نے منصب داروں کو اس بات پر بھی مجبور کرنے کی کوشش کی کہ وہ فوج کی مقرر کردہ تعداد بھی ضرور رکھیں اور منصب دار کی فوجوں سے متعلق جو قوانین تھے ان کو بھی نافذ کرنے کی طرف اس نے توجہ کی۔[71] لیکن کفایت شعاری اور قانون کا سخت نفاذ امرائے کے مزاج کے خلاف تھا خصوصاً کوکل تاش کے اور شہنشاہ کے مقربین بہت شاکی ہوئے اور ان تکلف وہ قوانین پر اس بالواسطہ طریقہ سے عمل کرنے کی کوشش کی اپنا اپنا ایک نمائندہ بطور عرض فکرو (بخشش میں ملی ہوئی جاگیروں سے متعلق اہل کار) بنا دیا۔ اس سے کوکل تاش خاں اور وزیر کے مابین سخت تنازعہ پیدا ہو گیا کیونکہ وزیر مالیات کے سلسلہ میں کوئی دخل اندازی برداشت کرنے کے لیے تیار نہ تھا۔ یہ تنازعہ جہاندار شاہ کے حضور میں پیش ہوا لیکن وہ اعلانیہ طاقتور وزیر کی مخالفت کرنے کی جسارت نہیں رکھتا تھا۔[72] جلد ہی ذوالفقار خاں کے وضع کردہ قوانین ختم کر دیئے گئے اور شاہی مقربین کو کھل کر منصب بخشے جانے لگے۔ چنانچہ ذوالفقار کی کفایت شعاری کی کوشش نے اس کو اپنے ہی لوگوں کی نظر میں قابل نفریں بنا دیا۔

اس الزام پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت نہیں کہ وہ پرانے امرائے کی جماعت کو تباہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ کیونکہ ہمارے سامنے پہلے ہی چن قلیچ خاں اور محمد امین خاں کے ساتھ اس کا برتاؤ آچکا ہے اگرچہ یہ دونوں حضرات پرانے امرائے کی ایک زبردست جماعت کے سربراہ تھے۔ اورنگ زیب اور بہادر شاہ کے وقت کے بہت سے امرائے مرکز اور صوبوں دونوں جگہ اعلیٰ عہدوں پر مامور تھے وزیر کم ذات کے 'نئے' لوگوں کو مراتب عطا کرنے کے ضرور خلاف تھے اور اسی لیے اس نے کئی بار لعل کنور اور اس کے متعلقین کے مقابلہ میں اور ان لوگوں کی کبر و نخوت کے خلاف قدیم امرائے کے مفاد کا دفاع کیا۔ تاہم ارادت خاں نے جو الزام لگایا ہے وہ پرانے امرائے کے اس ایک طبقہ کے جذبات کی عکاسی ضرور کرتا ہے جو اپنے اختیارات اور اثرات سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے اور شاید

Marfat.com

جن کی آمدنی کے ذرائع بھی کم ہو گئے تھے۔

مالی انتظام کے سلسلے میں ذوالفقار خاں کو اس سے بھی زائد دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ دکن میں اورنگ زیب کے طویل قیام سے شمالی ہندوستان کا انتظام متنزلزل ہو گیا تھا۔ مالی بحران اور جاگیرداری نظام کا حال جو اورنگ زیب کے آخری ایام حکومت میں ظاہر ہونے لگا تھا اس نے بہادر شاہ کے دور حکومت میں نہایت نازک صورت اختیار کر لی تھی۔ بظاہر جو اصلاحات منعم خاں نے کیں ان سے حالات نہ سنبھل سکے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جہاندار شاہ کے زمانے میں تجارت کے پرانے طریقوں کو بالائے طاق رکھ دیا گیا تھا اور اجارہ داری یعنی (کرایہ داری کی کھیتی) عام ہو گئی تھی۔[73] دوسرے الفاظ میں ٹوڈرمل کے ضبطی نظام کو جو اب تک پورے مالگزاری نظام کی بنیاد تھا، قطعاً ترک کر دیا گیا تھا اور اب حکومت نے مالگزاری دینے والے کسانوں سے سودا طے کرنا شروع کر دیا تھا اور یہی طریقہ سرکاری اہل کاروں اور درمیان کے سب آدمیوں کے ساتھ بھی تھا یہ ان کا کام تھا کہ جو چاہیں رعیت سے حاصل کریں ظاہر ہے کہ اس سے عام لوگوں پر ظلم و استبداد کا دروازہ کھل گیا۔ اس سے جاگیروں کی اصل اور کاغذی آمدنی میں بھی بہت نمایاں فرق ہونے لگا جس سے آخر میں خود منصب داری نظام حکومت ہی کی کمر ٹوٹ گئی۔

سوال یہ ہے کہ زراعت میں اس مالگزاری نظام کے اختیار کرنے کے لیے ذوالفقار خاں کو کہاں تک ذمہ دار ٹھہرایا جا سکتا ہے حالات کے نتیجے میں جو انتظامیہ کی شکست و ریخت ہوئی اس کے لیے صرف ذوالفقار خاں کو ذمہ دار ٹھہرانا تاریخی حقائق کے خلاف ہوگا اس کے سامنے مالیات کی نازک صورت حال تھی اور اس نے اس سے عہدہ برآ ہونے کے لیے سب سے زیادہ سہل اور بدیہی طریقہ اختیار کر لیا۔ سیاسی حالات کی بہتری کے لیے اپنی قوت کی بنیاد کو مضبوط کرنے کے بعد شاید وہ مناسب انتظامی اصلاحات کے لیے ضرور موقع نکال لیتا۔ وقتی طور پر اس نے مالی انتظامات کو اپنے سابق دیوان سبھا چند کے ہاتھوں میں دینے پر ہی اکتفا کیا۔[74] سبھا چند اپنے منصب کے لیے نامناسب نہ تھا لیکن مالگزاری کے سلسلے میں سختی، رشوت ستانی اور بد زبانی کی بنا پر وہ نہایت قابل نفرت سمجھا جاتا تھا۔ دکن میں داؤد خاں یعنی ذوالفقار خاں کا نائب مکمل طور پر صاحب اختیار تھا لیکن اس نے بھی تمام اختیارات دکنی برہمنوں کو سونپ دیئے تھے اور خود عیش و عشرت کی زندگی گزارتا تھا۔[75] جہاندار شاہ کے دور حکومت میں غلہ کی قیمت بہت زیادہ چڑھ گئی تھی۔ غلہ کے بیوپاریوں اور شاہی بازار کے اہل کاروں کو سزا دے کر قیمت گرانے کی متعدد

Marfat.com

کوششیں بھی بار آور نہ ہو سکیں اور اسی سبب سے نئے دور حکومت میں پایۂ تخت کے شہریوں کی پریشانی اور بے اطمینانی میں زبردست اضافہ ہو گیا۔[76]

## جہاں دار شاہ اور ذوالفقار خاں کی شکست اور ان کا زوال

ذوالفقار خاں ابھی اپنی طاقت کو مجتمع کرنے اور عموماً ہندوؤں کا اعتماد اور ان کی مفاہمت حاصل کرنے اور خصوصاً راجپوتوں اور مرہٹوں کو خوش کرنے اور ان کا دل جیتنے کی کوشش میں لگا ہوا تھا کہ مشرق میں ایک زبردست خطرہ پیدا ہو گیا۔ یہ عظیم الشان کے دوسرے فرزند فرخ سیر کی بغاوت تھی جیسا کہ اس کے بعد بھی بیان کیا جائے گا۔ اپنے والد کی وفات کی خبر سنتے ہی فرخ سیر نے پٹنہ میں اپنی بادشاہی کا اعلان کر دیا تھا۔ اپنی طرف بہار کے صوبہ دار سید حسین علی بارہہ اور اس کے بھائی، الہ آباد کے صوبہ دار سید عبداللہ خاں کو ملانے سے فرخ سیر ایک فوج مجتمع کر لینے میں کامیاب ہو گیا تھا اور اب وہ آگرہ کی طرف بڑھتا چلا آ رہا تھا۔ اس علاقے کے متعدد امرا اور لاہور سے جان بچا کر بھاگے ہوئے عظیم الشان کے بہت سے ہم نوا بھی اس کے ساتھ ہو گئے تھے۔

جہاندار شاہ کے دہلی پہنچنے سے قبل ہی فرخ سیر کا مقابلہ کرنے کے لیے عزالدین کی سرکردگی میں ایک شاہی فوج روانہ ہو چکی تھی۔ اس مقصد کے لیے اس کو ایک کثیر رقم دے دی گئی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ یہ رقم ۹ کروڑ روپے تھی۔ چونکہ شاہزادہ کے متعلق خیال تھا کہ وہ ابھی نوجوان اور ناتجربہ کار ہے اس لیے اسے خواجہ حسن خاں دوراں اور شاہزادہ کے دیوان، لطف اللہ خاں صادق کی اتالیقی میں دے دیا گیا تھا۔ ان دونوں امرا میں سے کسی ایک کو بھی میدان جنگ کا عملی تجربہ نہ تھا۔ اور یہ تقرر وزیر کی خواہشات کے خلاف کئے گئے تھے جیسا کہ ذکر پہلے ہی کیا جا چکا ہے۔ جب فرخ سیر کے اردگرد امرا کی تعداد بڑھتی گئی تو دربار میں بے چینی پھیل گئی۔ عزالدین کو آگرہ سے آلہ آباد پہنچنے کا حکم ملا اور خاں کے منصب میں اضافہ کر کے (سات ہزار کا منصب دے کر) اس کو شاہزادہ کے ساتھ جانے کے لیے رضامند کیا گیا خاں دوراں اور لطف اللہ خاں کی ناتجربہ کاری اور بزدلی اور شاہزادہ عزالدین اور خان دوراں کے درمیان نااتفاقی یہ امور شروع ہی سے کمزوری کا ایک سبب بن چکے تھے سپاہ بھی شکستہ دل تھی کیونکہ ایک مدت سے ان میں سے بہت سوں کی تنخواہیں

Marfat.com

واجب الادا چلی آتی تھیں۔ مزید براں یہ کہ شاہزادہ عزالدین لال کنور سے سخت نفرت کرتا تھا اور اس کی طرف سے اسے سازشوں کا خطرہ ہر وقت لاحق رہتا تھا۔ شاہزادہ عزالدین اور خان دوران کا عین جنگ کے وقت کھجواہ سے فرار ہو جانے کا سبب یہی اندرونی اختلافات ہو سکتے تھے۔ ان کے خیمے ساز و سامان وغیرہ پر دشمن کی سپاہ نے لوٹ مار مچائی اور بہت کچھ سامان جنگ فرخ سیّر اور سید برادران کے ہاتھ آگیا۔ اس سے فرخ سیّر کے ساتھ آکر مل جانے کی رغبت وہاں کے ان منصب داروں کو بھی ہوئی جو ابھی تک کسی فیصلہ پر نہیں پہنچ سکے تھے۔ خود شاہزادہ عزالدین کے اپنے امرائیں سے بھی کچھ فرخ سیّر سے جا ملے ان میں شاہزادہ کا دیوان لطف اللہ خان صادق بھی شامل تھا۔[77]

عزالدین کے فرار ہونے کی خبر سے جہاندار شاہ پہلی بار سنجیدہ طور پر اس خطرے کی طرف متوجہ ہوا۔ فوراً ایک زبردست فوج جمع کرنے اور پایۂ تخت سے چل کر دشمن سے مقابلہ کرنے کوششیں رونما ہونے لگیں۔ اس وقت سب سے بڑی رکاوٹ روپے پیسے کی کمی تھی تمام جمع شدہ خزانوں کو بہادر شاہ پہلے ہی خرچ کر چکا تھا جو باقی بچا تھا وہ لاہور کی خانہ جنگی کی نذر ہو چکا تھا جہاندار شاہ کو ورثہ میں ایک خالی خزانہ ملا تھا۔ لیکن اس نے ان حالات کا کچھ خیال نہ کیا بلکہ حالات کو بد سے بدتر کر دیا۔ کیونکہ وہ خود اور لعل کنور جشن منانے اور چراغاں کرنے کے بہت شوقین تھے اور اس میں بے حد اخراجات ہوتے رہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی تخت نشینی کو گیارہ مہینے ہو چکے تھے لیکن اس کی فوج کو ایک حقیر پائی بھی ادا نہیں کی گئی تھی۔

سخت پریشانی کی حالت میں' جہاندار شاہ نے جس قدر بھی اس کے پاس سونے چاندی کے برتن تھے ان سب کو توڑ ڈالا اور ہیروں اور جواہرات کو اور جڑاؤ سامان کو فروخت کر دیا یہاں تک کہ اس نے شاہی محلات کی چھتوں میں لگے ہوئے سونے کو بھی اتار لیا۔ گوداموں کے دروازے کھول دیئے گئے اور سپاہیوں کو بجائے نقد کے قیمتی اشیاء بانٹی گئیں۔ اس پر بھی فوج کے واجبات ادا نہ ہو سکے۔[78]

اس طرح بابر کے زمانے سے جو قیمتی اشیا جمع ہو گئی تھیں وہ سب کی سب ختم ہو گئیں۔ حکومت کا دیوالیہ پن مکمل ہو چکا تھا۔ اس طرح لوٹ مار کا کام دہلی کے دروازے پر جاٹوں اور مرہٹوں کے پہنچنے سے بہت پہلے خود تیموری حکمرانوں کے ہاتھوں شروع ہو چکا تھا۔ بڑی جدوجہد اور دشواری کے بعد بالآخر فوج جمع کی گئی اور 9 ردسمبر کو جہاندار آگرہ کے لیے روانہ ہوا۔ راجپوت

Marfat.com

راجاؤں سے کمک مانگنے کے لیے خطوط لکھے گئے۔ لیکن اس بات کا بھی یقین تھا کہ ان لوگوں کی آمد سے قبل ہی جو ہونا ہے وہ ہو چکے گا۔[79] اس پر بھی جہاندار کی فوج فرخ سیر کی سپاہ سے بہتر تھی توپ جانے کے لحاظ سے بھی اور تعداد کے لحاظ سے بھی۔ جہاندار کے پاس 70 یا 80 ہزار گھوڑ سوار اور لاتعداد پیدل فوج تھی جبکہ فرخ سیر کے پاس "اس کا ایک تہائی بھی۔ تھا" لیکن جہاندار کی فوج پست حوصلہ اور مختلف الرائے تھی۔ ذوالفقار اور کوکل تاش جنگ کی حکمت عملی پر بھی متفق نہ ہو سکے۔ کوکل تاش خاں کے مشورہ پر تحفظی اقدام کرنے کے لیے جمنا کے کنارے ٹھہرنا قرار پایا اور فرخ سیر کی فوج کو پار اترنے سے روکنے کے لیے اس کی تمام کشتیوں پر قبضہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ لیکن سید برادران نے ندی کا ایک ایسا اتھلا کنارا ڈھونڈ نکالا جس پر کوئی پہرہ نہ تھا۔ مجبوراً ایک رات کے سفر کے بعد انھوں نے ندی کو پار کیا اور جہاندار شاہ کی حالت کو دگرگوں کر دیا 10 جنوری 1713 کو جنگ ہوئی اور مقابلہ نہایت ہی سخت ہوا ذوالفقار اور کوکل تاش کے درمیان عدم مفاہمت، اس نازک وقت پر محمد امین اور چین قلیچ کی عدم توجہی اور نتیجہ رونما ہونے سے قبل ہی میدان جنگ سے جہاندار کے فرار ہو جانے سے فرخ سیر اور سید برادران کو مکمل فتح حاصل ہو گئی۔[80]

اس طرح جہاندار شاہ کا دور حکومت اختتام پذیر ہوا اور اسی کے ساتھ ذوالفقار خاں کی وزارت کا خاتمہ بھی ہو گیا۔ اگرچہ یہ حکومت کم مدت تک ہی رہی تاہم جہاندار کا دور حکومت بہت سے اہم رجحانات کو وجود میں لانے کا ذمہ دار ہے۔ اولاً اس سے یہ ظاہر ہوا کہ کسی مطلق العنان حکمراں کے کمزور ہو جانے کی حالت میں ایک خود مختار وزیر کے وجود میں آنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔ کیونکہ اگر بادشاہ میں قوت عمل اور صلاحیت و قابلیت کا نقدان ہو تو وزیر ہی ایک ایسا صاحب منصب حاکم رہ جاتا ہے جو وسیع اختیارات اور اہمیت کے پیش نظر حکومت کا لائحہ عمل متعین کر سکتا تھا اور انتظامیہ کو چلا سکتا تھا اور امرا کو زیر اثر رکھ سکتا تھا۔ لیکن ایسے حالات میں جو دشواریاں پیدا ہوتیں وہ بھی ظہور پذیر ہوئیں۔ ایک بہت زیادہ با اختیار وزیر قدرتی طور پر بادشاہ کی نظر میں مشتبہ اور امرا کے لیے رشک و حسد کا سبب بن سکتا تھا۔ ایسی صورت میں وزیر اپنا مقام تب ہی قائم رکھ سکتا تھا جبکہ اس کا اپنا کوئی ایسا با اثر طبقہ موجود ہو تو جو کسی حریف یا حریفوں کے کسی گروہ کا مقابلہ کر سکتا ہو اور جو دربار کے باہر بعض مرہٹوں اور راجپوتوں جیسے آزاد عناصر کی مدد حاصل کر سکتا ہو۔ اس کے نتیجہ میں وزیر کے شخصی اقتدار اور تسلط بڑھنے کا اندیشہ تھا

Marfat.com

اور اس سے شاہی خاندان کے اور قدیم امرائیں اس خاندان کے مددگاروں سے محروم ہو جانے کا خطرہ تھا۔ اس کا لازمی نتیجہ ایک نئے خاندان کا عروج تھا اور ایسے امرأ کا جو بلا واسطہ خود وزیر سے متعلق ہوتے یا پھر اس وزیر کی برطرفی اور زوال جس سے پھر وہی صورت حال پیدا ہو جاتی جو پہلے تھی جہاندار کے دور حکومت میں صورت حال اتنی خراب تو نہیں ہوئی جو ان حالات کا لازمی نتیجہ تھا۔ لیکن ایسی صورت حال کے لیے جس قسم کے عوامل کی ضرورت تھی وہ تمام حالات پیدا ہو چکے تھے۔

دوسرے یہ کہ جہاندار شاہ کے دور حکومت میں اورنگ زیب کی پالیسی سے تیزی کے ساتھ انحراف کیا گیا جبکہ بہادر شاہ کے زمانے میں یہ پالیسیاں کسی حد تک ضرور موجود تھیں۔ چنانچہ جزیہ ختم کر دیا گیا۔ راجپوتوں کو وافر رعایتیں دی گئیں اور مرہٹوں سے خوشگوار تعلقات قائم کرنے اور ان کو برقرار رکھنے کی کوششیں کی گئیں۔ معلوم ہوتا تھا کہ ذوالفقار خاں اکبر کے زمانے کی روایات کو زندہ کر رہا تھا اور ملک میں ایک مشترک حکمراں طبقہ کی بنیاد ڈال رہا تھا اور جس کا لازمی نتیجہ ایک قومی حکومت ہوتی جو ہندو اور مسلمانوں دونوں اقوام کے اعتماد اور امداد پر قائم ہوتی اس طرح ذوالفقار خاں نے اورنگ زیب کی اس کوشش کی ناکامی کو واضح کر دیا کہ حکومت کی سالمیت اسلام پر زور دینے اور حکمراں طبقہ کے اسلامی رجحانات کی بنیاد پر ہی قائم کی جا سکتی تھی۔

Marfat.com

حاشیہ

# باب سوم

1- مزید تفصیل کے لیے مصنف ترپاٹھی کی مسلم نظام حکومت کے چند پہلو (انگریزی) صفحہ 161-164 دیکھئے۔

2 - دیکھئے ترپاٹھی کی مذکورہ بالا تصنیف صفحہ 209 - 197

3 - چنانچہ جہانگیر کے عہد میں آصف خاں اور شاہ جہاں کے عہد میں سعد اللہ خاں کے نام قابل ذکر ہیں۔ یہ دونوں 7000/7000 ہزار کے اعلیٰ منصبوں سے ممتاز تھے۔

4 - احکام - 11

5 - ب۔ن۔صف 104، خ۔خ صف 26 6 کام ود صف 14

6 - اورنگ زیب کی وفات کے وقت منعم خاں کا منصب 1500-1000 تک کا تھا۔ لیکن جاجو کی جنگ سے قبل ہی اس کو 5000/5000 کے منصب پر ترقی دی جا چکی تھی خ خ صفحہ 575۔

7 - ارادت۔ صفحہ 51

8 - وزیر (منعم خاں) نے بڑی کوشش کے بعد اپنے آقا کو یہ یقین دلایا تھا کہ قدیم امرا سلطنت کے ستون تھے اور نظام حکومت کی بخیر و خوبی انجام دہی انھیں کے ذریعہ ممکن ہو سکتی تھی ان کے مورث عظیم عہدوں پر فائز تھے اور عوام میں با اثر اور ہر دل عزیز ہو چکے تھے اس لیے مصلحت کا تقاضا یہی تھا کہ ان سے کام لیا جائے۔ ارادت صفحہ 53 - 54

9 - ریاض السلاطین مصنفہ غلام حسین صفحہ 246 خفی خاں جلد 2 صفحہ 686 کو اس کے اس عمل پر اورنگ زیب نے اس کو سخت سرزنش بھی کی تھی۔

10 - عبرت نامہ 9 الف مصنفہ مرزا محمد وخفی خاں صفحہ 685۔

11. ان صاحب کا نام اس عہد کے "وکیل" کے صفحات میں بار بار آتا ہے اور اس کو اس قدر با اثر بنایا جاتا ہے کہ خود منعم خاں کے صاحبزادگان اسی کے توسط سے اپنی ترجمانی کراتے

Marfat.com

تھے ۔اسی کو 1711 میں ذوالفقار خاں کو وزارت سے علیحدگی کا سبب بتایا جاتا ہے ۔ دیکھئے عبرت نامہ
29 ب ۔ دیکھئے صفحات از 943 تا 946 اور 952

12 ۔ دیکھئے تذکرہ ارادت خاں صفحہ 76

13 ۔ دیکھئے ۔ نورالدین ۔ 9 الف

14 ۔ دیکھئے قاسم لاہوری کا مصنفہ عبرت نامہ صفحہ 42 ۔ 43، معاصر الامرا از شاہنواز خاں
جلد 2 صفحہ 99، مرآۃ واردات یا تاریخ محمد شاہی از ۔ محمد وارد تہرانی صفحہ 195، 217۔ وارد کے
بقول یہ بھی طے پایا تھا کہ جہاندار ایک لاکھ اسپ، رفیع الشان اسی ہزار اسپ اور جہان شاہ
ساٹھ ہزار اسپ رکھتا۔ نورالدین (14۔الف) نے بہر حال یہ بھی لکھا ہے کہ حکومت کے یہ تمام
تقسیم شدہ حصے آزادانہ طور پر ان حکمرانوں کے ذریعہ چلائے جاتے اور ان سب حکمرانوں
کو بادشاہ کا خطاب ہی دیا جاتا۔

15 ۔ دیکھئے انشار مادھو رام صفحہ 73 خفی خاں جلد 2 صفحہ 685 ۔لیکن ملاحظہ ہو ایک
معاصر خواجہ خلیل کا یہ خیال کہ ذوالفقار خاں ہی نے اس جنگ کو ہوا دی تاکہ وزارت اس کے
ہاتھ آجائے (تزک شہنشاہی)

16 ۔ دیکھئے عبرت نامہ از مرزا محمد (9 الف) و عبرت نامہ از قاسم لاہوری صفحہ 44۔

17 ۔ ویلین ٹائن نے جلد 4 صفحہ 294 پر جنگ آزما افواج کا مندرجہ ذیل اندازہ پیش کیا ہے
(i) جہاندار شاہ 20 ہزار سوار 30 ہزار پیادہ فوج (ii) رفیع الشان 8 ہزار سوار 8 ہزار
پیادہ (iii) جہان شاہ 25 ہزار سوار 30 ہزار پیادہ ۔53 ہزار سوار 68 ہزار پیادہ افواج۔
(iv) عظیم الشان 30 ہزار سوار 30 ہزار پیادہ فوج۔

18 ۔ دیکھئے اصل کتاب ہذا کا صفحہ 76 سے آگے۔

19 ۔ دیکھئے ارادت صفحہ 72، قاسم صفحہ 176
کامور صفحہ 116 تا 117 اور مرزا محمد (10ب) یہ تمام مصنفین و مبصرین ارادت کی مندرجہ بالا
رائے سے متفق ہیں۔

20 ۔ ویلین ٹائن (جے ۔ یو ۔ پی ۔ ایچ ۔ ایس 2.11) لیکن یہ قرین قیاس نہیں کیونکہ ڈچ
لوگ جہاندار کی کامیابی میں خود ہی دلچسپی رکھتے تھے۔

21 ۔ اخبارات مورخہ اپریل 1712 لیکن ہرچرن نے صفحہ 24، وارد نے صفحہ 218 اور

Marfat.com

بی۔ ایم نے صفحہ 169 (جس کا حوالہ اروِن نے جے۔ اے۔ ایس۔ بی مورخہ 1896 نمبر 161 پر دیا ہے) پر اس کا منصب بارہ ہزار کا بتایا ہے۔ کام ور صفحہ 393، نورالدین نمبر 34 ب اور یحییٰ اس کو آٹھ ہزار کا منصب بتاتے ہیں اور جوہر (اے۔ ایس۔ بی۔ ایم۔ ایس میں ف 35 کے حوالے ہے) اس کو 10 ہزار کا منصب لکھتے ہیں۔

22۔ اخبارات (مورخہ اپریل 3 و 7 1712 کے حوالے سے) اس کو بطور انعام کے 4 کروڑ دام 10 لاکھ ہن بطور سہ بندی کے اور یار وفادار کا خطاب بھی عطا کیا گیا۔

23۔ بحوالہ اخبار مورخہ اپریل 1/ 1712 ہرچرن صفحہ 24۔ وارد صفحہ 208 اور یحییٰ (118 ب) لیکن بی ایم 1690 (بحوالہ جے۔ اے۔ ایس۔ بی 1896) کہنا ہے کہ اس کا منصب سولہ ہزار کا تھا۔ خفی خاں اور کام ور کے یہاں اس کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا۔ جب اسد خاں دربار جاتا تو یہاں جہاں دار اس کے ساتھ بڑی تعظیم سے پیش آتا اور اس کو تخت کے قریب جگہ دیتا۔ (بحوالہ جوہر 35 ب)

24۔ دیکھئے سیر المتاخرین از غلام حسین صفحہ 392۔

25۔ عبدالصمد خاں ایک تورانی امیر تھا وہ ایک لمبے عرصہ تک دکن میں کار ہائے نمایاں انجام دے چکا تھا۔ بہادر شاہ کے دور حکومت میں وہ چکا اور باثر چین خاندان میں شادی کے سلسلے سے منسلک ہو گیا۔ لیکن اس کے کچھ عرصہ کے بعد وہ عظیم الشان سے کسی بنا پر بددل ہو گیا جبکہ عظیم الشان ہی اس وقت سب کچھ تھا۔ موخر الذکر کے اشارے پر اس کی سخت اہانت کی گئی اس کی ساری املاک ضبط کر لی گئیں اور اس کو مکہ شریف کا عزم سفر کرنے کا حکم دیا گیا۔ لیکن اسی اثناء میں بہادر شاہ وفات پا گیا۔ عظیم الشان کے خلاف اس کو ایک موزوں آلہ کار سمجھتے ہوئے ذوالفقار خاں نے عبدالصمد کو طلب کیا اور اس نے بطور میر آتش کے نمایاں خدمات انجام دیں اور عظیم الشان کے خلاف خوب کام کیا (بحوالہ وارد وارون جلد 1 صفحہ 180۔ 190 جوہر نے (بحوالہ 36۔ الف) اس کا منصب چار ہزاری لکھا ہے۔

26۔ بحوالہ اخبارات مورخہ اپریل 6/ 1712 ولیم ٹائن جلد 4 صفحہ 29 و کام ور۔ وہ ایک کائستھ تھا۔ اور ایک لمبے عرصہ سے ذوالفقار خاں کی خدمت میں رہا تھا۔ ذوالفقار خاں کے وزارت پر ناز ہو جانے پر اس کو بھی 9 سو اور 3 سو کے منصب کی بجائے 2 ہزار اور ایک ہزاری منصب دیا گیا۔ صاحب تاریخ ہندی کہتا ہے کہ وہ جمادہ 1137ھ مطابق جنوری۔ فروری 1725 کو راہیٔ عدم ہو گیا۔ اس کی عمر 70 سال کی ہوئی۔ اس طرح وہ اس وقت 85 برس کی عمر کا ہو گا۔

Marfat.com

27 ۔ بحوالہ وارد صفحہ 223 تا 25 خوش حال صفحہ 68، معاصر الامرا از شاہ نواز خاں جلد 2 صفحہ 100 وہ ملتان میں جہاندار کا نائب تھا اور بہادر شاہ کے وقت میں اسے 2 ہزار 5 سو اور دو ہزار دو سو پچاس کا منصب حاصل ہوا۔ اور وہ کوکل تاش کے خطاب سے سرفراز کیا گیا۔ (بحوالہ اخبارات مورخہ جنوری 5ر 1709۔

28 ۔ بحوالہ ارادت صفحہ 97

29 ۔ بحوالہ اخبارات مورخہ اپریل 25ر 1712 دجوہر 35ب ۔ معاصر الامرا جلد ا صفحہ 817 دبی ۔ ایم 1690 (1896ء کے ۔ جے ۔ اے ۔ ایس ۔ بی میں جس کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہے) لیکن وارد صفحہ 218 دہر چرن صفحہ 24 پر اس کا منصب 12 ہزاری بتاتے ہیں ۔ یحییٰ صرف سات ہزاری ہی لکھتے ہیں ۔ کوکل تاش کو ملتان اور ٹھٹھا کا گورنر بھی مقرر کیا گیا تھا۔ اور وہ بھاکر کا فوجدار بھی تھا (بحوالہ اخبارات نمبر 26 صفر مطابق اپریل 14)

30 ۔ بحوالہ اخبارات مورخہ اپریل 25 و اگست 7ر و 25 1712 کام ور 303 ۔ جوہر 35ب معاصر الامرا جلد ا صفحہ 817 اور خفی خاں صفحہ 716 ۔ خواجہ خلیل خاں کہتا ہے کہ خواجہ حسن کو بنگال کا گورنر مقرر کیا گیا تھا اور اس کے فرزند نصرت جنگ کو بہار کی گورنری دی گئی تھی ۔ ایک دوسرے بھائی ظفر خاں کو داروغہ فیل خانہ بنایا گیا تھا اور اسے تین ہزار تین ہزار کا منصب عطا ہوا تھا۔ بحوالہ اخبارات مورخہ اپریل 4)

31 ۔ بحوالہ معاصر الامرا جلد 2 صفحہ 506 اخبارات مورخہ 31 مارچ اور مرزا محمد در عبرت نامہ 66 ۔ الف ۔

32 ۔ دیکھئے تاریخ مظفری از ایم علی خاں انصاری صفحہ 188۔89 نور الدین 38ب ۔ ویلن ٹائن اس تقرر کی تاریخ 15 رجولائی بتاتا ہے جو اخبارات میں مندرجہ 2 رجولائی کی تاریخ سے مطابقت رکھتی ہے ۔ ایک دوسرا اندراج مورخہ 29 مئی ظاہر کرتا ہے کہ سر بلند خاں کو ذوالفقار خان نے شہنشاہ کے حضور میں پیش کیا تھا اور یہ کہ اسے پانچ ہزاری کے منصبوں کے علاوہ دوسرے تحفے تحائف بھی ملے ۔ کوکل تاش کے اشارے پر، گجرات کا گورنر، امانت خاں بھی مالوہ بھیج دیا گیا تھا اس پر غصہ میں آکر ذوالفقار خاں نے راجپورہ کے راجہ کو اس کے راستہ میں رکاوٹ پیدا کرنے کے لیے اکسایا ۔ بحوالہ حدیقات صفحہ 23 وخفی خاں صفحہ 695 تا 697

33 ۔ "گاہے درگر بہ تیر نہ زدہ" دیکھئے عبرت نامہ از مرزا محمد 13ب ۔ ارادت 86 کام 386

Marfat.com

34:- لعل کنور یا لعل کماری ارادت نے صفحہ 95 پر اور قاسم نے صفحہ 55 پر اس کو ایک مغنیہ یعنی گانے والی لڑکی لکھا ہے۔ اروِن اس کو جہاندار "داشتہ" کا نام دیتا ہے۔ وہ خصوصیت خاں کی لڑکی تھی جو مشہور مغنی تان سین کی نسل سے ایک کلاونت یعنی مغنی تھا۔ (دیکھئے حقیقت صفحہ 161) ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت اس کا باپ حیات تھا کیونکہ 16 اپریل کو وہ دربار میں پیش کیا گیا تھا اور اس کے اس کے تینوں بیٹے بھی تھے۔ اس کو دربار سے ایک خلعت ایک شاہی نشان، ایک نیمہ آستین، ایک کام دار عمامہ۔ ایک بالا بند جڑاؤ تلوار اور خنجر۔ ازار بند وغیرہ پیش کئے گئے دیکھئے (اخبارات)۔

35 - بحوالہ اخبارات وسیر صفحہ 386 وخلیل صفحہ 23 وکام ور صفحہ 385 نورالدین 37 الف وخفی خان 689 وارد 219

36 - دیکھئے خفی خاں صفحہ 689 خوش حال نے صفحہ 72 پر نام دار کا نام لکھا ہے اور صاحب سیر نے صفحہ 385 پر نعمت خاں کا نام دیا ہے جو کہ لعل کنور کا چچا تھا۔ وارد صفحہ 222 پر خوش حال خاں کو نعمت خاں کا ہی خطاب بتاتا ہے۔ زیرنظر صوبہ کا نام مختلف طور پر، وارد نے لاہور اور صاحب سیر نے آگرہ اور نورالدین نے ملتان لکھا ہے۔ ویلن ٹائن نے اس واقعہ کا ذرا بدلا ہوا حال لکھا ہے اور وہ اس تاریخ 25 اپریل بتاتا ہے۔ نورالدین کے قول کے مطابق ذوالفقار اور کوکل تاش دونوں ہی اس تقرری کے مخالف تھے۔

37 - دیکھئے سیر صفحہ 386۔ اخبارات مورخہ 18 نومبر و 5 دسمبر 1713 ان میں واقعہ کو ذرا سی تبدیلی سے بیان کیا گیا ہے۔

38 - چنانچہ تمام معاصر مصنفین نے تذکرہ کیا ہے کہ کس طرح جہاندار اور لال کنور ایک رتھ میں سوار ہو کر نکلے اور وہ شراب نوشی سے بہت زیادہ مدہوش ہو گئے۔ (بحوالہ خوش حال صفحہ 15 ارادت صفحہ 95، 96 خفی خاں 690 نورالدین اور ویلن ٹائن تھوڑی بہت تبدیلی سے سبھی بیان بیان کرتے ہیں) اور دوسرے قصہ بھی ہیں جو خوش حال اور نورالدین نے قلمبند کئے ہیں۔ دیکھئے اروِن جلد ا صفحات 192 تا 196

39 - بحوالہ ارادت صفحہ 95 کام ور صفحہ 385، وارد صفحہ 219 پہ لعل کنور کی منہ بولی بہن (دوگانہ) اور ایک قدیمی دوست تھی اس کا کوئی ثبوت نہیں کہ وہ کسی وقت بھی جہاندار کی داشتہ رہی ہو۔ اس نے جہاندار کی نظر میں اس بات سے وقار حاصل کیا کہ جبکہ لاہور کی خانہ جنگی میں وہ

Marfat.com

روپئے کی طرف سے بہت پریشان تھا تو اس نے جہاندار کو ایک لاکھ روپے پیش کئے تھے۔ (بحوالہ اخبارات مورخہ اپریل 4 1712)

40. دیکھئے جوہر (35 ب) جہاں پر وہ اس کے بھائیوں کے منصب کی تفصیل اس طرح دیتا ہے۔ خصوص خاں - 7000 - 7000 - نام دار خاں 5000 - 5000 - خوش حال خاں 5000 - 5000 - نعمت خاں - 5000 - 5000 - وارد (صفحہ 219) پر لکھتا ہے کہ ان کو سات ہزار سے لے کر نو ہزار تک کے منصب دیئے گئے۔ جوہر نے بھی لکھا ہے کہ لعل کنور کے ذریعہ بہت سے کلاونتوں کو 5 ہزار سے لے کر 7 ہزار تک منصب حاصل ہوئے۔

41۔ چنانچہ کام ور صفحہ 385 پر لکھتا ہے کہ "لعل کنور کے بھائی جو طبلہ اور ستار بجانے والے تھے دہلی کی سڑکوں پر ہر قسم کی قانون شکنی کرتے پھرتے تھے"۔ خفی خاں صفحہ 389 پر لکھتا ہے کہ "یہ وقت گانے بجانے والوں اور بھانڈوں اور رقاصوں کے لیے بڑی ہی عیش و عشرت کا تھا"۔ محمد عیش آشوب نے بھی اسی انداز کی رائے کا اظہار کیا ہے دیکھئے تاریخ شہادت فرخ سیر و جلوس محمد شاہی از محمد بخش آشوب۔

42 ۔ کام ور کے قول کے مطابق (دیکھئے صفحہ 385) نور جہاں کا زمانہ گویا لعل کنور کے لیے دوبارہ واپس آگیا تھا۔ اور اس کے نام کے سکے "ڈھالے گئے"۔ لیکن اگر ایسے سکے ڈھالے گئے تھے تو وہ ابھی تک ہماری معلومات سے باہر ہیں۔

45 - بحوالہ اخبارات مورخہ 7 اپریل 1712 یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ اقدامات جہاندار شاہ کی فتح کے 9 دن بعد ہی کیے گئے، اور وہ بھی اورنگ زیب کے وزیر اور مدت العمر کے دوست اسد خاں کے مشورہ کے مطابق۔ ملاحظہ کریں مصنف ہذا کا مضمون بعنوان "اورنگ زیب کے بعد کے زمانے میں جزیہ" بحوالہ انڈین ہسٹری کانگریس کی روداد مورخہ 1940 صفحات 320 - 327 تک۔

46 بحوالہ جے ریکارڈس "مختلف مقالات جلد 2 صفحہ 21۔ اس فرمان کی تاریخ 3 ربیع 10/1 مطابق اپریل 12 17 وکیل مذکور کا خط اور رپورٹ مورخہ 5 سودی چیت 69 مطابق اپریل 1712

47۔ بحوالہ اخبارات مورخہ 25 نومبر، وکیل کی رپورٹ مورخہ 30 نومبر اخبارات کے اندراج پر یہ جادو ناتھ سرکار کا پنسل سے لکھا حاشیہ۔ پر یہ نوٹ موجود ہے: "اگر جہاندار نے یہ تقرر کیے تھے تو یہ محض کاغذی کارروائی تھی"۔ صاحب عبرت نامہ مرزا محمد (بحوالہ 59 الف) بہر حال

Marfat.com

کہتا ہے کہ جیسے ہی اجیت سنگھ گجرات کے لیے روانہ ہوا۔ اس کو خبر ملی کہ فرخ سیر کی بغاوت نازک موڑ اختیار کر چکی تھی چنانچہ اس نے روانگی کا ارادہ ترک کر دیا۔

48۔ بحوالہ اخبارات مورخہ 7 ستمبر 1712

49 بحوالہ ریاست (13) شاہو نے ورنا ندی کے جنوب کا علاقہ دینے کی پیش کش کی تھی

50 دیکھئے اصل کتاب کے پچھلے صفحات نمبر 46 تا 49

51 1711 و 1712 میں شاہو اپنی حالت کے نقطۂ زوال کی انتہائی پستی تک پہنچ گیا تھا۔ مغلوں کی طرف کوچ کرنے والوں کے سبب شکست پر شکست کا منہ دیکھنا پڑ رہا تھا چنانچہ 1710 میں راؤ رمبھا داؤد خاں سے آملا۔ بحوالہ اخبارات مورخہ 12 اکتوبر اور 1711 میں چندر سین وقتی طور پر اس تک پہنچا (بحوالہ اخبارات مورخہ جون 28۔ 1711)

52 بحوالہ دی۔ دی۔ 944

53 بحوالہ ہرچرن (فولیو 145ب) اجیت کو جہاندار کے سامنے 23 مئی 1712 کو پیش کیا گیا۔ (بحوالہ اخبارات)

54 بحوالہ اخبارات مورخہ 29 اکتوبر و 8 دسمبر۔ چھڑامن نے فرخ سیر کے خلاف جہاندار کی اعانت کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ لیکن جیسا کہ اس کی عادت تھی اس نے دونوں کو لوٹا اور جنگ کے دوران سخت بدنظمی پیدا کی۔

55 بحوالہ اخبارات مورخہ 26 جمادہ سال دوئم۔ مطابق 1 نومبر 24 1707 اس نے سکھوں کے خلاف مہم میں بھی حصہ لیا تھا۔

56 بحوالہ عبرت نامہ از مرزا محمد (99ب)

57 بحوالہ اخبارات مورخہ 21 و 24 جون و مرزا محمد (100 الف)

58 بحوالہ اخبارات مورخہ 6 اگست۔ اس کی جگہ پر شہادت خاں مالوہ کا گورنر ہوا۔

59 بحوالہ ارادت صفحہ 83 و سیر صفحہ 386

60 بحوالہ مرزا محمد 100 الف) و خفی خاں 700، 716

61 بحوالہ ارادت، صفحات 96 تا 98

62 بحوالہ ارادت 100 تا 101

63 دیکھئے کام ور 124 الف)، وارد (225۔ 26)، خفی خاں 733 مرزا 66 الف

Marfat.com

آشوب (124) -

64 نظر بند امرائیں یہ امرا بھی تھے۔ مہابت خاں اور خان زماں (منعم خاں کے فرزندان) حکیم الملک (جہاں شاہ کا خاص طبیب اور مشاور) عقیدت خاں (امیر خاں کا بیٹا)۔ ہدایت کیش خاں 1109ھ مطابق 88، 1687ء سے لے کر واقعہ نگار کل) محمد علی خاں (جہاں شاہ کا بخشی) اسلام خاں منیر آتش، حمید الدین خاں عالمگیری۔ سرفراز خاں بہادر شاہی۔ امین الدین سنبھلی اور ان کے علاوہ بیس کے قریب۔ اور دیگر امرا بھی تھے۔ بحوالہ خضر خاں 688 دا خبارات اندراج مورخہ 23 صفر مطابق 4 مارچ)

65 بحوالہ ارادت صفحہ 19

66 نورالدین (35ب) کہتا ہے کہ اس کے نتیجہ میں دو ہزار سے تین ہزار تک کی تعداد میں ملازمین بے روزگار ہو گئے تھے۔

67 رستم دل، مخلص خاں اور شاہزادہ محمد کریم کے قتل کا حکم کوکل تاش خاں سے منسوب کیا جاتا ہے۔ بحوالہ آشوب صفحات 125۔ 26) کہا جاتا ہے کہ رستم دل نے لعل کنور پر ہاتھ اٹھایا تھا۔ فرخ سیر کے سوال کے جواب میں بعد کو ذوالفقار خاں نے ان تمام قتلوں سے خود کو بری الذمہ ٹھہرایا دیکھئے مرزا محمد (22ب) وخفی خاں (732 ۔ 33) ارادت۔ صفحہ 97 پر کہتا ہے کہ ذوالفقار خاں جسے کوکل تاش کی طرف سے عداوت کا خوف تھا، وہ اس طرح اپنے دشمنوں سے چھٹکارہ پانے کی کوشش کر رہا تھا۔

68 دیکھئے بہادر شاہ نامہ از نعمت خاں عالی صفحہ 416

69 ملاحظہ کیجئے خفی خاں (جلد 2 صفحہ 684) بہادر شاہ کے زمانے میں حکومت کی آمدنی اخراجات کے لحاظ سے ناکافی تھی۔ اس لیے سرکاری دفاتر میں سخت کفایت شعاری سے کام لیا جاتا تھا اور خاص کر شاہی گھرانے کا تو یہ حال تھا کہ روزانہ روپیہ عظیم الشان کے خزانے سے منگایا جاتا تھا تاکہ کام چل سکے۔

70 دیکھئے اصل کتاب کا صفحہ 58

71 بحوالہ اخبارات مورخہ 22 صفر و 16 جمادی الاول مطابق مارچ 31 و جون 21۔

72 بحوالہ اخبارات مورخہ 2 ربیع الاول و 29 صفر مطابق اپریل 9، و اپریل 7

73 دیکھئے وارد۔ (6) کہا جاتا ہے کہ وزیر اور دوسرے شاہی اہل کار بھی رشوت ستانی کے

Marfat.com

عادی ہو گئے تھے۔ دیکھئے معاصر الامرا جلد 3 صفحہ 127۔

74 دیکھئے کام ور و خفی خاں 689

75 دیکھئے مرآۃ احمدی از احمد علی خاں 403 و خفی خاں 964 و 748۔

76 دیکھئے اخبارات مورخہ 22 صفر 17 جمادی الاول 19 جمادی الثانی 13 رمضان (غلہ پر ابواب کا امتناع - غلہ کے چودھریوں کو پابستہ دربار میں پیش کیا گیا) مورخہ 31 مارچ 22 جون 24 جولائی 14 اکتوبر - دیکھئے خوش حال صفحہ 91 و 218

77 دیکھئے۔ خفی خاں صفحہ 717 و کام ور

78 بحوالہ وارد 48 - 247 وارون 21 - 220

79 بحوالہ اخبارات جے سنگھ اور اجیت سنگھ کو فرمان 3 ربیع الاول مطابق 10 اپریل ہی بھیج دیئے گئے تھے جن کی مدد سے ان کو دربار میں طلب کیا گیا تھا اور 1 ربیع الثانی مطابق 8 مئی ان کو قانونی طور پر شاہزادہ عزالدین کی فوج کے لیے مقرر کر دیا گیا تھا اور شاہی فرمان بردار ان کو دربار تک لانے کے لیے روانہ کر دیئے گئے تھے۔ لیکن راجاؤں نے حاضر ہونے میں دیر لگائی۔

80 بحوالہ مرزا محمد 15 (الف) و وارد 259 - 255 و خفی خان 700 و 24 - 718 و ایجاد (88 ب و 91 الف) نیز ملاحظہ ہو ارون 236 - 219

Marfat.com

احکامات نافذ کرنے کو کہتی تھیں وہ کمزور پڑ چکی تھیں۔ یہ بات اہمیت رکھتی ہے کہ عبدالصمد خاں جو کہ تورانی جماعت کا ستون اور متعصب جماعت کا سربراہ کہا جاتا تھا اس نے بھی نظام الملک کی جزیہ نافذ کرنے کی تجویز کی مخالفت کی۔

پچھلے ابواب کے بیانات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اورنگ زیب کے نام سے وابستہ پالیسی کو اس کی وفات کے بعد کے چند ہی سالوں میں ترک کر دیا گیا۔ بعد میں اس پالیسی کو دوبارہ زندہ کرنے کی سعی خود مغل دربار میں تقویت حاصل نہ کر سکی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان میں وسیع النظری کی طاقتیں جتنا بادی النظری معلوم ہوتی ہیں اس سے زیادہ قوی اور با اثر تھیں اور ہندوستانی معاشرہ میں ایک مختصر سے زمانے کے لیے بھی اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی مکمل کامیابی حاصل نہ کر سکی۔

اٹھارہویں صدی کے اوائل ہی میں مذہبی عصبیت کا مغل دربار میں شکست کھا جانا بڑے دور رس نتائج رکھتا ہے۔ اس سے مغل دربار میں مشترک تہذیب کے بانیوں میں سے مانا جانے لگا جس میں ملک کے مختلف عناصر کے اثرات کا امتزاج کیا گیا تھا۔ یہ ایک ایسا تمدن تھا جس کی نشو و نما میں، ہندو مسلمان برابر کے شریک تھے۔ مغل دربار کی تمدنی حیثیت میں بہت اضافہ ہوا اگرچہ اس کی سیاسی حیثیت میں زبردست زوال آیا۔ اب تمدنی عمل کے دو نشانات تسلیم کیے گئے ایک اردو زبان اور ایک شہنشاہ محمد شاہ۔ ولی کے وقت سے دکنی اردو مغل دربار میں اپنی بہترین شکل میں نمو دار ہوئی اور یہ گویا ہندو اور مسلمانوں کا ایک نشان اشتراک بن گئی تھی۔ محمد شاہ نے فنونِ لطیفہ خصوصاً سنگیت کو بہت ترقی دی۔ اب پورے مہذب معاشرے کے لیے دربار گویا تہذیب و تمدن کا ایک اعلیٰ نمونہ بھی بن چکا تھا۔

یہ عوامل سیاست پر اثر انداز ہوئے بغیر رہ سکے شمالی ہندوستان کے اعلیٰ طبقہ کے ہندو اور مسلمانوں میں اس کی وجہ سے نہایت پُر خلوص تعلقات ہو گئے۔ اس سے مرہٹوں اور مغل حکومت کے درمیان جو پرانے زمانہ سے تنازعہ چلا آ رہا تھا وہ فرقہ وارانہ شکل اختیار نہ کر سکا۔

Marfat.com

## باب ھفتم

# حاشیے

1 بحوالہ خفی خاں۔ 911 ، 938 ؛ شیو داس 133 ؛ کامور 444 ۔

2 بحوالہ وارد (نسخہ حیدرآباد) صفحہ 399 ؛ خفی خاں 940

3 بحوالہ اقبال 130

4 بحوالہ اقبال 131 ؛ خفی خاں 936 ؛ کامور (اندراج مورخہ 24 دسمبر 1720ء) شیو داس نے جے سنگھ اور گردھر سنگھ کی عرضی کی نقل دی ہے (نسخہ پٹنہ 40 339) اقبال مزید لکھتا ہے کہ "شرح کا لحاظ کرتے ہوئے جے سنگھ نے اپنی جاگیروں اور زمینداروں بیشتر محال جزیہ کے بجائے دے دیے تھے" مزید مطالعہ کے لیے دیکھیے مصنف ہٰذا کا مقالہ "اورنگ کے عہد کے بعد جزیہ" انڈین ہسٹری کانگریس روداد 1946ء صفحات 27 - 20

5 بحوالہ ڈفرن جلد ا صفحہ 473 ، مظفر 307 ، ریاست 160

6 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی۔ نمبر 30 صفحہ 266 ۔ بظاہر نمبر 10 صفحہ 5 میں اسی ملاقات کا حوالہ دیا گیا ہے۔ تفصیلات موجود نہیں۔ نظام الملک نے پہلے ہی شاہو سے وعدہ کر لیا تھا کہ وہ حسین علی کی رعایات کو تسلیم کرے گا اور 3 ، دسمبر 1720ء کو اس نے خود اپنے دستخطوں سے ان رعایتوں سے متعلق اسناد جاری کیں۔ اس نے متعدد ان تھانوں کو واپس ملنے کے احکامات جاری کئے جن کا وہ دعوے دار تھا (مزید ملاحظہ ہو روداد انڈین ہسٹری ریکارڈس کمیشن روداد نمبر 27 صفحات 10-209 ۔

7 بحوالہ مرآۃ جلد ا صفحہ 37 ۔ حیدر قلی کے نائب، مہر علی خاں کو خوف تھا کہ اجیت کو بحال کر دیا جائے گا وہ کھمبایات سے ایک فوج کے ہمراہ آیا اور اس نے اجیت سنگھ کے نائب مہر خاں کو معزول کر دیا اور اس کے دیوان انوپ سنگھ کو بھی۔ اجیت کو باقاعدہ طور پر رجب 1133ء مطابق مئی 1720ء تک یعنی محمد امین خاں کی وفات تک اس کے عہدے سے برطرف نہیں کیا گیا۔

8 خانِ ساماں، سعدالدین خاں کے ایک خط میں، نظام الملک نے تحریر کیا، ہمارے اور

Marfat.com

اعتماد الدولہ (محمد امین خان) کے درمیان معاہدہ کی رو سے بہتر تو یہ تھا کہ موخر الذکر وزارت کا مدعی نہ ہوتا تھا اس معاہدہ کو پس پشت ڈال دینا ہمارے لیے قابلِ نفریں تھا لیکن اعتماد الدولہ سے رشتہ داری کی صورت میں ہم نے اپنے جذبات کو قابو میں رکھا اور اس کو برداشت کیا"۔ (بحوالہ آصف خاں صفحہ 40 - 139)

9 بحوالہ ایس پی۔ ڈی نمبر 14 صفحہ 47 رستم علی نے اس کا نام لاپرواہی کی پناہ گاہ"، رکھا تھا۔ (تاریخ ہندی صفحہ 535)۔

10 بحوالہ مراۃ جلد 5 - 4، معاصر الامراء جلد 3 صفحہ 746 اس زمانے میں عبدالغفور دنیا کا رئیس ترین تجار مشہور تھا۔ یہ عبداللہ خاں کی سیرت کے لیے قابل تحسین امر ہے کہ اس نے بغیر اپنے لیے ایک پیسہ بھی قبول کیے ہوئے، عبدالغفور کی جائداد اس کے بیٹے کو پوری کی پوری لوٹا دی۔

10-الف بحوالہ خفی خاں 940 - وارد 43- معاصر الامراء جلد 3 صفحہ 746

11 بحوالہ شیو داس 154، وارد 43 خفی خاں 940

12 بحوالہ وارد 8- 7 مراۃ جلد 2 صفحہ 47 - 45: خفی خاں، 94، 946، شیوداس 143، شاکر 16

13 خفی خاں 947 ستمبر 1722ء میں گردھر نے نظام الملک کی جانشینی کی (کام ور)

14 خفی خاں 962، 963۔ حدیقتہ 136- ریاست 163

15 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی۔ جلد 30 نمبر 310، 22 جلد نمبر 4، خفی خاں 946 راجواڑے 2 صفحہ 48

17 کام ور صرف یہ تحریر کرتا ہے کہ 25 مئی 1723ء کو سرونج کے مقام پر نظام الملک نے عظیم اللہ خاں کو مالوہ کا نائب صوبہ دار مقرر کیا۔ خفی خاں اس سلسلے میں خاموش ہے۔

18 بحوالہ خفی خاں 946، مراۃ جلد 2 صفحہ 48

19 - بحوالہ خفی خاں 947، وارد (علی گڑھ مسلم یونیورسٹی لائبریری کا نسخہ) 9-8 سیر 458

20 اوپر کے حوالے دیکھیے۔ خفی خاں کہتا ہے کہ نظام الملک، محمد حسین افغان کے ذریعہ اصفہان سے نکالے ہوئے صفوی حکمران کو بحال کرنے کے لیے مہم آغاز کرنے کی فکر میں بھی تھا۔ اردن (جلد 2 صفحہ 132) صحیح کہتا ہے کہ ایسی تجویز نظام کی جیسی محتاط طبیعت کے خلاف معلوم ہوتی

Marfat.com

ہے۔شاید اس قسم کی کوئی مبہم ہی گفتگو ہوئی ہوگی۔اصفہان کا 21 اکتوبر 1722ء کو زوال ہوا دلی میں یہ خبر 10 مارچ 1723ء کو پہنچی۔نظام الملک گجرات کے لیے دسمبر 1722 میں روانہ ہوگیا اور جولائی 1723 کو واپس ہوا۔دربار میں اس کی صورت حال پہلے ہی سے کچھ مشکوک تھی اس لیے اس بات کا یقین نہیں آتا کہ اس نے سنجیدگی سے اس تجویز پر سوچا ہوگا۔

21 وارد۔ 643 شیو داس 153,150 خفی خاں 940

22 وارد۔ 40 (او۔پی۔ال کا نسخہ) اور خفی خاں 949

23 دیکھئے معاصرالامرا جلد 3 صفحات 36 - 735

24 بحوالہ خفی خاں 949 کام ور 267

25 جے پور ریکارڈس (متفرقات جلد ا صفحہ 75) وارد جلد ا صفحہ 12

26 ایس۔پی۔ڈی۔ جلد 10 نمبر 1 و دیکھے کا مضف باجی راؤ صفحہ 13

28 بحوالہ شیو داس واردن جلد 2 صفحات 21 120

29 بحوالہ کاغذات واقعہ افواج مہاراجہ

30 بحوالہ اخبارات۔ اروِن (جلد 2 123) ٹھٹھ کے زوال کی تاریخ 18 نومبر لکھتا ہے

31 دیکھئے اصل کتاب کا صفحہ 127 جو اس سے قبل ہے

32 بحوالہ بال مکند نامہ 29 ، 5 - 33 یہ واقعہ رجب 1233ھ مطابق مئی 172 کا ہے صاحب مراۃ کے مطابق ایک افواہ یہ تھی کہ اجیت سنگھ کو اجمیر کا صوبہ دار رہنے دیا جائے گا۔

33 بحوالہ سیر صفحہ 453 تاریخ مظفری 317 خفی 938 (مذبذب) مراۃ جلد 2 صفحہ 38 - 37 اقبال صفحہ 375

35 36 ۔ انھیں حوالوں کو دیکھئے۔

36 بحوالہ خفی خاں صفحہ 938 سیر 54 - 453 ایلیٹ کہتا ہے (بحوالہ جلد 7 صفحہ 517) کہ نظام الملک نے اجیت سنگھ کو سخت سرزنش لکھی۔لیکن یہ خفی خاں کے مندرجہ الفاظ کا ایک غلط ترجمہ معلوم ہوتا ہے۔" دریں زمانہ اخبار آمدن نظام الملک نے اس بات پر اظہار ملال کیا کہ اجیت سنگھ کی بغاوت سے اس قدر چشم پوشی کی گئی۔(حوالہ تاریخ ہندی)

Marfat.com

جے سنگھ دسمبر 1722ء میں مالوہ پہنچا۔ ہولکر کی سرکردگی میں مرہٹے صوبہ کے اندر داخل ہوئے اور ہولکر نے منڈسور میں جے سنگھ کی افواج کو گھیر لیا۔ شہنشاہ کے اس موقعہ پر پہنچ جانے کے ارادہ کی خبر سے محصور افواج کا حوصلہ بڑھ گیا اور انھوں نے ہولکر کو منڈسور سے سولہ کوس کی دوری تک پسپا کر دیا۔ لیکن موخر الذکر نے اپنی مہم کو تیز تر کر دیا اور اب اس کے سامنے جے پور کا راستہ صاف اور خالی نظر آرہا تھا۔ جے سنگھ گھبرا گیا اور اس نے مرہٹوں سے امن کی تجویز پیش کر دی۔ مارچ 1733ء میں اس نے چھ لاکھ روپیہ بطور ضمانت کے اور چوتھ کی جگہ مالوہ کے اٹھائیس پرگنہ پیشوا کو دینے منظور کر لیے۔3

اس معاہدہ سے مالوہ میں مغل اور مرہٹہ کشمکش میں ایک نیا موڑ سامنے آجاتا ہے ابھی تک تو مرہٹے صرف چوتھ اور سردیش مکھی کی ہی مانگ کر رہے تھے اور اس رقم کو یا تو سالانہ یک مشت رقم کی صورت میں یا جاگیر کی صورت میں طلب کر رہے تھے لیکن اب چوتھ کی جگہ پر انھوں نے چند پرگنوں کی مانگ شروع کر دی تھی۔ اب لوٹ مار نہ کرنے اور حفاظت کی ذمہ داری کے بدلہ میں چوتھ طلب کرنے کا بہانہ ختم ہو چکا تھا۔ اب تو انھوں نے چوتھ کی مانگ کو گویا اپنی سرحدوں کی توسیع کرنے کا ایک وسیلہ بنا لیا تھا۔ اس کے بعد مالوہ میں چوتھ اور سردیش مکھی کی مانگ روز بروز پس منظر میں جاتی رہی اور اب اس صوبہ پر مکمل قبضہ کی مانگ کا آغاز ہو گیا۔ اب مالوہ میں مرہٹے خود کو اس قدر مضبوط اور محفوظ سمجھنے لگے تھے کہ جولائی 1732ء میں پیشوا نے اس صوبہ کو اپنے مخصوص سپہ سالاروں یعنی سندھیا ہولکر اور دونوں پاور بھائیوں میں بھی تقسیم کر دیا۔4

جے سنگھ کے معاہدے کے لیے شاہی تصدیق حاصل ہونے کا دور تک بھی نشان نظر نہ آتا تھا۔ ادھر دوسرے ہی سال 34-1733ء میں مرہٹوں نے ایک طرف تو راجپوتانہ پر حملہ کیا اور دوسری طرف دتیا اورچھا وغیرہ ریاستوں پر بھی دباؤ ڈالنا شروع کر دیا۔ مرہٹوں کی فوج میں چھترسال بندیلہ کے بیٹے بھی آکر شامل ہو گئے۔ کیونکہ ان کا 1733ء سے اپا کے ساتھ یہ معاہدہ ہو گیا تھا کہ وہ مرہٹوں کی مدد کریں گے اور جمنا پار کی فتوحات میں برابر کے حصہ دار ہوں گے۔5

Marfat.com

مرہٹوں کی بڑھتی ہوئی رفتار نے بالآخر دربار کو شدید خطرہ محسوس کرنے پر مجبور کر دیا اور 1732 اور 1735ء کے درمیان مرہٹوں کو مالوہ سے بے دخل کرنے کی تین مہمیں بروئے کار لائی گئیں 173233ء، میں وزیر اعظم قمر الدین خاں اسی نوے ہزار فوج کو لے کر مالوے کی سرحد تک پہنچا اور گوالیار کے ضلع سیتوپوری میں خیمہ انداز ہوا اس نے عظیم اللہ خاں کو مرہٹوں کو پسپا کرنے کے لیے روانہ کیا کیونکہ مرہٹے اس وقت شاہی کیمپ سے 15 یا 16 کوس کے فاصلہ پر تھے۔ عظیم اللہ نے پلاجی کو جا پکڑا اور شیو داس کے بقول ان کو شکست فاش دی اور انھیں نر بدا کے اس پار لوٹ جانے پر مجبور کر دیا۔ اس فتح سے مطمئن ہو کر عظیم اللہ پھر وزیر کی افواج سے آملا۔6 اسی اثنا میں مند سور کے مقام پر جے سنگھ کی شکست کا حال سب کو بخوبی معلوم ہو چکا تھا۔ نربدا پر کوئی ایسا دفاعی انتظام نہ کیا گیا جس کے ڈر سے آئندہ مرہٹے دوبارہ مالوہ میں نہ داخل ہونے پائیں۔ اورچھا کے راجاؤں اور راؤ رام چندر نے وزیر پر زور ڈالا کہ وہ چھتر سال کے بیٹوں کے خلاف ایک مہم بھیجے اور ان کی سرکوبی کرے کیونکہ وہ لوگ مرہٹوں سے ملے ہوئے تھے۔ وزیر راجہ جگت رائے کی سرحد تک پہنچا کہ اس نے ایک زمیندار کی مسلح بغاوت کی خبر سنی۔ یہ زمیندار اس کی غازی پور کی جاگیر میں ادارو نام کا تھا اور اس کے ہاتھوں اس کے داماد نثار خاں کی موت واقع ہو چکی تھی۔ انتہائی غضبناک ہو کر وزیر اس جگہ پہنچا اور اس پر قابض ہو گیا۔ سیتو داس اس کا چشم دید گواہ تھا۔ اس نے اس لڑائی کا آنکھوں دیکھا حال قلمبند کیا ہے۔ یہ ایک چھوٹے سے زمیندار کا شاہی وزیر کی خلاف ورزی کرنے کا اقدام شاہی اثر و رسوخ اور عظمت و عزت کے زوال پذیر ہونے کی طرف بھرپور اشارہ کرتا ہے۔6الف

17.33ء و 1734ء میں پچھلے سال کی حماقت کو پھر دہرایا گیا، یعنی مظفر خاں، خان دوراں کا بھائی، مرہٹوں پر حملہ کیے بغیر سرونج تک بڑھا اور آئندہ کے لیے مرہٹوں کے حملوں کا سدباب اور مالوہ کی حفاظت کا انتظام کیے بغیر واپس لوٹ آیا۔7

یہ شاہی مہمات نقطۂ عروج کو 35. 34. 17ء میں پہنچ گئیں جبکہ وزیر اعظم قمر الدین خاں اور بخشی الممالک خان دوراں کی سرکردگی میں دو زبردست افواج مرہٹوں کو نربدا کے پار پسپا کرنے کے لیے روانہ کی گئیں۔ خان دوراں کے ساتھ تمام راجپوت بشمولیت

Marfat.com

# ضمیمہ الف

## کیا 1735ء ، 1736ء میں کسی شاہی مہم کا وجود تھا؟

اردون جلد 2 صفحات (84 - 283) میں 36-1735ء کے دوران محمد شاہ کے اٹھارہویں سال، ایک شاہی مہم کا ذکر کرتا ہے اور اس کے بعد شہنشاہ نے جے سنگھ کی پیش کی ہوئی اس تجویز کو قبول کرلیا کہ اسے پیشوا باجی راؤ کے حق میں مالوہ کی حکمرانی سے دستبردار ہو جانا چاہیئے۔

سرکار بھی (دیکھئے "افعال علی" (صفحات 78-277) اردون ہی کا تتبع کرتا ہے۔ ڈاکٹر رگھبیر سنگھ (دیکھئے "مالوہ" کے صفحہ 239 کا فٹ نوٹ نمبر 1) کو اس بات میں شک ہے کہ فروری 1736ء میں مذاکرات شروع ہونے کے بعد اس مہم کو روک دیا گیا تھا۔ لیکن انھوں نے اس مسئلہ کو غیر فیصل ہی چھوڑ دیا ہے۔

بہر حال یہ بات بالکل صاف ہے کہ اس سال کسی قسم کی بھی مہم نہ ہوئی ہوگی صرف ایک مورخ آشوب ہے جس نے ایک مہم کا تذکرہ کیا ہے۔ اندرونی اور بیرونی حالات کی شہادت سے یہ بات واضح ہے کہ دراصل آشوب سترھویں سال کی 1734، 1735 والی مہم کی طرف اشارہ کرتا ہے لیکن اس کی تفصیلات یا تو خود مصنف کے ہاتھوں یا کسی بعد کے کاتب کے ہاتھوں مخلوط ہو گئی ہیں۔

آشوب 1735ء 1736ء میں یعنی اٹھارہویں سال میں دو مہموں کا تذکرہ کرتا ہے پہلی تو وہ جس میں وزیر قمرالدین خان کی سربراہی میں براستہ میواڑ، پیلاجی گائیکواڑ سے متعدد ٹکراؤ ہوئے (دیکھئے آشوب صفحات 355 - 362) لیکن یہ ناممکن ہے کیونکہ اس سال پیلاجی بیمار تھا اور اس نے شمالی ہند کا رخ کیا ہی نہ تھا (بحوالہ ایس پی. ڈی جلد 22 نمبر 306-309 صفحات 168 - 170 دیکھیے فٹ نوٹ نمبر 9 صفحہ 123) اس کے بعد تال کٹورا کے مقام پر ملہر ہولکر کے خلاف جے سنگھ اور خان دوراں کی جنگ کا مفصل ذکر ہے دیکھئے آشوب (صفحات 74-363) یہ دراصل پچھلے سال کی مہم کی طرف اشارہ ہے کیونکہ (1) 1734-1735ء خاص اسی مقام پر اس قسم کی ایک جنگ ہوئی تھی (2) آشوب نے باجی راؤ کی کسی نقل و

Marfat.com

و حرکت کا ذکر نہیں کیا ہے بلکہ جسے کونکن کے سلسلے میں مشغول دکھایا گیا ہے (3) یہ بھی کہا گیا ہے کہ جے سنگھ سے چوتھ کے سلسلے میں ایک معاہدہ مکمل کر کے ملہار دکن کو لوٹ گیا (دیکھئے آشوب صفحہ 374) لیکن ہمیں یہ یقینی طور پر معلوم ہے کہ اپریل 1736ء میں ملہار ایک مہم لے کر مارواڑ میں پہنچا اور پوری برسات اسی مہم میں مصروف رہا (4) جنوری میں ہنگا نے جے پور میں جے سنگھ سے ملا (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 14 صفحہ 50) فروری میں خان دوراں دہلی میں تھا (جلد 14 صفحہ 56) مارچ میں باجی راؤ جے سنگھ سے ملا (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 30 صفحات 22، 3 - 24) اگر یہ سب کچھ صحیح ہے تو پھر یہ مہم مذکور کب وقوع پذیر ہوئی ہوگی؟

مرہٹوں کی مہموں سے متعلق آشوب کی تاریخیں غیر یقینی ہیں جیسا کہ وہ خود (صفحہ 219) پر کہتا ہے کہ اس کے کاغذات ایک سیلاب کے دوران مخلوط ہو گئے۔ سترہویں سال کے حالات میں (جو کہ صفحات 347 - 353 تک میں اور جن کی تاریخ 1147ھ لیکن جس کو غلط طور پر اٹھارہویں شاہی سال کے تحت درج کر دیا گیا ہے) بندیل کھنڈ میں قمرالدین کی کارروائی کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

خان دوراں اور جے سنگھ کی کارروائیوں سے متعلق بیان دفعتاً صفحہ 363 پر ختم ہو جاتا ہے (جو کہ 1148ھ کے تحت درج کر دیا گیا ہے) یہ بالکل واضح ہے کہ آشوب کے وہ بیانات جو صفحہ 347 - 353 تک میں اور مورخہ 1147ھ میں وہ ایک ہی سال یعنی 1147ھ مطابق 1734ء 1735ء سے متعلق ہیں۔

اس سے ثابت ہے کہ 1735ء - 1736ء میں کسی شاہی مہم کا ثبوت نہیں ملتا۔

Marfat.com

## ضمیمہ (ب)

# بنام شری مہاراج دھراج مرزا راجہ سوائی جی سنگھ جیو مد ظلہٗ العالی

فدوی خانہ زاد پنچولی جگجیون داس بعد ادای تسلیمات و کورنش (جیسا کہ صحیح الاعتقاد خانہ زادوں کا طریقہ چلا آیا ہے) حضور لامع النور اور قبلہ عالیان کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ اس عریضہ سے قبل عثمان خاں قراول کے پہنچنے کی حقیقی کیفیت اور زبانی تفصیلات آپ کے علم میں آچکی ہوں گی۔ نواب امیر الامرا بہادر نے عثمان خاں کی زبانی تفصیلات کو حضرت ظل سبحانی کے گوش گزار کر دیا۔ حضرت سبحانی بہت زیادہ برافروختہ اور پریشان ہوئے چنانچہ نواب قطب الملک خاندوراں بہادر اور میر جملہ کو تنہائی میں بلایا اور فرمایا کہ ہم یہ بات جانتے ہیں کہ مرزا راجہ سوای جی سنگھ اظہار بندگی میں صادق ہے عثمان خاں کے بیان سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ وہ مہاراجہ اجیت سنگھ سے متفق ہے۔ اور اس وقت تک حکمت عملی سے بات کو ٹالتا رہا ہے۔ جہاں تک گجرات اور مالوہ اور برہان پور کی صوبہ داری کے بارے میں التماس کا تعلق ہے تو یہ امر ممکن العمل نہیں ہے کہ ہم دونوں کو ایک ہی جانب بھیجدیں اگر یہ درخواست ہم نے قبول کر لی تو اس سے سلطنت میں انتشار پیدا ہو جائے گا حضرت نے امیر الامرا بہادر سے دریافت فرمایا کہ اب تمہاری روانگی میں تاخیر کا سبب کیا ہے؟ چنانچہ نواب امیر الامراء بہادر کی روانگی کے بارے میں سخت تاکید فرمائی نواب امیر الامراء کے ہمراہ جو فوج روانہ کی جائے گی اس کی تفصیل علیحدہ آپ کی خدمت میں عرض کی جائے گی۔ نواب امیر الامراء بہادر کی روانگی کے بارے میں بارگاہ شاہی سے سخت تاکید ہے۔ یہ امر یقینی ہے کہ رمضان کے بعد روانگی عمل میں آئے گی۔ فدوی کو نواب صاحب نے بلا کر بھیجا تولا رام کی معرفت یہ تمام تفصیلات بتائی ہیں اور یہ حکم دیا کہ اس کو اس طرح قلم بند کیا جائے کہ زبانی اصلاح کا پتہ نہ چلے۔ اور یہ ممکن نہیں ہے کہ دونوں اصحاب کو ایک ہی جانب صوبہ داری عطا کی جائے۔

ہوا خواہی اور خیر اندیشی کے میاں سے عرض ہے کہ اگر آپ کی رائے ہو اور آپ ارشاد فرمائیں تو لاہور، الٰہ آباد، اودھ یا بنارس میں سے کسی ایک کی صوبہ داری مہاراجہ

Marfat.com

اجیت سنگھ جیو کے نام اور مالوہ یا برہان پور کی صوبہ داری آپ کے نام کے بارے میں نواب صاحب سے عرض کیا جائے لیکن گذارش یہ ہے کہ فدوی کی یہ عرض داشت کسی پر ظاہر نہ ہو۔

یہاں کے حالات کی نوعیت یہی ہے۔ جو آپ کی خواہش ہو اس سے جلد مطلع کیا جائے اور ہر مضمون کا پروانہ الگ الگ روانہ فرمایا جائے تاکہ مناسب موقع پر نواب صاحب کے گوش گزار کیا جائے۔ نواب صاجب نے فرمایا تھا کہ ہم یہ بات جانتے ہیں کہ ہمارے اور مرزا راجہ جیو کے درمیان جو معاہدہ ہو چکا ہے اس میں کسی قسم کے فرق کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اس لیے کہ مردوں کے عہد میں جان ہوتی ہے لیکن عثمان خاں کے زبانی بیان سے اس حقیقت میں نام کے لیے بھی اصلاح نہیں ہوتی۔

سری رانا جیو دسری مہاراجہ اجیت سنگھ جیو نے اپنے وکلاء کو لکھ دیا ہے کہ نواب صاحب کی فوج کے ساتھ آجائیں۔ فدوی کو جس طرح حکم ہو گا اس کی پابندی کرے گا اور خانہ زاد دھرام کو روانگی کے بارے میں دربار سے اطلاع ملی ہو گی اس لیے کہ حضرت سبحانی نے سخت تاکید کر دی ہے لہٰذا عنقریب روانگی ہو گی۔ اس سے زیادہ عرض کرنا میرے امکان سے خارج ہے۔

خدا کرے دولت وجاہ کا سورج، خوش بختی اور بزرگی کے مطلع سے ابدالآباد تک چمکتا رہے۔

## ضمیمہ ج

### بتاریخ ہفتم رمضان سنہ 2 ھجری کیا گیا

فدوی کو جو اس بارگاہ عالی کا خادم ہے، صوبہ مالوہ کے مرہٹوں کی تنبیہ کے لیے مامور کیا گیا ہے۔ خدا کے فضل و کرم اور بادشاہ کی خوش بختی سے ان کی تنبیہ میں معروف ہو جاؤں گا۔ عرصہ دراز سے اس جماعت کا تعلق اس مبارک فال صوبہ سے ہے۔ اگر امسال ہماری فوج کی بنا پر ان کو دخل حاصل نہ ہوا یا ان کی تنبیہ ہو گئی تو اس طرح ہر سال ان پر ایک بڑی رقم کا خرچ ہونا ظاہر ہے اس لیے میری خواہش ہے کہ راجہ ساہو کو جو خلد مکان کے زمانہ سے بندگی کے شرف سے مشرف ہے۔ ان کے بیٹے کس سنگھ

Marfat.com

کے نام سے دس لاکھ روپیہ کی جاگیر عطا کی جائے اس شرط کے ساتھ کہ صوبہ مالوہ میں کسی قسم کی شورش نہ ہو گی اور وہاں کے ناظم کی امداد کے لیے تو فوج مہیا کی جائے گی۔ اس صورت میں بادشاہ کا ملک محفوظ ہو جائے گا اور فوج کشی کے مصارف میں بھی کفایت ہو جائے گی اور اگر اس کے باوجود روگردانی کی تو سزا پائے گا۔ مجھے توقع ہے کہ فی الحال اگر کچھ کم یا زیادہ بھی مقرر ہو جائے گا تو منظور ہو جائے گا اور آیندہ اہل غرض کی باتوں کی طرف توجہ نہ کرے گا۔

Marfat.com

# باب نہم

## حاشیے

1. بحوالہ جے پور ریکارڈس دیکھئے آیامل کا خط مورخہ 13 اسوج بدی 1789 ہندی مطابق 6 ستمبر 1732ء ہندی خطوط جلد 3۔ نمبر 28 ، 29 صفحات 48-51

2. بحوالہ خجستہ کلام مرتبہ صاحب برائے صفحہ 314-15 ، روشن 321 22 وار 115 16

3. بحوالہ ایس۔پی۔ڈی۔ جلد 14 نمبر 2، 7، 9 جلد 15 نمبر 6 وجلد 33 صفحات 310-11 وی، وی جلد 2 صفحہ 1218-1220

4. بحوالہ ایس۔پی۔ڈی۔ جلد 14 نمبر 10، 13، 18 (جلد 14 کی صحیح تاریخ 9 اپریل 1734ء ہے)

5. بحوالہ اقبال صفحہ 194-96 ، ایس۔پی۔ڈی جلد 14 نمبر 9

6. بحوالہ تاریخ ہندی صفحہ 525 سیر 467 ، اروِن جلد 2 صفحہ 279۔ آشوب کے قول کے مطابق دیکھئے صفحہ 286-87 جب مظفر خاں مالوہ پہنچا اس نے اپنے خیموں کے چاروں طرف خندقیں کھودلیں اور ملہار کے حملے کا انتظار کرنے لگا لیکن ملہار نے اس کی آرزو کو پورا کرنے سے احتراز کیا اور اس کی بجائے اس نے اس کے پڑاؤ کو گھیر لیا اور اس کی رسد کے راستے بند کر دیئے۔ بالآخر برسات کی آمد پر مرہٹے نرمدا کے پار لوٹ گئے اور مظفر خاں دلی واپس آگیا۔

7. بحوالہ وی۔ وی صفحات 1220-21

8. بحوالہ ایس۔پی۔ڈی۔ جلد 14 نمبر 22-23۔ مرہٹہ وکیل نے دھار، نارو اور شیو دیو کے مقام پر جے سنگھ اور خان دوراں کی افواج کا 2 لاکھ سوار اور لاتعداد پیادوں کا اندازہ لگایا اتہاس سنگرہ (ایت چریتن خط نمبر 68) اس تعداد کو پچاس ہزار بتاتا ہے۔ جو زیادہ قابل قبول ہے۔

9. بحوالہ ایس۔پی۔ڈی جلد 14 نمبر 23، 21، 29، 27، 24، 26، 57 جلد 22 صفحہ 284، تاریخ ہندی صفحات 526-27 آشوب پر مبنی، اروِن کا بیان نہایت ہی الجھا ہوا ہے۔ دیکھیے ضمیمہ الف۔ قاسم (بحوالہ مخلوط سرکار 388) کا اندازہ ہے کہ مرہٹوں نے خود جے سنگھ کے اشارے ہی پر حملہ کیا تھا۔ جے سنگھ نے نظام پر مرہٹوں کو اکسانے کا الزام

Marfat.com

لگایا اور مصنف کے بقول خان دوران کو مرہٹوں سے تصفیہ کر لینے پر آمادہ کیا تاکہ آیندہ مرہٹوں کے حملوں کا مستقل طور پر سد باب ہو سکے۔ چنانچہ سالانہ 22 لاکھ دینا منظور کیے گئے اور مہادیو بھٹ خان دوراں کے ساتھ دلی تک گیا۔

9- الف بحوالہ تاریخ ہندی صفحات 528 - 29

10 بحوالہ ایس۔پی۔ ڈی جلد 20 صفحہ 134۔ سربلند خاں کو ایک ہزار دن کے لیے دربار سے خارج کر دیا گیا تھا کیونکہ وہ اپنی جگہ ابھے سنگھ کے گجرات کا صوبہ دار مقرر ہونے پر ابھے سنگھ سے غیر قانونی طور پر لڑ بیٹھا تھا (دیکھیے سعادت جاوید مصنفہ ہرنام داس وایلیٹ جلد 8 صفحہ 340 ) اب وہ مدت پوری ہونے پر دربار میں واپس آ گیا تھا۔

11 بحوالہ ایس۔پی۔ ڈی جلد 14 نمبر 47 محمد خاں بنگش نے بتایا کہ سعادت خاں نے چار صوبوں اور میر بخشی کے عہدے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ لیکن شہنشاہ اس کو دو صوبے دینے اور دو کروڑ روپے ادا کرنے کے لیے تیار ہو گیا تھا (دیکھیے ایس۔پی۔ ڈی جلد 30 نمبر 134) اور بہت سی تجویزیں بھی سامنے آئیں کہ محمد خاں کو آگرہ اور مالوہ اور سعادت خاں کو پٹنہ دے دیے جائیں یا یہ کہ محمد خان کو الہ آباد ملنا چاہیے۔ سعادت خاں کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ وہ خان دوراں کو الہ آباد کے صوبہ کی صوبہ داری دلانے کے لیے 15 لاکھ روپیے کی رشوت دینے کو تیار تھا۔ (دیکھیے ایس۔پی۔ ڈی جلد 14 صفحات 39 - 42 وخجستہ صفحات 129 - 140)

11 الف ایس۔پی۔ ڈی جلد 14 صفحہ 47

12 دیکھیے بی۔ آئی۔ ایس۔ ایم سہ ماہی جلد 12 صفحہ 4 ، دیکھیے ہرصفحہ 141

13 اس موقع پر رستم علی کے الفاظ سے تقابل کیجیے۔ نظام الملک اسلام کی طرف سے انتہائی عداوت کی بنا پر ہمیشہ غیر مسلموں اور قانون شکنوں کی ہمت افزائی کرتا رہتا تھا۔ دیکھیے تاریخ ہندی صفحہ 565

14 دیکھیے ایس۔پی۔ ڈی جلد 14 صفحہ 39

15 دیکھیے خجستہ صفحات 228 - 230 - 233 - 256 - 259 ، 283 - 84 جے۔ اے۔ ایس۔ بی 1878ء صفحات 337 - 28

16 دیکھیے ایس۔پی۔ ڈی جلد 14 صفحہ 47 ، 51 ، جلد 20 صفحہ 134

17 ملاحظہ ہو سرکار کی تصنیف "زوال" (صفحہ 263 - 64) سرکار نے دشمن کے غیر معتبر بیان کا اعتبار کر کے (صفحہ 32،39) لکھ دیا ہے کہ جے سنگھ بھمبولاؤ کے مقام پر باجی راؤ سے

Marfat.com

ملا اور اسے بتایا کہ ابھی دہلی پر حملہ کرنے کا وقت نہیں آیا ہے۔ پیشوا اس ارادہ کے لیے اسے سال آئے تو اچھا ہے وغیرہ وغیرہ لیکن ایس .پی. ڈی کی نظر میں اس بیان کی یہ تشریح غیر درست ہے۔

18 دیکھیے ایس .پی. ڈی جلد 14 صفحہ 47 جے سنگھ نے جو اپنے اخیر کے ذریعہ شرائط رکھی تھیں وہ یہ تھیں 20 لاکھ کی نقد ضمانت چوتھ کی بجائے مالوہ میں 40 لاکھ روپیہ کی ایک جاگیر اور دوست محمد روہیلہ کے علاقہ پر ایک تنخواہ (بحوالہ ایس .پی. ڈی جلد 14 صفحہ 50)

19 ملاحظہ ہو ضمیمہ نمبر الف

20 دیکھئے ایس .پی. ڈی جلد 30 صفحات 321۔22۔ فروری سے لے کر اپریل 1732 تک ایک لاکھ سات ہزار پانچ سو روپے مل چکے تھے۔

21 دیکھیے ایس .پی. ڈی جلد 12 صفحہ 168 دجلد صفحہ 42، 50؛ جلد 30 صفحہ 41 رہنگان دفتر نمبر 3، دیکھئے صفحہ 124 اودے پور سے باجی راؤ نے اپنی ماں کو لکھا دہلی کے معاملات کچھ زیادہ امید افزا معلوم ہوتے ہیں۔ نجابت علی، خان دوراں سے اور آیا مل، جے سنگھ سے ہم کے اخراجات لے کر پہنچ رہے ہیں۔ خاص بات یہ ہے کہ شہنشاہ ہماری دوستی کا طالب ہے (دیکھیے ایس .پی. ڈی جلد 14 صفحہ 50)

22 بحوالہ ایس .پی. ڈی جلد 20 صفحات 322 - 24 اس حوالے کو دیکھنے کے بعد اس سلسلے میں کوئی شک باقی نہیں رہتا۔ پیشوا جے سنگھ کے ساتھ 18 دن مارچ تک رہا۔ چنانچہ ارون کی دی ہوئی تاریخ 8 ربیع الاول مطابق 16 جولائی 1736؛ کو نیز جائے ملاقات یعنی دھول پور کو ناقابل یقین سمجھنا چاہیئے دھول پور میں کسی دوسری ملاقات کا بھی سوال نہیں ہے کیونکہ مئی کے اواخر میں پیشوا مالوہ میں دو ماہ کے قیام کے بعد دکن کے لیے روانہ ہو گیا بحوالہ ایس .پی. ڈی جلد 22 نمبر 333. دہنگان دفتر 1، 2، 3،

23 بحوالہ ایس .پی. ڈی جلد 14 نمبر 31، 41 اس نے مرہٹہ وکیل سے کہا "اگر تورانیوں نے دکنی لوگوں کو ہموار کر لیا تو وہ مجھے پس پشت ڈال دیں گے۔ اس لیے میں تو تمام معاملات میں پیشوا کی ہم نوائی کروں گا۔"

24 بحوالہ ایس .پی. ڈی جلد 14 صفحہ 54

25 بحوالہ ایس .پی. ڈی جلد 15 صفحہ 89، 91

Marfat.com

26 باجی راؤ کے مختلف اوقات میں مانگے ہوئے مطالبات بمع جواب کے الگ یادیوں یا دداشتوں میں محفوظ ہے کیونکہ ان یادیوں پر تاریخیں پڑی ہوئی نہیں ہیں ان کی ترتیب اندرونی ثبوتوں کی بنا پر ہی مقرر کی جاسکتی ہے۔

27 یہ بات قابل غور ہے کہ کس طرح باجی راؤ، شاہو اور اس کے اہل خاندان کو شہنشاہ کی دی ہوئی مراعات سے محروم کرتا چلا جاتا ہے۔ 1730ء میں خاص مطالبہ شاہو کے متبنیٰ بیٹے فتح سنگھ بھونسلے کے لیے 10 لاکھ کی جاگیر کے لیے تھا دیکھئے اصل کتاب کا صفحہ 204، 205

28 اس کو تین قسطوں میں ادا ہونا تھا (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی۔ جلد 15 صفحہ 93) بعد کو ایک الگ یادی میں دو لاکھ باجی راؤ کے بھائی چمناجی کے لیے طلب کیے گئے (دیکھئے پچھلا حوالہ) ایک دوسری یادی سے پتہ چلتا ہے کہ شہنشاہ باجی راؤ کو 15 لاکھ دینے کو راضی ہو گیا اس کے دربار میں حاضر ہونے سے قبل حاضری کے دوران اور حاضری کے بعد (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 15 صفحہ 94، 97) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا تعلق جنگ کے ان اخراجات سے ہے جس کا پہلے ہی مطالبہ کر لیا گیا تھا اور جس پر باہمی رضامندی بھی ہو گئی تھی۔ 29۔ دیکھئے تاریخ ہندی صفحہ 350۔ 30۔ بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 15 صفحات 92۔ 93

31 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 15 صفحات 92، 95، 96۔ شہنشاہ اس امر پر 6 لاکھ روپئے کے بدلے میں راضی ہوا (بحوالہ ڈفرن جلد ا صفحہ 433)

32 دیکھئے اقبال صفحہ 192

33 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 14 صفحہ 94 ریسر صفحہ 468، 474 اور ڈفرن (جلد ا صفحہ 432) کہتا ہے کہ یادگار خاں یعنی خان دوراں کے سفیر کو دہلی سے پیشوا کے پاس گفت و شنید کے لیے بھیجا گیا۔ ان کو پوشیدہ طور پر مالوہ کے چوتھ اور سر دیش مکھی جمع کرنے اور راجپوت ریاستوں یعنی بندی اور کوٹہ سے لے کر بھداوار تک کے علاقے سے دس لاکھ ساٹھ ہزار روپے تک کا خراج وصول کرنے کے فرمان دے دئے گئے تھے۔ اس کا مقصد مرہٹوں اور راجپوتوں کے درمیان مخاصمت پیدا کرانا تھا۔ یادگار خاں کو حکم تھا کہ سخت ضرورت در پڑنے کی صورت میں یہ شرائط ظاہر کرے۔ مغلوں کی بدقسمتی سے مرہٹوں کے ایجنٹ نے اس مقصد کو بھانپ لیا اور اس نے اپنے مالک کو باخبر کر دیا۔ باجی راؤ نے اس کو مجبور و معذور پا کر اپنے مطالبات میں اضافہ کر دیا۔

Marfat.com

34 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 22، صفحہ 134، ظاہر ہوتا ہے کہ 20 لاکھ نقد اور مالوہ میں 40 لاکھ کی جاگیر اور بھوپال کا بطور تنخواہ کے دیا جانے منظور ہو چکا تھا۔ شیو داس (بحوالہ اقبال صفحہ 193) کہتا ہے کہ باجی راؤ کو دکن پر 7 لاکھ روپے سالانہ تنخواہ اس کے دربار میں پہنچ کر وفاداری کا عہد کرنے پر دی جانی طے ہوئی تھی باجی راؤ کو مالوہ کی نائب صوبہ داری کا فرمان 29 ستمبر 1736ء تک جاری نہ کیا گیا تھا (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 15 صفحہ 86 مرتب کی دی ہوئی انگریزی تاریخ غلط ہے) یہ بھی افواہ تھی کہ شہنشاہ نے باجی راؤ کو سات ہزاری اور چلا جی راؤ کو پانچ ہزاری منصب بھی بخش دیا تھا۔

35 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی۔ جلد 15 صفحہ 94۔95 یہ مطالبات دو علیحدہ علیحدہ یادیوں میں محفوظ ہیں جس میں سے پہلی نظام الملک کو تحریر کی گئی تھی۔ یہ واضح نہیں کہ نظام کو یہ مطالبات کب پیش کیے گئے شہنشاہ کا جواب کہیں تحریر نہیں ہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ مطالبات رد کر دیئے گئے تھے۔

36 دکن کے بیے مغل نائب حکمراں کی نامزدگی کا حق مرہٹوں نے مبارز خاں سے گفتگو کے وقت 1724ء ہی میں طلب کر لیا تھا (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد نمبر 1) حیدر آبادی کی صوبہ داری اور متعدد اہم قلعوں کی حوالگی کے مطالبے بھی کیے جا چکے تھے۔ 1733ء میں سعادت نے یہ موضوع پھر چھیڑ دیا جس نے دکن اور مالوہ پر مرہٹوں کے ذریعہ صوبہ داروں کے نامزد کیے جانے کے حق کو تسلیم کر لیا بشرطیکہ وہ نظام کے خلاف مہم کا آغاز کرتے (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 23 نمبر 9) اسی پس منظر میں 1736 کے دکن سے متعلق مطالبات کچھ زیادہ حیرت انگیز نہیں معلوم ہوتے

37 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی۔ جلد 15 صفحہ 95-96

38 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 5 صفحہ 89، 91 جلد 30 صفحہ 196

39 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 12 صفحہ 33۔ رہنگان دفتر 3-6 پیشوا نے شکایت کی کہ یادگار خاں کی آمد پر 20 روز کی مدت میں مطالبات کا جواب بھیج دیا جائے گا۔ وہ مالوہ میں دو ماہ تک منتظر رہ چکا تھا لیکن کوئی جواب اسے نہ مل سکا جبکہ وہ پڑاؤ میں اپنے اخراجات کے سبب تباہ ہو چکا تھا۔

40 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی جلد 15 صفحہ 94، 96، 87، 89، 44۔ بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی۔ جلد 33 صفحہ 196

41 دیکھئے برٹش کرانکل نمبر 27 پیشوا کا خط اپنے بھائی چمناجی کے نام دیکھئے انگریزی ترجمہ

Marfat.com

پیشواؤں کا عروج مصنفہ ایچ۔ این سنہا صفحات 136- 139

42 1735ء میں مرہٹہ وکیل جے پور تے ایک اشارہ پیشوا کو ان الفاظ میں بھیجا تھا "پیشوا کی طاقت اتنی زبردست ہے کہ دہلی پر قبضہ جمانے کا یہ وقت نہایت ہی مناسب ہے اور اب اس حکومت کو باسانی چھترپتی کے حوالے کیا جاسکتا ہے (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 30 صفحہ 134) لیکن بظاہر باجی راؤ سے اس کا کوئی جواب موصول نہ ہوا سردیسائی لکھا ہے کہ ہندو۔ پد۔ پادشاہی کا خواب علاقائی خواہشات سے نہیں بلکہ مذہبی خواہشات سے منسلک تھا (دیکھئے دی نیو ہسٹری آف مرہٹی پیوپل جلد 2 صفحات 35

43 دیکھئے ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 30 صفحہ 196 رتاریخ ہندی 539

44 بحوالہ برٹش کرانکل صفحہ 27 پیشوا جی نے چمناجی کو اپنے روپے کی ان الفاظ میں وضاحت کی۔ میں شہنشاہ کو حقیقت سے آگاہ ہو جانے پر مجبور کر دینا چاہتا تھا۔ یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ میں ابھی ہندوستان میں ہوں اور یہ کہ مرہٹے پایہ تخت دہلی کے دور دراز تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔ خان دوراں اور بنگش آگرہ پہنچ گئے اور سعادت خاں کے ساتھ شریک ہو گئے جو پہلے ہی فوج لے کر آگرہ پہنچ چکا تھا۔ میرا وکیل ڈھونڈو پنت خان دوراں کے ساتھ ہی تھا۔ سعادت خان نے اس کو پیغام بھیجا کہ باجی راؤ کی فوج کو پسپا کر دیا گیا ہے اور یہ کہ وہ چنبل کے اس پار جا چکا ہے اور اب اس کے سفر کا لحاظ کرنا ضروری نہ تھا اس لیے اب اس کو فوراً برخاست کر دینا چاہیئے چنانچہ ڈھونڈو پنت کو واپس بھیج دیا گیا اور وہ میرے پڑاؤ میں پہنچ گیا۔ اب میں نے پایۂ تخت کو لوٹنے کا خیال بدل دیا۔ میں جانتا تھا کہ خان دوراں میرے مطالبات پورے کرنے پر مائل ہیں لیکن مغلوں کا گروہ امن پسندی کی پالیسی کا مخالف ہے۔ ما میں پایہ تخت کی لوٹ مار کر کے اپنے حامیوں کو شرمندہ اور مجبور کرنا چاہتا تھا۔ اس لیے میں نے شہنشاہ کو یقین دہانی کے خطوط لکھے۔

45 بحوالہ ایس پی۔ ڈی نمبر 15 صفحہ 29 رتاریخ ہندی صفحہ 542۔ آشوب (بحوالہ نسخہ بر 125 الف) کہتا ہے کہ حملہ کے بعد خان دوراں نے شہنشاہ سے باجی راؤ کو مالوہ کی صوبہ داری اور 13 لاکھ نقد دینے کی طرف مائل کیا جیسا کہ وعدہ تھا۔ تاہم صفحہ 359 پر (نسخۂ سرکار) میں کہتا ہے کہ حملہ کے بعد وزیر نے ہنگامے کو صلح کے لیے طلب کیا۔ مو اخر الذکر نے مالوہ، اجین (بندیل کھنڈ) اور گجرات کی چوتھ کا مطالبہ کیا۔ صاحب سیر کے مطابق بھی صلح کی گفتگو کے آغاز ہو جانے کا ذکر ملتا ہے لیکن دوسری طرف مرہٹہ وکیل نے لکھا کہ جے سنگھ کے ذریعہ سے جو صلح کی گفتگو شروع ہوئی تھی۔

Marfat.com

وہ ناکام یاب ہو چکی تھی نظام آرہا تھا اور اس آنے پر ہی ہر بات کا فیصلہ ہو سکتا تھا (بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 15، 33

46 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 15 صفحات 36، 23، 33 رنمبر 19 صفحہ 27، 2 نظام الملک دہلی کے لیے 17، ذی الحجہ مطابق 7، اپریل 1737ء کو روانہ ہوا مرہٹہ وکیل نے لکھا کہ اس نے باجی راؤ کے لیے بہت کچھ دوستی کے جذبات ظاہر کیے لیکن اس کے اصل ارادے بالکل مختلف تھے اس کا خیال ہے "اگر باجی راؤ دہلی جا کر شہنشاہ سے ملتا ہے تو میرا کیا ہوگا؟ دکن کے لیے ایک نئے صوبیدار کا تقرر ہو جائے گا۔ اس سبب سے اس نے تمام امراء کو اور شہنشاہ کو لکھا ہے کہ وہ خود آ رہا ہے۔ شاہی خزانے کی مدد و نصرت سے، لوٹ مار کرنے والوں (غنیموں کو) پسپا میں کون سی دشواری حائل ہو سکتی ہے اس پر شہنشاہ نے باجی راؤ کی ملاقات کو ملتوی کر دیا اور نظام کو نان کا ایک پارہ (روٹی کا ایک ٹکڑا) (آنے کی دعوت کے اشارے کے طور پر) بھیجا۔"

47 بحوالہ برٹش کرانکل صفحہ 33- 35 و "ریاست" صفحہ 71 3-72۔ اس کے مطابق یہ خیال غیر تاریخی معلوم ہوتا ہے کہ نظام الملک کو پال کھنڈ میں شکست دے کر (1727ء میں) باجی راؤ نے دکن پر پورا تسلط حاصل کر لیا تھا۔ دیکھیے "ڈیگھے" صفحہ 20

48 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 51 صفحہ 53

49 بحوالہ ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 10 صفحہ 27 نمبر 15 صفحہ 56 - 58 نمبر 30 صفحہ 207 (نمبر 10 کی صفحہ 27 کی صحیح تاریخ 10 جنوری 1737ء ہے وک 10 جون 1724ء) کہا جاتا ہے اس کے افواج بڑھ کر 70 ہزار تک پہنچ گئی تھی لیکن پیشوا اپنے خطوط میں 35 ہزار لکھتا ہے (برٹش کرانکل 134) کہا جاتا ہے کہ اس وقت سعادت کی فوج کا ایک دستہ بھی شامل ہو گیا تھا۔ (نمبر 20 صفحہ 707) ارون (جلد 2 صفحہ 204) ڈفرن کے حوالے سے (جلد ا صفحہ 397) لکھتا ہے کہ صفدر جنگ کی سربراہی کے دستہ کو ملہر ہولکر اور جسونت پوائے راستہ ہی میں روک کر شکست دے دی۔ لیکن ایس۔ پی۔ ڈی نمبر 30 صفحہ 207) قطعی طور پر لکھتا ہے کہ سعادت خاں کی بھیجی ہوئی افواج نے 20 ستمبر کو شرکت کی بحوالہ (این۔ ایس)

50 یحییٰ حسین خاں (دیکھیے کتاب "آصف جاہ" صفحہ 123) کہتا ہے کہ نظام الملک کامیابی کے ساتھ حملہ آور د ہو سکا۔ کیونکہ اس نے راجپوتوں اور بندیلوں کو ناقابل اعتبار پایا وہ بھی ایسے وقت میں جب کہ یلغار کی ضرورت ہو۔ در اصل وہ دشمن کو نظام الملک کی تدابیر اور عزائم کے سلسلے میں

Marfat.com

پوشیدہ طور پر اطلاع بہم پہنچا رہے تھے۔" خود پیشوا نے بھی اس بات کی تصدیق کی ہے کہ نظام اور راجپوت ایک دوسرے کے سلسلے میں مشکوک تھے (بحوالہ برٹش کرانکل صفحہ 33) لیکن اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ مرہٹوں اور راجپوتوں کے درمیان پوشیدہ طور پر کوئی معاہدہ قائم تھا۔ درحقیقت راجپوتوں نے تو جنگ کے اصل حملہ کو اپنے سینے پر روکا جس کے نتیجے میں ہزاروں جانیں ضائع ہوئیں (برٹش کرانکل 33) پیشوا نے چمناجی کو لکھے ہوئے خطوط میں جنگ کی پوری تفصیل دی ہے۔ اس نے ان خطوط میں راجپوتوں کی کسی مدد یا کسی اطلاع کا ذکر نہیں کیا ہے لیکن جب نظام کے پڑاؤ میں قحط پڑا تو ہر شخص نے راہ فرار اختیار کی اور راجپوت بھی وہاں سے رخصت ہوگئے (دیکھئے پچھلا حوالہ) یحیٰی حسین خاں مزید لکھتا ہے (صفحہ 214 پر) کہ یہ بھی عین ممکن ہے کہ امیرالامرا صمصام الدولہ نے جو نظام الملک سے حسد رکھتا تھا اور مرہٹہ کے خلاف اس مہم کو ناکام دیکھنا چاہتا تھا۔ نظام کو ناکام بنانے کے لیے راجپوتوں کے ساتھ یہ صورت حال تشکیل کی ہو" معاصر مورخین نے متعدد عذر کے ماتحت اس قسم کا کوئی بیان قلم بند نہیں کیا ہے۔ رستم علی نے (بحوالہ ہندی صفحہ 549 - 50) اس قسم کا اشارہ دیا ہے کہ خود نظام مرہٹوں سے جنگ کرنے میں سنجیدہ نہیں تھا۔ وہ لکھتا ہے "چونکہ نظام کا کج دفاع ایسی صورتوں کی طرف مائل تھا جو اس کے نام کے عین متضاد ہیں یعنی حسن انتظام کے اس نے ملک میں بدامنی کو فروغ دیا اور ایک دور روز تک اپنے خیمے میں اناج کو فی روپیہ ایک سیر بکوایا۔ اس کے پیدا کیے ہوئے جھگڑوں کے سبب سے بہت سے لوگ فاقہ کشی کی وجہ سے اپنی قبر تک پہنچ گئے اور بہت سے مسلمان اس بے اصول شخص یعنی نظام کے سبب سے دشمن کے ہاتھوں میں پڑگئے اور تباہی کے گھاٹ اتر گئے۔"

51 بحوالہ برٹش کرانکل 35، 36 ایس۔ پی۔ ڈی جلد 15 صفحہ 87

52 برٹش کرانکل صفحہ 35، 36

53 ایک باقی ماندہ دستاویز میں نظام الملک کو پیش کیے گئے مندرجہ ذیل مطالبات کا ذکر ہے ۱۔ شواجی کے قدیمی سوراجیہ کے الوٹ علاقے 'چنداور کو سپرد کر دیے جائیں۔ پیشوا کے قرضوں میں ادائیگی میں مدد کی جائے اور اسے خاندیش بیجاپور اور اورنگ آباد میں 50 لاکھ کی قیمت کی جاگیر دے دی جائے مال گذاری کے 5% کی برابر پیشوا کو سردیس پانڈے کا موروثی منصب دیا جائے اور دکن کا انتظام پیشوا کے سپرد کر دیا جائے۔ بطور انعام کے شونیر کا قلعہ اور گھاؤں

Marfat.com

دے دیئے جائیں۔ بحوالہ ایس۔پی۔ڈی جلد 15 صفحہ 94، 95۔ اس سلسلے میں ایک زبانی گفتگو کے وقوع پذیر ہونے کا ذکر بھی ملتا ہے۔ اس کا کچھ تذکرہ نہیں کہ یہ مطالبات کب پیش کیے گئے تھے 1732ء والے پیشوا کے خطوط میں ان مطالبات کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

54 بحوالہ ایس۔پی۔ڈی نمبر 30 صفحہ 222

55 بحوالہ ایس۔پی۔ڈی نمبر جلد 15 صفحہ 75، 72، نمبر 20 صفحہ 385، ڈیکھیے صفحہ 52

56 دیکھئے ڈیکھیے صفحہ 152

57 سرڈیسائی کا مصنفہ لائف آف باجی راؤ صفحہ 335

58 دیکھئے نجستہ صفحہ 6 37، 219، 244، جے۔اے۔ایس۔بی 1878ء صفحہ 333۔ باجی راؤ نے لکھا تھا، "درآن وقت، وقت است کہ ہمان سرداران نام دار ونولئے سان صاحب اقتدار بہ اجتماع افواج واتفاق ہم دیگر پرداختہ مستعد ومتوجہ برآت متفاوت مختلف باشند"۔

59 دیکھئے مصنف نجستہ صفحہ 376۔ 76

60 ملاحظہ ہو، باجی راؤ کی وفات کے بعد شاہو کا باجی راؤ کے بارے میں یہ خیال کہ اس کا (باجی راؤ کا) منصوبہ مغل سلطنت کی حفاظت کرنے اور ساتھ ہی ساتھ پورے ہندوستان پر تسلط جمانے کا تھا" بحوالہ برٹش کرانکل صفحہ 117، 120

61 1740ء میں نظام مالوہ میں پیشوا سے ملا اور اپنے بیٹے کے خلاف مرہٹہ کمک مانگی جو بغاوت پر آمادہ ہوگیا تھا (بحوالہ ایس۔پی۔ڈی جلد 21)

62 دیکھئے "کتاب رجواڑے" جلد 6 صفحات 145، 149 و ایس۔پی۔ڈی نمبر 13 صفحہ 4 "مالوہ" مصنفہ آر سنگھ صفحات 266-268 و تاریخ منظفری صفحہ 320

63 بحوالہ ایس۔پی۔ڈی جلد 15 نمبر 86 صفحات 97-98 و "رجواڑے" جلد 2 صفحات 91-95 ان مضامین کی تاریخ 1741ء ہونی چاہیئے و ایس۔پی۔ڈی جلد 10 نمبر 186 کو 28 ستمبر 1741ء ہونی چاہیئے یا 17 ستمبر بقاعدۂ قدیم اور جلد 15 صفحہ 97 کو 15 جولائی یا 4 جولائی بقاعدہ قدیم ہونی چاہیئے۔

---

Marfat.com

## باب دہم

# مغل سیاست اور نادر شاہ

عظیم مغلوں نے اپنی شمالی مغربی سرحدوں پر جہاں ایک طرف ایران اور دوسری طرف توران کی ریاستیں تھیں، برابر نظر رکھی ان حکومتوں کی طرف سے حملے کے پیش نظر انھوں نے کوشش کی کہ :۔

(1) مغربی اور وسط ایشیا میں حکومت کے خلاف کسی قسم کی طاقت کو ابھرنے کی کوششوں کو سفارتی طریقوں پر ختم کرنے کی طرف قدم اٹھائیں ۔

(2) کابل میں ایک بہتر اور منظم حکومت کا قیام ہو قندھار کی حفاظت کے پورے انتظامات ہوں کیونکہ قندھار کو کابل میں داخلہ کا دروازہ کہا جاتا ہے ۔

(3) افغانستان اور قبائل میں ایک آسودہ حال و مطمئن آبادی کو تیار رکھنا تاکہ کسی بھی ضرورت کے وقت وہاں سے معاشی مدد دی جاسکے ۔

اس پالیسی کے قیام کے لیے لائق ترین گورنروں کو کابل بھیجا گیا اور ان کے ساتھ بڑی بڑی افواج کو رکھا گیا۔ ان فوجوں پر گورنر کی طرف سے بھاری رقوم خرچ کی گیئں ۔ اسی طرح قبائل پر خرچ کرنے کے لیے مرکزی انتظامیہ نے ہر قسم کی مدد کی ۔ ایران کی چھیڑ چھاڑ اور قبائل میں بے اطمینانی کے باوجود اس پالیسی نے مغل سلطنت کو ان علاقوں سے حملے کے خطرہ سے دور رکھا ۔

16.77ء میں امیر خاں کابل کا گورنر تھا جو نہایت قابل اور اورنگ زیب کا معتمد تھا 1698ء میں اس کی موت کے بعد شاہ عالم گورنر مقرر ہوا اور ناصر خاں کو اس کا نائب مقرر کیا گیا 1700ء میں شاہ عالم کو لاہور کا بھی گورنر بنایا گیا ۔ شہزادہ کے بڑے صاحب زادے جہاندار شاہ بدستور ملتان پر فائز رہے ۔ اسی طرح شمالی مغربی سرحدوں کی حفاظت کا کام شہزادے شاہ عالم کے سپرد ہوا ۔ ان ریاستوں کے معاملات پر خود اورنگ زیب نے گہری نظر رکھی ۔ شاہ عالم کے انتظام نے بھی شہزادہ اکبر

Marfat.com

کے حملہ کو ناکام رکھا جس نے ایران میں پناہ لی تھی اور برابر حملہ کی کوشش کر رہا تھا۔

بہادر شاہ کی تخت نشینی کے بعد علی مرداں خاں کا بیٹا ابراہیم خاں کابل کا گورنر بنایا گیا لیکن وہ صحیح انتظام کرنے میں ناکام رہا اس لیے اسے ہٹا دیا گیا اور ناصر خاں کو اس کی اپنی جگہ پر واپس بھیجدیا گیا۔ 1129ھ / 1717ء تک جب ناصر خاں کی وفات ہوئی وہ اس عہدہ پر فائز رہا اس کے بعد اس کا بیٹا اس عہدے پر فائز ہوا ناصر خاں دوم کی ماں افغان تھی اس لیے اس کے تعلقات افغانوں سے اچھے تھے اس نے انتظامیہ میں بہتری کی اور تمام علاقہ کو بہتر بنایا۔ 1719ء میں سربلند خاں نے سید عبداللہ کی مداخلت سے ناصر خاں کی جگہ حاصل کی۔ قبائل بظاہر اس سے غیر متعلق رہے لیکن سربلند خان کا بیٹا خاں اعظم خاں جب کابل سے پشاور کی طرف لوٹ رہا تھا تو وہ قبائل کی حرکات سے حیران رہ گیا اور اپنے سامان اور آدمیوں کو گنوا بیٹھا۔ سید برادران کے زوال کے بعد ناصر خاں دوم کو پھر واپس بلا لیا گیا۔

اسی درمیان مغربی ایشیا کی سیاست میں تیزی سے تبدیلی رونما ہو رہی تھی۔ مغل افغانوں کو جو قندھار کے قریب فروکش تھے اپنے آپ کو اور اپنی طاقت کو منظم کرنے کا موقعہ ملا۔ 1709ء میں غلزئی کے سربراہ میروائس نے فارسوں کے خلاف بغاوت کا پرچم بلند کر دیا اور قندھار کے قلعہ پر قبضہ کر لیا لیکن 1715ء میں اس کے بیٹے محمود نے صفوی حکومت کا خاتمہ بالخیر کیا اس نے اصفہان کے مقام پر شاہ سلطان حسین مصفی کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کر دیا اس نے 22 راکتوبر 1722 کو صفوی بادشاہ کو معزول کر کے خود حکومت کی باگ ڈور سنبھال لی۔

ان تمام واقعات پر دہلی کی حکومت کی حیثیت محض خاموش تماشائی کی تھی سرحد پر کابل کی آزاد سلطنت کے قیام کے تصور کو یہ ختم نہ کر سکی۔ جب نظام الملک دربار میں دکن سے واپسی پر حاضر ہوا اس نے اس کی خواہش ظاہر کی کہ وہ وہاں جا کر دوبارہ صفوی حکومت کے قیام کی کوشش کرے لیکن دربار کی نہ تو خواہش ہی تھی اور نہ اب اتنی طاقت تھی کہ اس قسم کی مہم کے بارے میں کوئی قدم اٹھایا جا سکتا۔ اس کی بجائے انھوں نے محمود سے دوستانہ تعلقات قایم کرنے کے لیے خط و کتابت شروع

Marfat.com

کی۔ محمود کی فتح نے روس اور ترکی کے لیے راستہ صاف کر دیا۔

جب کہ سرحد پر اس قسم کے واقعات پیش آ رہے تھے مغل دربار اندرونی جھگڑوں کا شکار رہتے تھے۔ پچھلے باب میں ہم دیکھ چکے ہیں کہ مرہٹوں سے جنگ اور امن کے مذاکرات شروع ہو چکے تھے۔ خان دوراں، بخشی اور وزیر قمرالدین خاں جس میں پیش پیش تھے اسی درمیان امراء کے طبقہ میں آپسی جھگڑوں نے نئی صورت حال اختیار کر لی تھی اور جاگیروں پر قبضہ کے لیے اندرونی جنگ چھڑ چکی تھی۔ اس زمانے میں مغل فوج میں بھی دو طاقتور گروپ تھے مغل اور افغان! اسی کے ساتھ ساتھ ہندوستانی امراء کی بھی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

وزیر قمرالدین خاں اور سعادت خاں اودھ کے گورنر مغل فوج میں بہت طاقتور سمجھے جاتے تھے۔ سیدوں کے عروج کے زمانہ میں بھی مغلوں اور غیر مغلوں میں اختلافات بڑھ گئے تھے لیکن نظام الملک کی وزارت تک یہ سامنے نہیں آئے تھے۔ اس کے بعد ان میں زیادتی ہوتی گئی اور یہ اختلافات خطرناک صورت حال اختیار کر گئے۔

## 1228 1237 کے درمیان سیاست اور گروہ بندیاں

امیروں کی گروہ بندیاں اور وزارت کے سلسلے میں ہونے والی کشمکش میں حکومت کی حکمت عملی اور حکومت کی شکل کا سوال بھی خود بخود اٹھ کھڑا ہوا اسی طرح راجپوتوں کے سلسلے میں پالیسی، ہندؤں کی حیثیت اور جزیے کا سوال مرہٹوں اور جاٹوں وغیرہ کے لیے پالیسی وغیرہ کے بھی سوال اس کش مکش سے جڑ گئے حقیقت میں اس تمام کش مکش کا پس منظر یہی تھا کہ امیروں کی ایک جماعت یہ چاہتی تھی کہ مغل سلطنت کی بنیاد صرف مسلمان ہوں اور ان میں بھی اختیارات خاص طور سے مغل یعنی ایرانی اور تورانی امیروں کے ہاتھ میں رہیں۔ دوسری جماعت سمجھتی تھی کہ حکومت کا انحصار ہندو و مسلمان دونوں پر ہے اور حکومت کا کوئی خصوصی تعلق اسلام سے نہ ہو بہادر شاہ کے زمانے سے ہی راجپوت اور بندیلہ راجاؤں کو عایتیں دینی شروع ہو گئی تھیں اور جزیہ وصول کرنے میں کافی ڈھیل آ گئی تھی۔ جہاندار شاہ کے دور حکومت میں ذوالفقار خاں نے جزیہ ختم کر دیا جے سنگھ د

Marfat.com

اجیت سنگھ کو بڑے بڑے منصب دے کر انھیں صوبے دار کے عہدے دیئے۔
چوڑامن جاٹ کو بھی منصب دیا گیا اس سے قبل بہادر شاہ کے زمانے میں ہی ذوالفقار خاں نے ساہو کو دکن کی چوتھ وسردیش مکھی دینے کا ایک خفیہ معاہدہ کر لیا تھا۔ ذوالفقار خاں کے زوال کے بعد یہی پالیسی سید برادران نے بھی اپنائی انھوں نے راجپوت راجاؤں کے ساتھ ہی نہیں بلکہ مرہٹوں اور جاٹوں کے ساتھ بھی معاہدے کیے۔ دربار میں انھوں نے مغلوں وغیرہ کا تعاون بھی حاصل کرنے کی کوشش کی اس طرح حاکم طبقے میں سب عنصر شامل ہو گئے اور حکومت کے کاموں میں ان سب عناصر کا تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی گئی۔ یہ اعتراض کرنا کہ یہ رعایتیں سیدوں نے حالات سے مجبور ہو کر دیں ہمارے لیے اہم نہیں ہے یہ رعایتیں حالات کے تحت یا کسی بھی وجہ سے دی گئیں۔ یہ اس وقت کی متحرک طاقتوں کی جانب اشارہ کرتی ہیں سیدوں کی پالیسیاں امیر طبقے کے کچھ عناصر کو اچھی نہیں لگیں اور انھوں نے سیدوں کو ہندوؤں کا طرفدار اور حکومت و بادشاہ کے لیے اعتماد شکن اور مذہب کا مخالف کہہ کر ان کے خلاف سازشیں شروع کیں۔ لیکن ان کے زوال کے بعد نظام کے پرانے امیروں خاص کر مغلوں کو پناہ دینے اور اورنگ زیب کی دقیانوسی پالیسیوں کو نافذ کرنے کی کوشش ناکام رہی۔ اس کی مخالفت کرنے والے نہ صرف بڑے امیر تھے بلکہ چھوٹے منصب دار وعہدے دار جن میں ہندوستانی، کشمیری کائستھ وغیرہ پیش پیش تھے ان سب وجوہات سے ہی نظام دلی چھوڑ کر دکن چلا گیا۔

اس طرح اورنگ زیب کی تنگ نظری سے بھرپور اور کٹر پالیسی مغل سلطنت میں تھوڑی مدت تک ہی چلی 1526ء سے لے کر 1739 میں نادر شاہ کے حملے تک ہی ہندوستان میں مغلیہ حکومت 198، سال چلی۔ (1540 سے 1555ء تک عنان حکومت افغانوں کے ہاتھ میں تھی) اس مدت میں جزیہ حقیقی شکل میں صرف 53 برسوں تک نافذ رہا۔ مغلیہ حکومت کی مذہبی پالیسیوں کے طے کرنے کے لیے اس قسم کے اعداد وشمار مناسب نہیں ہیں کیونکہ مذہبی پالیسی کے بہت سے دوسرے پہلو ہیں تو بھی مغلیہ حکومت کی آزاد خیال پالیسیوں کو پرکھنے کا ایک ہلکا سا ثبوت ضرور ہے اور ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں میں ایک دوسرے کے خیالات اور رویے کو سمجھنے اور تہذیبی میل جول کا مزاج

Marfat.com

کئی صدیوں سے عمل پیرا تھا۔ سترھویں صدی تک وہ اتنا وسیع اور طاقت ور ہو چکا تھا کہ سیاسی پیمانے پر کٹر اورنگ زیب کی تنگ نظر پالیسیاں جاری ہونے پر بھی وہ بے عمل نہیں ہو سکتا تھا اسی لیے اٹھارھویں صدی ہندوؤں اور مسلمانوں میں تفریق اور باہمی کشمکش کی صدی نہیں کہی جا سکتی ہے۔ سفارتی پیمانے پر یہ زمانہ میل جول کا ایک حصہ ہے اورنگ زیب کے دربار سے بکھرے ہوئے مصور مختلف ریاستوں میں گئے اور انھوں نے تصویر کشی کے فن میں ایک نئی زندگی کی روح پھونکی۔ اٹھارہویں صدی میں راجپوت ریاستوں اور چمبا بسوہلی وغیرہ کوہستانی ریاستوں میں بنائی ہوئی تصاویر فن اور طرز دونوں ہی نظریوں سے ایک اہم مقام رکھتی ہیں۔ وہ مغل اور ہندوستانی طرز جیسے مغربی ہندوستان جین، راجپوت وغیرہ کے میل جول کے عجیب وغریب نمونے ہیں موسیقی میں محمد شاہ کے دربار میں سدا رنگ وادا رنگ نے خیال گانے کی بنیاد رکھی امیروں اور نوابوں وغیرہ کا ہندوستانی موسیقی کو امیروں اور نوابوں وغیرہ کی سرپرستی دینے کی روایت 19 صدی تک اور کہیں کہیں بیسویں صدی تک چلتی رہی فن تعمیر میں مغلیہ طرز کے اثر کی سب سے بڑی مثال پیشوا کے ذریعے بنائے ہوئے پیشوا محل ہیں ادب کے میدان میں رسلین اور دوسرے مسلمان شاعروں نے ہندی کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا اسی زمانے میں شمالی ہندوستان میں اردو کی ابتدا، ادبی زبان کی شکل میں ہوئی تعلیم یافتہ طبقے خاص طور سے شہری طبقے کے لیے اردو نثر ادب کے لیے ایک اہم ذریعہ بن گئی۔

سماجی پیمانے پر اس زمانے میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے تعلقات کا صحیح ڈھنگ سے ابھی تک مطالعہ نہیں کیا گیا ہے کہ موٹے طور پر کہا جا سکتا ہے کہ اعلیٰ طبقہ چاہے وہ امیر ہو یا راجہ یا زمیندار ان کے رہن سہن اور پہناوا وغیرہ میں بہت حد تک یکسانیت تھی حالانکہ سیاسی پیمانے پر ان میں کشمکش ہوتی رہتی تھی۔ سماجی نقطہ نظر سے ان کے طور طریقے کافی حد تک ملتے تھے۔ سید برادران ہولی اور بسنت کا جشن بڑی دھوم دھام سے مناتے تھے فرخ سیر کے ساتھ اجیت سنگھ کی بیٹی کی شادی کے موقع پر بہت سے ہندو رسم و رواج اپنائے گئے۔ سیاسی گروہ بندی بھی مذہب کی بنیاد پر نہیں تھی جے سنگھ 1728ء کے بعد مرہٹوں کا دوست تھا لیکن ایسے

Marfat.com

سنگھ اس کا حریف تھا۔ مرہٹوں کے لیے نظام اور محمد شاہ کی پالیسی بدلتی رہتی تھی وقت ضرورت نظام مرہٹوں کا دوست بن جاتا تھا اور مغلیہ سلطنت پر حملہ کرنے کے لیے اپنے علاقے سے گزرنے کی انھیں اجازت دے دیتا تھا مغل بادشاہ نے بھی۔ مرہٹوں کے حملوں کو نظام کے خلاف دکن کی جانب موڑنے کی کوشش کی مرہٹوں۔ نے رفتہ رفتہ ہندو بادشاہی کے نعرے کو چھوڑ دیا اور مغل بادشاہ کو تخت سے ہٹانے کی کوشش کے بجائے اپنے آپ کو مغل بادشاہ کا ہمدرد اور سرپرست ظاہر کیا پانی پت کی جنگ سے قبل انھوں اودھ کے نواب شجاع الدولہ کے ساتھ دوستی کرنے کی کوشش کی جاٹ اور راجپوت راجاؤں کی جانب مرہٹوں کا رویہ کبھی دوستانہ رہا تو کبھی دشمنانہ حقیقت یہ ہے کہ .... نہ ہندو حاکم طبقہ ایک تھا اور نہ ہی مسلم حاکم طبقہ مختلف عناصر کی کس وقت کس عنصر کے ساتھ دوستی یا کش مکش ہوگی یہ ان کے مذہبی خیالات پر نہیں بلکہ ان کے مفادات پر منحصر تھا اس کش مکش میں کبھی کبھی مذہب کا سہارا دونوں فریق لیتے تھے لیکن مذہب ذریعہ تھا مقصد نہیں۔

دیہاتی زندگی میں بھی ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان ہمیں کشمکش کی بجائے ''جیو اور جینے دو'' کا جذبہ دکھائی دیتا ہے شاید اس کی خاص وجہ یہ تھی کہ اس زمانے میں قابلِ کاشت زمین کی کمی نہیں تھی جن سیدوں، عالموں، وغیرہ کو مغلیہ سلطنت کی جانب سے مدمعاش زمین دی گئی وہ اکثر و بیشتر دیہاتوں میں آباد ہو گئے اور دیہاتی سماج میں گھل مل گئے روہیلہ افغان وغیرہ بھی کسانوں کی شکل میں منقسم کیے جاتے تھے لیکن دیہاتی سماج کی کش مکش کو سمجھنے کے لیے بہت زیادہ تحقیق کی ضرورت ہے۔

جہاں تک درمیانی طبقے اور شہری زندگی کا سوال ہے وہاں ہمیں جگہ جگہ ہندو مسلم تنازعہ اور جھگڑے کی مثالیں ملتی ہیں ایسی ہی ایک مثال احمد آباد شہر سے دی جا سکتی ہے فساد کی وجہ ایک معمولی وجہ سے ہوئی ہولی کے موقعے پر شہر کے ایک بڑے جوہری کپور چند نے ایک مسلمان راہگیر پر رنگ چھڑک دیا میراتِ احمدی کے مطابق اس جوہری کی دوستی شہر کے حاکموں سے تھی اس لیے وہ بڑا مغرور ہو گیا تھا مسلمانوں کی اشتعال انگیزی کا فائدہ اٹھا کر کپور چند کے

Marfat.com

مخالفین تے جن میں سب سے پیش پیش ایک مسلمان بوہرہ تھا کپور رچند کو نیچا دکھانے کی کوشش کی پر دونوں جانب سے ہجوم اکٹھا ہو گیا اور لوٹ مار آگ زنی شروع کر دی مسلمانوں نے مطالبہ کیا کہ کپور رچند جوہری کو سزا دی جائے لیکن مسلمان حاکموں نے اسے تسلیم نہیں کیا آخر میں کپور رچند کا ایک مخالف دلی گیا اور اس نے کسی طرح محمد شاہ کو متاثر کر لیا۔ لیکن اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کپور رچند اور بوہرہ دونوں تجار قید کر لیے گئے آخر میں انھیں آپس میں سمجھوتہ کرنا پڑا۔ دو دوسری مثالیں دلی سے ہیں جوتے والوں (پاموشان) کے جھگڑے کا تذکرہ ہم کر چکے ہیں اس میں شوبھ کرن کا ساتھ شیر افگن خاں روشن الدولہ اور ظفر خاں پانی پتی وغیرہ نے دیا تھا اور جھگڑے نے مغلوں و ہندوستانیوں کے جھگڑے کی شکل اختیار کر لی تھی۔ تقریباً اسی زمانے میں ایک دوسرا جھگڑا اٹھ کھڑا ہوا ایک ہندو مسلمان بننے کے بعد پھر سے ہندو بن گیا۔ یہ سن کر شہر کے کچھ ملاؤں نے اسے غیر قانونی بتایا اور مطالبہ کیا کہ اسے سزائے موت دی جائے یہ معاملہ شیخ الاسلام کے پاس گیا لیکن اس نے تبدیلیٔ مذہب کو ذاتی معاملہ ٹھہرایا۔ اس کے اوپر ملاؤں اور فرقہ پرستوں نے شہر میں جمعہ کی نماز نہ ہونے دینے کا اعلان کر دیا ایک بڑے ہجوم نے وزیر قمر الدین خاں کو مسجد میں داخل نہیں ہونے دیا معاملہ بڑھتا ہی گیا آخر میں بادشاہ نے اشتعال کم کرنے کی غرض سے اس ہندو کو خاموشی سے شہر سے فرار کر دیا اور شیخ الاسلام کو برخاست کر دیا۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ شہروں میں خاص طور سے بڑے شہروں میں جہاں مالدار ہندو بیوپاری بھی رہتے تھے ہندو مسلم فساد کا خطرہ رہتا تھا لیکن یہ بات ذہن نشین کرنے کے لائق ہے کہ مسلمان حاکموں کا رویہ کافی غیر جانبدار ہوتا تھا یہاں تک کہ کٹھ ملا طبقے نے ان کے خلاف تحریک چلائی۔ ہندو مسلم تنازعے کے ساتھ ہی شیعہ سنی تنازعے کی مثالیں بھی ہمیں ملتی ہیں۔

ان سب سے ظاہر ہے کہ دورِ وسطیٰ کے ہندوستانی سماج میں بہت ہی اختلافات تھے لیکن ان سب کا سیدھا سیاست سے تعلق جوڑنا مناسب نہیں لگتا۔

## مغلیہ سلطنت کے زوال کے اسباب

اٹھارہویں صدی کے اوّل نصف حصے میں مرہٹوں کی بڑھتی ہوئی طاقت

Marfat.com

اور ان کے خلاف فوجی کارروائیوں کی ناکامی اور مغل امیروں کی بے عملی کی وجہ سے یہ خیال کافی مستحکم ہوگیا ہے کہ مغل سلطنت کے زوال کی خاص وجہ خود امیر طبقہ کی نالائقی اور ان کا زوال پذیر ہونا تھا مغلیہ امیر طبقے کے زوال پذیر ہونے کی وجوہات کی تشریح اس طرح کی جاتی ہے۔

عیش و عشرت کی زندگی، شراب و شباب میں گم رہنا اور بڑے بڑے حرم رکھنا، ہندوستانی آب وہوا کا اثر جو آدمی کو کاہل بنا دیتی ہے۔ اورنگ زیب کی پالیسی جس کی وجہ مغل امیر اور سب پیشوں کو چھوڑ کر صرف سپہ گری کرنے لگے تھے جو کہ ذہنی ارتقا کا موقعہ نہیں دیتی، مغل امیر طبقے کا مختلف ممالک و مذاہب کا ہونا جس کی وجہ سے گروہ بندی کو سہارا ملا، وسطی ایشیاء سے قابل لوگوں کا آنا رک جانا وغیرہ حاکم طبقے کے زوال پذیر ہونے کی مندرجہ بالا وجوہات الگ الگ یا مجموعی طور سے ہندوستان میں ترکوں کی آمد کے وقت سے نادر شاہ کے حملے تک ہر اہم موڑ کو سمجھانے کے لیے پیش کی جارہی ہیں اس لیے ان کی جانچ ہوشیاری سے کرنا ضروری ہے۔

حقیقت میں زوال پذیر لفظ کا استعمال صرف حاکم طبقے اور لوگوں کے کردار کے پس منظر میں کرنا مناسب نہیں ہے زوال پذیر لفظ تمام سماجی و اقتصادی ردّ عمل کی تشریح کرتا ہے۔ تاریخ میں ایسا زمانہ شاید ہی ہوا ہوگا جس میں قابل و لائق لوگوں کی پوری طرح کمی ہو اگر قابل آدمیوں کی کمی ہی زوال پزیر ہونے کی بنیاد ہو تو اٹھارہویں صدی کو زوال پذیر نہیں کہا جاسکتا کیونکہ اس صدی میں ہمیں سید برادران، اور نظام الملک، عبد الصمد خاں، ذکریا خاں، سعادت خاں، صفدر جنگ، مرشد قلی خاں سوائی جے سنگھ جیسے ہوشیار جنگ جو اور منتظم ملتے ہیں یہ دوسری بات ہے کہ ان قابل و لائق لوگوں میں سے بیشتر مغلیہ سلطنت کی خدمت کرنے اور اسے طاقتور بنانے کی بجائے اپنی قوت بڑھانے میں اور الگ الگ ریاستیں قایم کرنے میں مشغول رہے۔ جب تک یہ لائق لوگ زندہ رہے، تب تک ان کے اپنے اپنے علاقوں میں امن و انتظام خوش اسلوبی سے چلتا رہا کچھ انگریزی تاریخ دانوں نے تقریباً پوری اٹھارہویں صدی کو "عظیم بدامنی کا زمانہ" کہا ہے یہ قول مبالغہ آمیز ہے اور حقیقت سے دور اس کا اصلی مقصد ہندوستان پر انگریزی

Marfat.com

... کے قیام کو ضروری اور مناسب بتاتا ہے۔ پنجاب، اودھ، بنگال اور دکن وغیرہ علاقوں میں 1739ء تک پرانا مغلیہ نظام پہلے جیسا چلتا رہا صرف اس کے اختیارات مقامی صوبے داروں وراجاؤں کے ہاتھ میں رہے۔ مرہٹوں کے حملوں کی وجہ سے گجرات و مالوہ و دیگر علاقوں میں کچھ مدت تک کے لیے بدانتظامی رہی اور وہاں کے عوام کو بہت تکلیفیں برداشت کرنی پڑیں۔ لیکن مرہٹوں کا پورا تسلط قایم ہو جانے کے بعد وہاں کی حالت پھر سدھر گئی۔ 1742ء کے بعد مرہٹوں کے حملوں کی وجہ سے بنگال، دکن، دواب اور پنجاب میں بھی بدنظمی پھیل گئی حقیقت میں بدنظمی کا زمانہ یہی ہے 1772ء کے بعد دلی پر مہادجی سندھیہ کا قبضہ ہو جانے کے بعد ان علاقوں کی حالت میں اصلاح ہوئی لیکن اسی زمانے میں انگریز دکن اور بنگال میں اپنے قدم جمانے میں کامیاب ہو گئے تھے یہی مغلیہ سلطنت کی تنزلی کا اصلی زمانہ ہے۔

تاریخی نقطۂ نظر سے مغل سلطنت کا زوال اتنا اہم نہ ہوتا اگر اس کی جگہ پر ہندوستان میں متعارف عناصر کے ذریعے ایک دوسری طاقتور حکومت قایم ہوتی ایسی حالت میں ہندوستان پر غیر ملکی حکومت قایم ہونا آسان نہ ہوتا حقیقۃ۔ میں مغلیہ سلطنت کا زوال اور ہندوستان کے وسطی دور کے سماج اور تہذیب و تمدن کا کمزور اور زوال پذیر ہو جانا ایک دوسرے کے ساتھ متعلق ہو گئے ہیں۔ باالفاظ دیگر ہماری تحقیق کا مرکزی نقطہ صرف مغل سلطنت نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ ہی ساتھ ہندوستان کے دور وسطیٰ کے سماج و تہذیب کے ارتقار کا ردِّ عمل ہے سوال یہ ہے کہ کیا مغلیہ سلطنت کی انتظامی اور دوسری کارروائیاں ملک کی اجتماعی ترقی میں مددگار تھیں یا رکاوٹ ڈالنے والی۔ یعنی کیا مغلیہ سلطنت کا زوال ہندوستان کے وسطیٰ دور کے سماج و تہذیب تمدن کے زوال پذیر ہونے کا ایک ضروری حصہ ہے۔

عام طور سے زوال پذیر سماج میں کچھ خاص چیزیں پائی جاتی ہیں۔ اقتصادی ترقی کی رفتار رک جانا یا کمزور ہو جانا جس کے نتیجے میں مالی خطرہ گہرا ہو جاتا ہے مستقبل کی جانب مایوس کن نظریات بڑھنا جس کے نتیجے میں تصورات اور نظریات

Marfat.com

کند ہو جاتے ہیں۔ سائنسی و تکنیکی ترقی کا رک جانا وغیرہ۔ یہ بہت سی خصوصیات ہمیں اٹھارہویں صدی کے ہندوستان میں دکھائی دیتی ہیں۔ ہندوستانی سماج کب زوال پذیر ہو گیا اس سوال کا جواب دینے کے لیے زیادہ تحقیقی کام کی ضرورت ہے۔ سائنس و تکنیک کے لحاظ سے سترہویں صدی میں یوروپ نے بہت ترقی کی حالانکہ اس زمانے میں بہت سے مغربی تجارت پیشہ لوگ اور سیاح وغیرہ ہندوستان آئے لیکن ہندوستانی حاکم طبقے نے مغربی سائنس کی جانب کوئی دلچسپی نہیں دکھائی۔ مغربی سائنس کا احساس صرف دو حلقوں میں دکھائی دیتا ہے۔ ایک جنگی حلقہ دوسرا جہاز رانی۔ مغربی توپوں کا ہندوستانی توپوں سے عمدہ ہونا اکبر کے زمانے سے ہی تسلیم کیا جاتا تھا اکبر نے اپنے کارخانوں میں اچھی اور نئی قسم کی توپیں ڈھالنے کا تجربہ بھی کیا اس تجربے کا سہرا خاص طور سے ایک ایرانی فتح اللہ شیرازی کو دیا جاتا تھا۔ ساتھ ہی ساتھ فولاد کے بنانے میں بھی ترقی ہوئی ہندوستانی بندرگاہوں میں انگریزی ایسٹ انڈیا کمپنی کے لیے جہاز اٹھارہویں صدی تک بنتے رہے اس کی ایک اہم وجہ یہ تھی کہ ملا بار میں بہترین ساگوان کی لکڑی پائی جاتی تھی ہندوستان میں بنے جہاز مغرب میں بنے جہازوں سے بہتر مانے جاتے تھے لیکن جہاز رانی کے بارے میں ہندوستانی کافی حد تک ناجانکار اور نوسیکھی رہے۔ اس کی ایک مثال تھیونو کے سفر کی تفصیل سے ملتی ہے ہندوستانی جہاز کے کپتان کو سمندر میں سمت طے کرنے کی مناسب جانکاری تھی۔ جس کے نتیجے میں بحر عرب سے سورت پہنچنے کی بجائے جہاز دمن بندرگاہ پہنچ گیا۔ جہازی بیڑوں کی جنگ میں ہندوستانی اور بھی اناڑی تھے۔

مغربی سائنس و تکنیک کو ٹھکرانا وسطی دور کے سماج اور حکمراں طبقے کے نظریات میں موجود تھا اس کی تمام تر ذمے داری وسطی دور کی روایتوں پر ہے حقیقت میں سائنس کی ترقی عرب ممالک میں بارہویں صدی سے قبل بے جان ہو چکی تھی۔ اور ہندوستان میں یہ روایت اس سے پہلے ہی مردہ ہو گئی تھی۔

سائنسی نقطہ نظر سے پچھڑنے کے ساتھ ہی ساتھ سترہویں صدی کے آخری نصف حصے میں اقتصادی انتظامی و سیاسی خطرات واضح طور پر دکھائی دیتے ہیں۔ اس کی تفصیل ہم باب اول میں پیش کر چکے ہیں۔ جہاں تک مغلیہ حکمراں

Marfat.com

طبقے کا سوال ہے یہ کہنا کہ مغلیہ سلطنت کا زوال امیر طبقے کی بدکرداری کی وجہ سے ہوا ٹھیک نہیں لگتا۔ مغلیہ حکمراں طبقے کا متحد نہ ہونا اور اس میں الگ الگ قوموں اور مختلف مذاہب میں یقین رکھنے والے لوگوں کی شمولیت مغلیہ حکمراں طبقے کی کمزوری کی وجہ سے نہیں کہا جا سکتا۔ جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں کہ گروہ بندی کی بنیاد ذات برادری و مذہب نہ ہو کر ذاتی مفادات تھے حاکم طبقے میں مختلف برادریوں اور مختلف مذاہب کے لوگوں کے ہونے کی وجہ سے مغل حکومت میں آزاد خیالی اور آزاد پالیسی کو سہارا ملا حکومت کو ایک خاص طبقے کی پالیسی پر منحصر کرنے کی کوشش بیکار رہی۔ حاکم طبقے میں مختلف عناصر کو شامل کرنا اور ان میں ایک مشترکہ سماجی و ثقافتی احساس بیدار کرنا مغلیہ سلطنت کا ایک بڑا کارنامہ کہا جا سکتا ہے اس طرح کے مشترک حاکم طبقے کا اس زمانے کے سماج و تہذیب پر اپنا خاص اثر پڑا جس کی وجہ سے افراط و تفریق سے بالاتر آزاد خیال عناصر کو قوت ملی یہ رجحان اٹھارہویں صدی میں کمزور ہونے کی نسبت اور زیادہ قوی ہو گیا اٹھارہویں صدی کے آخری نصف حصے میں شاہ ولی اللہ جیسے علماء نے اسلام کے نام پر مسلمانوں کے اتحاد کا نعرہ لگایا لیکن اس کا کوئی خاص اثر اس زمانے میں نہیں پڑا۔

جہاں تک کہ اقتصادی و مالی حالت کا سوال ہے یہ کہنا مشکل ہے کہ اس زمانے میں پیداوار پہلے کی نسبت کم ہو گئی تھی راجستھان میں زراعت سے متعلق دستاویزات وغیرہ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ سیاسی کش مکش کے باوجود اٹھارہویں صدی کے درمیان تک زراعت پر کوئی خاص اثر نہیں پڑا۔ ملکی اور غیر ملکی تجارت پر مغل سلطنت کی مصیبتوں کا کیا اثر پڑا اس کا ابھی تک مناسب مطالعہ نہیں کیا گیا ہے۔ اورنگ زیب کے زمانے سے ہی حکومت میں مالی خطرہ بڑھتا چلا جاتا ہے بہادر شاہ نے آگرے کے قلعے میں جمع شدہ قدیم خزانے کو تقریباً خالی کر دیا اس کی دور حکومت میں جاگیرداری کی رسم کا خطرہ اور بھی بڑھ گیا چھوٹے منصب داروں کی حالت خراب ہو گئی کیونکہ جاگیر ملنے پر بھی اس کی آمدنی بہت ہوتی تھی بہادر شاہ نے امیروں کو بڑے بڑے منصب اور ترقی دے کر حالات کو اور بھی پیچیدہ بنا دیا خالصہ زمین کو جاگیر میں تبدیل کرنے کے رجحان کی ابتدا اسی وقت سے ہوتی ہے۔

Marfat.com

جہاندار شاہ کے زمانے میں حالت اور خراب ہو گئی پرانے قاعدوں اور دستوریں کو بالائے طاق رکھ دیا گیا خالصہ زمین بھی اجارے پر دی جانے لگی جس سے کسانوں کی حالت اور ابتر ہو گئی اور حکومت کی آمدنی کم ہو گئی خانہ جنگی نے مالی مشکلات کو اور بڑھا دیا۔

سید برادران انتظامی امور میں ہوشیار نہیں تھے عبداللہ خاں نے حکومت کا سارا بار اپنے دیوان رتن چند پر ڈال دیا تھا اور اجارے کی بری روایت عام ہو گئی تھی گروہ بندی کی وجہ سے نظم ونسق کمزور ہو گیا تھا زمینداروں کو سر اٹھانے کا موقعہ ملا اور ان میں سے بہتوں نے مال گزاری ادا نہیں کی۔ دکن میں چوتھ وسر دیش مکھی کے نام پر مرہٹو ں نے آدھی مال گزاری پر قبضہ کر لیا۔ جاٹوں اور سکھوں نے بالترتیب آگرہ اور لاہور کے علاقے میں لوٹ مار شروع کر دی۔ سید برادران کے زوال کے بعد نظام نے سارے منصبوں اور جاگیروں کو نئے سرے سے معاینہ کرنے اور نااہل لوگوں کو ہٹانے یا ان کے منصب کم کرنے کی تجویز رکھی لیکن مخالف عناصر کی وجہ سے وہ ناکام رہا اس کے بعد قابل ولائق صوبے داروں میں اپنے اپنے صوبوں پر اپنا اثر بڑھاتے اور وہاں کی آمدنی کو خود خرچ کرنے کا رجحان بڑھ گیا۔ بادشاہ کا کنٹرول حقیقت میں ایک محدود علاقے تک رہ گیا۔

اس طرح مالی مشکلات اور انتظامی مشکلات ساتھ ساتھ چلتی ہیں جیسے جیسے سلطنت کی مالی حالت کمزور ہوئی اس کا اثر اندرونی انتظام پر پڑا تو بھی مرہٹوں اور نادرشاہ کے خلاف مغل افواج کی شکست کی وجہ ذرائع کی کمی بتانا مناسب نہیں۔ مالی مشکلات کا اتنا سیدھا تعلق سیاسی خطرات سے قایم کرنا تاریخی نقطہ نظر سے حقیقت پسندانہ نہیں ہے

مندرجہ بالا تفصیلات کو مد نظر رکھتے ہوئے مغل سلطنت کے زوال کی بڑی ذمہ داری اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی پر رکھنا مناسب نہیں معلوم ہوتا اورنگ زیب کی بہت سی پالیسیوں کو نقصان دہ مانتے ہوئے بھی اس بات کو ہشیاری سے دیکھنے کی ضرورت ہے کہ ان پالیسیوں کا مغل سلطنت پر حقیقت میں کیا اثر پڑا۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ اورنگ زیب کی موت کے چھ برس بعد جزیہ اٹھا لیا گیا اور ہندوؤں پر لگائی گئی پابندیاں (عربی، ایرانی گھوڑوں پر سواری نہ کرنا اور مقدس مقامات پر ٹیکس وغیرہ) ہٹا لیے گئے راجپوت راجاؤں کو خوش کرنے کے لیے انھیں پھر سے اونچے

Marfat.com

نچلے طبقے میں رشوت خوری بڑھ گیئں، اچھی جاگیر حاصل کرنے کے لیے رشوت دینا یا گروہ بنانا ضروری تھا اس گروہ بندی کی وجہ سے آپسی رنجشیں بڑھتی چلی گیئں اور آخر میں لائق اور اولوالعزم امیروں نے اپنی الگ الگ ریاستیں قایم کرنا شروع کر دیا۔ اس سے قبل مرہٹوں کی بلند خواہشات کو سمجھنے میں مغلیہ حاکم طبقہ ناکام رہا ان سب کا اثر دربار کی پالیسی اور شمالی مغربی سرحد پر پڑا۔ اس زمانے کے لوگوں کی پالیسیاں اور کردار کی کمزوریاں مغل سلطنت کے زوال کے تجزیے میں اپنا ایک مقام رکھتی ہیں لیکن انھیں اس وقت کے سماجی و اقتصادی حالات اور رجحانات کے حوالے میں جانچنا ضروری ہے۔

Marfat.com

# اختتامیہ تصریحات

گذشتہ صفحات میں زیر مطالعہ حالات کی روشنی میں، اورنگ زیب کی وفات کے بعد امراء کے کردار وعمل اور اٹھارہویں صدی میں سیاسیات کے رخ کے خاص خاص پہلوؤں پر توجہ مبذول ہو سکتی ہے۔

سب سے پہلے تو اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ آخری مغلوں کے دربار میں امراء کا عمل اور کردار قومی یا سیاسی گروہ بندی پر مبنی تھا۔ اورنگ زیب کے دور حکومت کے اواخر میں، دربار میں جو گروہ بندیاں وجود میں آئیں وہ یا تو قبیلہ اور خاندان یا تعلقات، وابستگی اور شخصی مفادات پر بنیاد رکھتی تھیں۔ چنانچہ ذوالفقار خاں جو ایرانی تھا۔ اس کی پشت پناہی پر عبدالصمد خاں جیسے تورانی امراء، داؤد خاں پنی جیسے افغان امراء اور راؤ رام سنگھ ہاڑا اور دلپت بندیلہ جیسے ہندو سردار بھی تھے۔ سید برادران جو ہندوستانیوں کے ہمدرد کہے جاتے تھے۔ انھوں نے ایسے تورانی امراء جیسے نظام الملک، محمد امین خاں اور عبدالصمد خاں وغیرہ کی وابستگی کو حاصل کرنے کی کوشش کی۔ لیکن فرخ سیر کی معزولی کے بعد۔ نظام الملک نے تسلط جمانے کی کوشش کی اس نے قومیت اور مذہب کے نعرے بلند کیے، اور یہ کہا کہ سید برادران کیخلاف مہم تمام مغلوں کی عزت و ناموس کی خاطر چھیڑی گئی تھی چاہے وہ ایرانی ہوں یا تورانی اور یہ کہ سلطنت اور اسلام، سید برادران اور ان کے اہل ہنود ہمدردوں کے سبب سے خطرے میں پڑ گئے تھے بہرحال دو راجپوت راجا، جے سنگھ اور راجیت سنگھ میں سے اول الذکر سیدوں کا سخت ترین مخالف تھا، چھبیلا رام ناگر اور دیا بہادر نے سید برادران کی حاکمیت کا طاقت کی نوک پر مقابلہ کیا۔ جہاں تک مرہٹوں سے سیدوں کی مفاہمت کا تعلق ہے، تو دکٹر مذہبی نظام الملک نے بھی 1724 اور اس کے بعد مرہٹوں سے مفاہمت کرنے میں کوئی پس و پیش نہیں کیا اور یہ

Marfat.com

سب کچھ اس نے اپنے سیاسی مقاصد کے لیے کیا۔ اس کے بعد کے عرصے میں وزیر قمرالدین خاں، سعادت خاں، برہان الملک (اودھ کی ریاست کا بانی) محمد خاں بنگش جو ایک افغان تھا اور جودھ پور کے راجہ ابھے سنگھ کا وغیرہ کا ایک اپنا الگ گروہ تھا جب کہ خان دوراں (تورانی نسل کا وارث) اور راجہ جے سنگھ کچھ دوسرے افغان سرداروں کے ساتھ اپنا ایک علیحدہ گروہ بنائے ہوئے تھے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قومیت نسل اور مذہب کے نعرے انفرادی طور پر خودغرض امراء کے بلند کیے ہوئے تھے اور اصل گروہ بندی قومیت نسل اور مذہب سے قطعاً متاثر نہیں تھی۔

دربار میں گروہوں، کے وجود میں آنے کا پس منظر، شہنشاہیت کے وقار کے زوال کے سبب سے تھا جو مرہٹوں، جاٹوں اور مرہٹوں کی مخالف تحریکوں سے اطمینان بخش حد تک نہ نپٹنے کی وجہ سے معرض وجود میں آیا۔ اورا ورنگ زیب کی وفات کے بعد کی خانہ جنگی نے حکومت کی صورت حال کو مزید کمزور کر دیا خصوصاً اس لیے بھی کہ اس کے بعد سے کوئی کامیاب حکمراں تخت نشین نہ ہوا۔ اسی کے ساتھ ساتھ جاگیری نظام کے زوال پذیر ہونے نئے جس کی حالت ابتر ہوتی جارہی تھی۔ جاگیروں کی بخشش میں دیر لگنے لگی اور اگر کوئی جاگیر دے بھی دی جاتی تھی تو اس کی دستاویز اور اس کی آمدنی کے درمیان طویل وقفہ حائل ہو جاتا تھا۔ دربار میں گروہ بندیوں کا ایک سبب، آسان اور قابل محصول جاگیروں کو حاصل کرنے کی کوشش میں بھی مضمر تھا۔ جو سب سے زیادہ بااثر گروہ ہوتا اسی کے ساتھ اچھی سے اچھی اور زیادہ سے زیادہ جاگیریں لگ جاتیں۔ ہر گروہ بااثر امراء اور اس کے وابستگان پر مشتمل تھا۔ وزارت کے لیے جو کشمکش تھی وہ ایسے ہی بااثر گروہوں کے درمیان تھی۔ یہ بااثر گروہ ملک کے سیاسی حالات پر اثر انداز ہونے کی کوشش کرتے تھے اور وہ اس صورت میں کہ دربار کے اعلیٰ عہدوں پر قبضہ کر لیتے خصوصاً وزارت اور میر بخشی والے منصبوں پر۔ اسی کے ساتھ ساتھ شہنشاہ پر بھی اثر انداز ہونے کی کوشش کی جاتی اور صورت حال پر قابو رکھنے کے لیے حریف امراء سے شہنشاہ کے میل ملاپ کو محدود کرنے کی کوشش میں رہتے تھے۔ چنانچہ وہ ان عہدوں پر بھی قبضہ جمانے کی کوشش میں رہتے تھے جو شہنشاہ

Marfat.com

کی رسائی سے وابستہ تھے۔

وزارت کے لیے کش مکش سلطنت اور امراء کے درمیان کی کشمکش نہ تھی کیونکہ امراء کا کوئی مشترک مفاد یا مقصد نہ تھا۔ درحقیقت وہ چند امور جو ان کے درمیان مشترک تھے ان میں سے ایک تیموریوں کے حکومت کرنے کا پیدائشی حق تھا کیونکہ امراء میں سے کوئی گروہ نئی حکومت قایم کرنے لائق مضبوط نہ تھا لیکن تیموری ابھی تک کافی وقار اور عزت کے مستحق سمجھے جا رہے تھے۔ لیکن وزارت کی کوشش میں طاقت اور عہدوں کی کش مکش ہی کو کارفرما سمجھنا غلط ہے۔ ذوالفقار خاں اور سید برادران نے جو عرصہ تک ایک بااثر صورتِ حال قایم کیے رہے، ایسے اقدامات کرنے کی کوشش کی جس سے کہ مغل حکومت کی عمر میں کچھ اور اضافہ ہوتا چلا گیا۔ یہ امراء محض خود اپنے لیے طاقت و اثراندازی کے خواہاں نہ تھے لیکن ان کی اعلیٰ منصبی کے سبب سے باقی امراء کو ان سے حسد ہونے لگی جنھوں نے ان کے اثر اور ان کے عہدوں میں توڑ پھوڑ کرنے کی کوشش کی۔

یہ بحران ٹل گیا ہوتا اگر وزراء کو اپنے حکمرانوں کا اعتماد حاصل ہوتا۔ اگر ایسا ہو جاتا تو وزراء سلطنت کو زندہ رکھنے والی اصلاحات اور صورتِ حاصل پر عمل پیرا ہو سکتے تھے لیکن چونکہ وزراء اپنا منصب اپنی سیاسی اور فوجی طاقت پر حاصل کرتے تھے تو سلاطین کو خود غرض لوگ یہ سمجھا دیتے تھے کہ ایک بااثر اور طاقت ور وزیر سلطان کو بے اثر اور بے کار کر سکتا تھا اور یہ کہ وہ کسی نئی نسل کو تخت نشیں کرنے میں بھی کامیاب ہو سکتا تھا۔ اس لیے سلاطین، بجائے توازن و استحکام کا سبب بننے کے خود اپنے وزراء کے خلاف سازشوں کا ایک مرکز بن گئے۔ وزارت کی طرف اس رجحان سے زبردست اندرونی خلفشار پیدا ہوئے جس سے کہ پورے دربار اور امراء میں گروہ بندی ہوتی گئی اور یہ گروہ ایک دوسرے کے مخالف ہو کر تسلط جمانے کی کوشش کی طرف راغب ہو گئے۔ یہی حالات تھے جن سے فائدہ اٹھا کر سید برادران نے تخت نشیں شہنشاہ کو معزول کرنے کی جرات کی تاکہ اس کی جگہ اپنی پسند کا کوئی دوسرا حکمراں تخت نشین کر سکیں اور حکومت کی اصل باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں سنبھال لیں۔ لیکن یہ اقدام خود اپنے مقصد کی

Marfat.com

ناکامی کا ذریعہ ثابت ہوا کیونکہ تمام ممتاز امراء ان کے خلاف متحد ہو گئے جس سے بالآخر سید برادران کا زوال ہو گیا۔

چونکہ سید برادران سلاطین کی پشت پناہی حاصل نہ کر سکے، انھوں نے اپنے ایسے مددگاروں کی ایک جماعت تیار کرنی شروع کر دی جو اپنے حریفوں نیز شہنشاہ کو مرعوب کر سکے۔ اس سے یہ خطرہ پیدا ہو گیا کہ ایک کامیاب وزیر ایک نئے خاندان کو تخت نشیں کر سکتا تھا لیکن امراء میں سے کوئی اور جماعت اتنا مضبوط نہ بن سکی کہ باقی پر حاوی ہو سکے۔ اس لیے کسی نئے خاندان کو تخت نشیں کرنے کا سوال پیدا نہ ہو سکا اب اتنا ضروری تھا کہ کوئی بیرونی طاقت مداخلت کر کے حکمران خاندان کو معزول کر دے۔

لیکن اگر کوئی لائق حکمراں حکومت کو چلانے کے قابل نہ ہوتا یا اگر کوئی طاقتور وزیر اپنے فرائض کی انجام دہی کے لائق نہ ہوتا تب یہ خطرہ ضرور لاحق ہوتا کہ طاقتور امراء آزادانہ طور پر اپنے لیے علاقے انتخاب کر لیتے اور اس طرح حکومت کو تقسیم کر دینے میں معاون ہو جاتے تھے۔ اس طرح شہنشاہوں کے سامنے یہ مسئلہ رہا کہ ایک طاقتور وزیر سلطنت کو تقسیم کر دینے کا سبب بنا رہا۔

**نظام الملک** کے سامنے، سیدوں کے زوال کے بعد یہی صورت حال سامنے آگئی اور سیدوں کو نظام الملک نے حکمران خاندان کا دشمن قرار دے دیا تھا۔ اس کو دربار کے قوی گروہوں کا مقابلہ کرنا پڑا اور شہنشاہ کی خفیہ دشمنی سے بھی سابقہ کرنا پڑا۔ نظام الملک نے دربار کو چھوڑ دینا پسند کیا اور اس نے دکن میں اپنے لیے ایک الگ علاقہ انتخاب کر لیا اس عمل کا دوسرے امراء نے بھی ارتکاب کیا۔ ان امراء نے بڑے بڑے علاقوں کو اپنی تحویل میں لے لیا اور شہنشاہ کے لیے برائے نام وفاداری کا اظہار جاری رکھا۔

اس طرح وہ ممتاز امراء جو حکومت کو مستحکم و مضبوط بنانے میں معاون و مددگار ہو کر دکھاتے، وہی سلطنت کی تخریب کے ذرائع ثابت ہوئے وزارت کے لیے جد وجہد کا تجزیہ ثابت کرتا ہے کہ مغل شہنشاہوں کی جیسی استعماری شہنشاہیت کسی ایسی قسم کی طرزِ شہنشاہیت میں محدود ڈرہ جانے کی اہلیت

Marfat.com

نہ رکھتی جس میں کہ شہنشاہ محض حکومت کر کے اتحاد کی علامت بن سکتا اور وزیر حکومت کی مشین کے مرکزی پرزہ کا کام کرتا رہتا۔ مغل استعماریت کی جگہ یا تو کوئی دوسری استعماریت لے سکتی تھی یا اس کی جگہ مرکزی طاقت کے توازن کے ماتحت ملک کی تمام ریاستیں خود کو منظم کر لیتیں۔ وہ سماجی طاقتیں جنھوں نے کہ انگلستان میں ایک آئینی بادشاہت کو ممکن الوقوع بنا دیا تھا۔ وہ سترہویں صدی کے ہندوستان میں نہایت کمزور اور بے بضاعت تھیں اس لیے جاگیردارانہ نظام میں جو تخریب کارانہ طاقتیں ہوتی ہیں وہ یہاں پر پوری طرح کار فرما تھیں۔

وزارت کی جدوجہد سیاسی صورتِ حال سے متعلق جدوجہد بھی تھی۔ اس الجھاؤ کا تعلق کچھ ایسے بنیادی مسائل سے تھا جن کو مغل سلطنت کو اس وقت سے سابقہ پڑ رہا تھا جب سے اس کا آغاز ہوا تھا اور خاص طور پر اس دوران میں جبکہ اورنگ زیب حکمراں تھا۔ چنانچہ راجپوت ریاستوں اور انفرادی راجپوت راجاؤں کی طرف رجحان، ہندوؤں کا شہری مرتبہ اور جزیہ لگانے کا سوال سے مرہٹوں کے لیے کس قسم کا انداز اختیار کیا جائے اور ایسے جنگجو گروہوں جیسے کہ جاٹ قوم ان سب سے کس سیاسی صورت حال کو وقوع میں لا کر نپٹا جائے، یہ سب مسائل سیاسی گروہوں کے زیر نظر رہتے تھے۔ بنیادی طور پر یہ سوال تھا کہ کیا سلطنت کی بنیاد مسلمانوں پر یعنی مذہبی اور ملی نظریات پر اٹھائی جائے یا یہ کہ اس کی بنیاد وسیع النظری، ہندو مسلم اتحاد اور غیر مذہبی اصولوں پر رکھی جائے۔ بہادر شاہ کے دورانِ حکومت میں بھی جاٹوں اور راجپوتوں کی طرف ایک نرمیت کا رجحان تھا۔ چنانچہ جزیہ جمع کرنے کے سلسلے میں کافی لچک سے کام لیا جاتا تھا۔ جہاندار شاہ کی حکومت کے زمانے میں ذوالفقار خاں نے جزیہ منسوخ کر دیا اور راجپوت راجاؤں کو اونچے عہدے اور بڑے بڑے منصبوں کا یقین دلایا۔ اس نے پہلے ہی شاہو سے دکن کی چوتھ اور سر دیش مکھی کی ادائیگی کے بارے میں معاہدہ کر رکھا تھا۔ ذوالفقار کی معزولی کے بعد اس کی طرز سیاست کو سید برادران نے اختیار کیا۔ انھوں نے دوبارہ سلطنت کو ہندو اور مسلم اتحاد کی وسیع النظرانہ بنیاد پر تعمیر کرنے کی کوشش کی اور مسلمانوں، راجپوتوں اور مرہٹوں کی ملی جلی

Marfat.com

حکومت کو قایم کرنے کے سخت اقدام کا آغاز کیا۔ انھوں نے جاٹ سرداروں کو بھی مراعات دینی شروع کر دیں۔ (البتہ سکھوں کے لیے اس قسم کا کوئی اقدام نہیں کیا گیا) اس بات کی تفصیل میں جانا ہمارے سیاق و سباق سے غیر متعلق ہے کہ حالات کے دباؤ میں آکر ان کو بھی اس قسم کی مراعات دینی پڑیں اور یہ مراعات کسی سوچی سمجھی پالیسی کا نتیجہ نہ تھیں بلکہ ایک قسم کی کمزوری کا مظہر تھیں۔ خیر حالات جو بھی رہے ہوں وہ اس وقت میں کارفرما سماجی طاقتوں کا ایک مؤثر اشاریہ ضرور ہیں یہ نئے رجحانات امراء کی چند ان جماعتوں کی خواہشات کے برعکس تھے۔ جو سیدوں کی مخالف تھیں اور جو ان کو ہندو نوازاور سلطنت اور بادشاہت اور "مذہب و ایمان" کے منافی کہتے تھے۔ لیکن نظام الملک کی وہ کوششیں جن کے ذریعہ وہ اورنگ زیب کی پالیسی کی طرف واپس لوٹ کر جانا چاہتا تھا۔ امراء کی کثیر جماعتوں کی طرف سے اختلاف اور ناراضی کا نشانہ بن گیئں اور ان ماتحت اہل کاروں اور عہدیداروں نے بھی اس سے اختلاف کیا اور کہا جاتا ہے کہ ماتحتوں میں ہندوؤں اور ہندوستانیوں کی تعداد کثیر تھی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نظام الملک دربار سے رخصت ہو گیا اور اس نے دکن میں اپنے لیے ایک نیم آزاد ریاست کی تخلیق کر لی۔

چنانچہ یہ واضح ہے کہ اورنگ زیب کے نام سے منسوب علیحدگی کی پالیسی صرف مختصر مدت تک ہی جاری رہ سکی۔ مغل حکومت کے ایک سو ستانوے سال کے عرصہ میں جو 1526ء سے لے کر نادرشاہ کے 1739ء کے حملے کے درمیان میں گزرا، جزیہ صرف 57 سال ہی وصول کیا جا سکا۔ اگرچہ اس سے ہندوؤں کی طرف حکومت کے رجحان، اور کٹر مذہبی عناصر کے جھکاؤ کا جو اس مدت کے درمیان کی حکمرانی میں شامل تھے کوئی مستقل اشاریہ نہیں ہے پھر کم از کم ایک قسم کا جائزہ ضرور ہے ہندوؤں اور مسلمانوں میں مفاہمت کو ممکن الوقوع بنانے والی طاقتیں اور ہندوؤں اور مسلمانوں پر مشترک تمدن یہ سب چیزیں متعدد صدیوں سے کارفرما تھیں اور یہ اتنی طاقتور ہو چکی تھیں کہ عارضی سیاسی مسائل ان کے رخ کو موڑنے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ اٹھارہویں صدی کی نمایاں تصویر یہ نہیں ہے

Marfat.com

کہ ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک دوسرے کے خلاف تخریبی جماعتیں بنا رکھی تھیں بلکہ یہ لوگ تمدنی اور سماجی زندگی میں باہم اشتراک سے کام لیتے تھے اور ان کے سیاسی اختلافات میں مذہبی عصبیت کا عنصر قطعاً کا العدام رہتا تھا۔ البتہ اتفاقیہ واقعات ایسے ضرور ملتے ہیں جن میں مذہبی تفریقی جذبات کار فرما ہوں کچھ مذہبی مفکرین نے معاصر سیاسی کش مکش کی مذہبی اصطلات میں تشریح کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ نے مسلمانوں کو مغل حکومت کی بقا کے لیے منظم ہو جانے کو کہا اور انھوں نے مرہٹوں کو مذہب اسلام کا دشمن قرار دیا۔ ایسا نہ تھا کہ ہندوؤں میں ان کے جیسے متوازی اور ہم مثل مفکرین نہ تھے اگرچہ ہندوؤں میں کسی ایک ممتاز شخصیت کا نام لے دینا ممکن نہیں ہے۔ لیکن منجملہ طور پر شمالی ہندوستان پر تسلط جمانے کی مرہٹوں کی جدوجہد، سماجی زندگی کے معمولات کو غیر متوازن نہ کر سکیں اور نہ اس سے شمالی ہندوستان کے ہندو اور مسلمان کے تعلقات پر کوئی غیر معمولی برا اثر ہی پڑا۔

سیاسی وفاقی اور سیاسی اختلافات کی بنیاد کے پیچھے سیاسی مفادات کار فرما ہوتے تھے۔ چنانچہ اپنے مفادات کے پیش نظر اور اپنی ضرورت کی مناسبت کے مطابق نظام الملک بھی مرہٹہ طاقتوں کے خلاف مغل سلطنت کی بقا کے حق میں جنگ آزما ہونے کو تیار ہو جاتا تھا دوسری طرف مغل شہنشاہ اور اس کے ہم نوا جب ضرورت دیکھتے خود مرہٹوں کو نظام الملک کے خلاف بھڑکا دیتے تھے۔ شروع شروع میں راجپوتوں اور بندیلوں نے مرہٹوں کی شمالی ہندوستان کی طرف دست درازی کو روکنے کی کوشش کی اس کے بعد بندیلوں نے کبھی تحفظ کی خاطر اور کبھی حملہ آور ہوتے وقت مرہٹوں کے ساتھ رابطہ اتحاد قایم کر لینے کو مناسبت جانا دوسری طرف سوائی جے سنگھ، مغل دربار اور اس کے حریفوں کے درمیان صلح اور امن قایم رکھنے میں مددگار ہونے کا فرض انجام دیتا رہا۔ ادھر راٹھور حکمراں، ابھے سنگھ مرہٹہ حملہ آوروں کا ڈٹ کر مقابلہ کرتا رہا۔ حد یہ ہے کہ جے سنگھ نے بھی کبھی مرہٹوں کے ساتھ کوئی رابطہ اتحاد مستقل طور پر قایم نہیں کیا اگرچہ اس قسم کے بے بنیاد الزامات غلط سلط مواد کی بنیاد پر اس کے خلاف لگائے گئے ہیں۔

Marfat.com

اس کے ایک عرصے کے بعد ایسا وقت بھی آیا کہ جاٹوں اور اودھ کے نواب نے مرہٹوں سے دوستی قایم کی لیکن موخر الذکر کی لوٹ مار سے تنگ آکر عین جنگ پانی پت کے موقع پر ان سے رشتہ منقطع کر لیا۔

مراہٹوں نے بھی اپنی جانب سے ہند و پد پد شاہی کے فلسفہ کو خیر باد کہا اور اب صرف یہ خواہش رہی کہ ملک پر شہنشاہ کے نام میں حکومت کی جائے اور ہر ممکن طور پر دوسرے مغل امراء کی طرح طرز اور انداز اختیار کیا جائے۔ اس سے ظاہر ہے کہ اٹھارہویں صدی کی سیاسیات کا بنیادی رجحان قطعاً غیر مذہبی تھا۔ تمدن کے میدان میں بھی تعصب اور تنگ نظری کا کوئی وجود نہ تھا۔ مرہٹوں نے پوری طرح اور لمبے پیمانے پر مغل دربار کے طرز کو اختیار کر لیا تھا۔ اس سے مرہٹہ سماج میں شمالی ہندوستان کی بہت سی رسومات اور اعمال و افعال داخل ہوتے چلے گئے۔

اٹھارہویں صدی کے دوسرے اور تیسرے اعشاریئے (decade) میں شمالی ہندوستان کی طرف مرہٹوں کی تیز قدمی اور مغل دربار کی ان کا مقابلہ کرنے اور ان کو روکنے میں بے بضاعتی اور ذہنی انتشار اس خیال سے ذمہ دار ہے کہ من جملہ طور پر مغل امراء زوال پذیر اور بے روح ہو چکے تھے۔ مغل امراء کے اس نام نہاد زوال کے لیے متعدد اور مختلف اسباب بتائے گئے ہیں مثلاً انتہائی عیش پرستی، لمبے چوڑے پیمانے پر حرم سراؤں کا قیام، ہندوستان کی جرائت کش آب و ہوا، اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی جس نے مسلمانوں کو جنگ آزمائی کے دقیانوسی پیشہ میں محدود کر دیا تھا۔ مغل امراء کی گوناگوں نوعیت، اورنگ زیب کے بعد وسط ایشیا کی جنگ جو اقوام کی شمولیت کا خاتمہ وغیرہ وغیرہ۔ ان میں سے اکثر اسباب تو بالکل ہی بے اصل اور بے بنیاد ہیں اور انفرادی اور اجتماعی طور پر الفاظ کے رد و بدل کے ساتھ اس نظر سے پیش کیے گئے ہیں کہ قرون وسطیٰ میں غوریوں کے حملے کے بعد سے جو تبدیلیاں آئیں ان کی تشریح کی جا سکے۔ لیکن زوال پذیری کو سماجی حالات کا نہیں بلکہ اقتصادی حالات کا نتیجہ سمجھنا چاہیئے۔ تاریخ میں ایسا کوئی عہد نہیں گذرا جب کردار اور قابلیت و اہلیت کے جوہر رکھنے والی شخصیتوں کا مکمل فقدان ہو گیا ہو۔ چنانچہ

Marfat.com

اگر اسی اصول پر پرکھا جائے تو اٹھارہویں صدی کے نصف اوّل کو شاید ہی زوال پذیری کا عہد قرار دیا جاسکتا ہو۔ کیونکہ اس عہد میں ہمیں قابل حکمرانوں، سپہ سالاروں اور صاحبان علوم و فنون کی ایک بڑی تعداد نظر آتی ہے۔

یہی وہ زمانہ ہے جس میں بادی النظر ہی میں ہمیں ایسے ممتاز لوگوں کے نام ملتے ہیں جیسے سید برادران، نظام الملک، عبدالصمد خاں اور ذکریا خاں سعادت خاں اور صفدر جنگ، مرشد علی خاں اور جے سنگھ سوائی وغیرہ وغیرہ یہ دوسری بات ہے کہ ان حضرات کی قابلیتیں سلطنت کے استحکام کے لیے استعمال نہ ہوسکیں۔ بلکہ انھوں نے اپنے تمام جوہر اپنے انفرادی مفادات اور اپنے علیٰحدہ علیٰحدہ علاقے حاصل کرنے میں خرچ کر دیئے[1]

اس لیے تاریخی اعتبار سے زوال پذیری ضرور ہے۔ اگر اس کا مطلب ایک ایسے سماج سے مراد لیا جائے جو اقتصادی طور پر ترقی پذیر نہ رہا ہو۔ ایسے سماج کے اپنے علیٰحدہ ہی خدوخال ہوا کرتے ہیں۔ مثلاً ایک نہایت عمیق مالی بحران قنوطیت اور مستقبل میں یقین کا فقدان جس سے کہ اکثر غیر معقول اور غیر رجائی فلسفیوں کی بنیاد پڑ جاتی ہے۔ نیز سائنسی اور تکنیکی عمل میں ٹھہراؤ آجانا —— وغیرہ وغیرہ۔ اس زوال پذیری کے بہت سی علامات تو سترہویں صدی کے

---

[1] ان امراء کے حین حیات، من جملہ طور پر ایک مہذب و منظم حکمرانی کے فرائض اپنے اپنے علاقوں میں بخیر خوبی انجام دیتے رہے۔ وہ "عظیم لاقانونیت" جس کی طرف برطانوی مورخین بار بار اشارہ کرتے آئے ہیں اور جس کو وہ ہندوستان پر برطانوی حکومت کے جواز کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ وہ نہ تو اسقدر وسیع و طویل تھا اس قدر طویل المدت جتنا کہ ان لوگوں نے بتایا ہے ان علاقوں میں جو کسی ایک "نواب" کے زیر انتظام لائے جاچکے تھے یا جو مرہٹوں کے اقتدار میں آگئے تھے: جو طرز انتظام پہلے سے چلا آرہا تھا۔ وہی بغیر کسی تبدیلی کے جاری رہا، خصوصاً اضلاعات اور پرگنوں میں اور یہی علاقے بعد میں برطانوی انتظام کے ماتحت آگئے۔ دراصل زیادہ تر علاقوں میں بدنظمی اور لاقانونیت کی تاریخ پانی پت کی تیسری جنگ سے شروع ہوتی ہے اور خصوصاً اس وقت سے جبکہ برطانوی لوگوں اور دیگر غیر ملکیوں نے ہندوستانی ریاستوں کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی کا آغاز کیا۔

Marfat.com

نصف دوم اور اٹھارہویں صدی کے اوائل میں بھی ملتی ہیں لیکن یہ امر اس کتاب کے سیاق و سباق سے غیر متعلق ہے کہ اس عہد کے اقتصادی رجحانات کا تفصیلی جائزہ لیا جائے اور اس زوال کی حقیقت یا اس کے اسباب کی تفصیل میں جایا جائے۔ تاوقتیکہ اہل تحقیق کسی اس قسم کی تحقیق کو مکمل کر کے ہمارے سامنے رکھیں، ستر ہویں اور اٹھارہویں صدی کے سیاسی و سماجی رجحانات سے متعلق ہمارے نتائج کو محض اندازے ہی سمجھنا چاہیئے۔

بہر حال یہ کہدینا بھی بہت زیادہ غلط نہ ہوگا کہ مغل سلطنت کا زوال صرف اس کے امراء کے کردار یا اہلیتوں کی گراوٹ کا نتیجہ نہ تھا اور نہ ہی یہ امراء میں تمدنی تہذیبی، مذہبی یا سماجی عناصر کے باعث وقوع پذیر ہوا۔ وہ گروہ اور جماعتیں جو بعد کی مغل سیاسیات پر اثر انداز ہوئیں۔ ان کو قوم پرستی کے یا تمدن و تہذیب یا معاشرہ کے اصولوں پر ترتیب نہیں دیا گیا تھا۔ بلکہ تہذیبی، تمدنی، معاشرتی اور مذہبی عناصر کے اختلافات نے تو وسیع النظری اور فیاضانہ طرز سیاست کو ممکن بنایا اور کسی ایک گروہ یا جماعت کے علیحدگی پسندانہ تسلط کے قیام کو ممکن الوقوع ہونے سے روک دیا کیونکہ اگر اس قسم کا تسلط قایم ہو جاتا تو بھی مغل شہنشاہیت کے لیے کچھ کم ضرر رساں ثابت نہ ہوتا اور اس سے شاید بہت زیادہ مضر قسم کے نتائج مرتب ہوتے۔ ان مختلف عناصر کا کامیابی سے کسی ایک گروہ کی شکل میں ترتیب پا جانا اور اس جماعت میں ایک مشترک نظریئے اور مشترک معاشرتی اقدار کا اختیار پا جانا اور ان امور کو مغل شہنشاہوں کا زبردست کارنامہ سمجھنا چاہیئے۔ ایک ایسی حکمراں جماعت کی تخلیق ہم عصر ہندوستانی تمدن اور معاشرہ پر بہت صحتمندانہ طریقہ سے اثر انداز ہوئی جس سے معاشرہ میں ایک وسیع النظرانہ اور ایک آفاقی اور ایک متحدانہ نظریہ پیدا ہوا۔ یہ نظریہ اورنگ زیب کے دور حکومت میں بھی ختم نہ ہو سکا بلکہ اس کو واضع طور پر اٹھارہویں صدی میں بھی کارفرما دیکھا جا سکتا ہے۔

وہ اقتصادی اور مالی بحران جو ستر ہویں صدی کی ایک خصوصیت تھی اور جو اورنگ زیب کی حکومت کے دوران ایک نازک شکل اختیار کر گیا۔

Marfat.com

وہ اٹھارہویں صدی میں ایک شدید ترین مسئلہ بن گیا۔ بہادر شاہ کی وفات کے وقت تک (1712ء) پچھلی نسلوں کے جمع کردہ خزانے ختم ہو چکے تھے چھوٹے درجہ کے منصب داروں کے لیے تو اپنی جاگیروں کی آمدنی سے اپنی گزر بسر کرنا بھی دشوار ہو گیا تھا۔ اور یہ آمدنی ان کی کاغذ پر رکھی ہوئی آمدنی کا ایک عشر عشیر بھی نہ تھی اور یہ بھی سال بہ سال بہت مختلف اور غیر معتبر رہتی تھی۔ انعامات اور جاگیریں لٹانے میں بہادر شاہ کا عدم احتیاط تو منصبوں کو بے معنی کیے دے رہا تھا (کیونکہ افواج وغیرہ رکھنے کی لازمی تعداد کو برقرار رکھنے کے لیے ذرائع میسر نہ تھے) اور اس سے خالصہ کی زمینوں کے خرد برد ہو جانے کا خطرہ لاحق ہوا جا رہا تھا۔

جہاندار شاہ کے زمانے میں یہ عمل اور تیز ہو گیا۔ تجارت کے مقرر کردہ اصولوں کی دھجیاں اڑائی جا چکی تھیں اور خالصہ زمینوں کو زیر کاشت لے آنا بھی گویا عام ہو گیا تھا۔ ایسے حالات میں کاشتکاری کی اصلاح اور اس کی توسیع پر زیادہ توجہ مبذول نہ کی جا سکی۔ اس کے برخلاف مال گذاری کی کاشت سے بٹائی کی کرایہ داری کی رسم پڑ گئی جس سے کاشت کاروں پر بہت برا اثر پڑا۔ اس سے مال گذاری کی اصل رقم اور بھی قلیل ہو گئی۔ خانہ جنگیوں سے رہے سہے خزانوں کا اور بھی خاتمہ ہو گیا۔

سیدوں نے کسی موقعہ پر بھی مالی اور انتظامی معاملات میں کسی کامیاب پالیسی کا ثبوت نہیں دیا۔ عبداللہ خاں نے اپنے تمام معاملات کو رتن چند کے ہاتھوں میں دے دیا تھا اور رتن چند خالصہ زمینوں کی کاشت کی غلط رسم پر ڈٹا رہا۔ دربار میں جماعتوں اور گروہوں کی تقسیم سے زمیندار اور باغی عناصر کی بہت ہمت افزائی ہوئی اور انہوں نے مال گذاری و محصول کی ادائیگی کو بند کرنا شروع کر دیا۔ دکن میں مرہٹوں نے تقریباً کل کا نصف محصول وصول کرنا شروع کر دیا اور آگرہ اور لاہور میں جاٹوں اور سکھوں نے بدامنی پیدا کر رکھی تھی۔

سیدوں کے زوال کے بعد نظام الملک نے یہ ایک جراتمندانہ اقدام کیا کہ ان جاگیروں کی تفتیش شروع کر دی جو امراء اور ماتحت اہل کاروں کے ہاتھ میں تھیں اور اس نے خالصہ زمینوں کی کاشت کو منسوخ قرار دیا۔ لیکن وہ اپنے منصوبوں پر عمل درآمد کر سکا اور اسے حکومت میں اصلاح کرنے کی کوشش کو چھوڑ دینا پڑا۔

Marfat.com

اس کے بعد صوبے داروں اور امراء نے نیم آزاد ریاستوں کو قایم کرنا اور زمینداروں نے محصول دینا بند کر دیا۔ نتیجتاً شہنشاہ کا اصل اثر و رسوخ دہلی کے قرب و جوار ہی تک محدود ہو کر رہ گیا اس کی آمدنی کا صرف یہی محدود ذریعہ رہ گیا تھا یا وہ خراج جو اس کے "ماتحت" حکمران اس کو کبھی کبھی بھیجدیا کرتے تھے۔

اس طرح سیاسی بد حالی کے ساتھ مالی اور انتظامی بحران تیز ہوتا گیا اور اس کے نتیجہ میں سیاسی صورت حال بد سے بدتر ہوتی چلی گئی۔

اس عرصے کے حالات کی تبدیلیوں کے پیش نظر مغل شہنشاہیت کے زوال کا سب سے بڑا سبب اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی کو قرار دینا غیر تاریخی اور غیر واقعی معلوم ہوتا ہے۔ ان جدید ذہنوں کو جن کی پرورش بے تعصبی کے غیر مذہبی ماحول میں ہوئی ہے، اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی کے کچھ خد و خال کتنے ہی غیر مناسب اور زوال پذیرانہ معلوم ہوتے ہوں، تاریخ کی جانب ایک حقیقت پسندانہ نظریے کا تقاضہ ہے کہ اسباب اور نتائج کے درمیان کی حد فاصل کو گرا دیا جائے۔ اورنگ زیب کی وفات کے بمشکل تمام چند ہی برسوں کے بعد اس قسم کے متعصبانہ اور تفریقی رسوم کو ترک کر دیا گیا تھا جیسے کہ جزیہ یا ہندوؤں کو عراقی اور عربی گھوڑوں کے استعمال کی اجازت نہ ہونا یا گلال یا ریس ان کے پالکی کے استعمال پر پابندی ہونا وغیرہ وغیرہ جودھ پور سے مغل افواج کو واپس بلا لیا گیا تھا اور راجپوت راجاؤں کو دوبارہ اونچے اونچے منصب اور جاگیریں دی جانے لگی تھیں۔ 1713ء میں جے سنگھ، اور بندیلوں نے، مالوہ میں مرہٹوں کو شکست فاش دینے کے لیے باہمی اتحاد قایم کر لیا تھا۔ مغل دربار کی سیاست میں جے سنگھ اور اجیت سنگھ دونوں کا کچھ کم اثر نہ تھا۔ مرہٹوں کا جہاں تک تعلق ہے۔ شاہو کو نظر بندی سے رہا کر دیا گیا تھا۔ اور اسے شواجی کے سوراجیہ کی سرحدوں کا اختیار سونپ دیا گیا تھا 1718ء میں مرہٹوں کو باقاعدہ طور پر دکن کی چوتھ اور سردیش مکھی ادا کی جانے لگی تھی۔ نیز اس زمانے میں مندروں کے انہدام اور زبردستی سے تبدیل مذہب کروانے کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔

حقیقت تو یہ ہے کہ اورنگ زیب کی پالیسوں سے یکسر دست بردار ہو جانے سے بھی

Marfat.com

اب مغل شہنشاہیت کو کوئی طاقت زوال پذیر ہونے سے نہیں بچا سکتی تھی۔ اس حکومت کی شکست و ریخت کے لیے متعدد عناصر ذمہ دار تھے۔ ہندوستان کے قرون وسطیٰ کے سماج میں شہروں اور دیہی علاقوں میں لازمی اور بنیادی اقتصادی اتحاد کی سخت کمی تھی۔ گاؤں کی خود کفیل اکائیوں میں جو ایک اقتصادی علیحدگی تھی وہ سیاسیات میں بھی علیحدگی کا سبب بنتی گئی۔ مغلوں نے متعدد سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی طریقوں سے اس علیحدگی سے پیدا شدہ خلیجوں کو پاٹنے کی کوشش کی۔ اگرچہ ان طریقوں اور پالیسیوں کی تفصیل میں جانا اس موقع پر ممکن نہیں ہے، یہ بات پوری تعمیم سے کہی جا سکتی ہے کہ مغلوں نے اس ملک کے تمدن سے خود کو وابستہ کرنے کی کوشش کی جہاں تک ممکن ہوا انھوں نے یہاں کے عوام کے مذہبی رجحانات اور رسوم میں دخل اندازی سے گریز کیا اور ملک میں ہندوؤں اور مسلمانوں پر مشترک ایک حکمراں جماعت کے قیام کو مستقل طور پر ترقی دیتے چلے گئے۔ اورنگ زیب کے دوران حکومت اس عمل کو کچھ صدمہ ضرور پہنچا پھر بھی پوری سترہویں صدی میں اس پالیسی کو عام طور پر اختیار کیا جاتا رہا۔ مغلوں نے کاشتکاری تجارت اور پیداوار کو متعدد اور مختلف طریقوں سے طریقہ دینے اور ان کا تحفظ کرنے کی کوشش کی۔ اقتصادی ترقی کے زیر اثر تجارتی شہر معرض وجود میں آتے گئے۔ چنانچہ آگرہ، دہلی، لاہور اور احمد آباد اس حد تک ترقی کر گئے تھے، جہاں تک اس وقت کی دنیا کے بڑے سے بڑے شہر ترقی کر چکے تھے [1] لیکن یہ تبدیلیاں دیہی اقتصاد کے بنیادی کردار پر بہت زیادہ اثر انداز نہ ہو سکیں اور دیہی اقتصادی خود کفیل کاشتکاری پر قایم رہا سوائے اس کے کہ کسی کسی علاقے میں کچھ استثنےٰ ضرور موجود ہے اس لیے کاشتکار نے کبھی محسوس نہیں کیا کہ ایک لمبی چوڑی مرکزی حکومت میں اس کا بھی کوئی اہم مقام تھا اور بدامنی اور طوائف الملوکی کے زمانے میں وہ کسی بھی اس طاقت کی طرف جھک جاتا تھا جو بھی اس کو سہارا

---

[1] ملاحظہ ہو تصنیف "جہاں گیر کا ہندوستان" از پال زرٹ صفحہ 7 و 46 اور "سفر نامہ" از تھیونوٹ صفحات 44-46 وغیرہ
Jahangir's India by Palseart
Travels by Thavenot

Marfat.com

دے سکتی تھی۔ کاشتکاروں کے علاوہ کافی تعداد اور گہری جڑوں والی زمینداروں کی جماعت تھی جس کا ذکر پہلے بھی آچکا ہے اور جو کسی بھی مضبوط اور مرکزی حکومت کو استحکام دینے کے حق میں نہ تھے۔ اس کے برعکس وہ جماعتیں تعداد میں بھی قلیل اور طاقت میں بھی نسبتاً کمزور تھیں جو استحکام اور اتحاد میں دلچسپی رکھتی تھی تجار اور سوداگر جنھیں سب سے زیادہ استحکام اور پُرامن حالات کی ضرورت تھی، وہ خود جاگیردار طبقہ پر اس قدر منحصر تھے کہ وہ آزادانہ طور پر کوئی کردار ادا کرنے کی جسارت نہ رکھتے تھے۔ اس سے امراء کا کردار نہایت ہی اہم ہوگیا تھا۔ جب تک امراء حکمراں کے ساتھ امن و استحکام برقرار رکھنے میں مددگار رہتے اور حکومت کو تجارت، صنعت و حرفت اور کاشتکاری کے فروغ دینے کے نظریئے سے چلاتے رہتے تھے تب تک انھیں کاشت کاروں اور تاجروں کی حمایت حاصل رہتی تھی۔ ان عظیم جماعتوں کی حمایت علیحدگی پسند اور بغاوت آمادہ زمینداروں، راجاؤں اور دوسرے قسم کے سرگروہوں، کو قابو میں رکھنے میں بہت کام آتی تھی۔ لیکن جب امراء اور حکمرانوں کے درمیان آپسی اعتماد اور مفاہمت ختم ہوجاتی تھی اور امراء حکومت کی خدمت گذاری کے ذریعہ اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہ جاتے تھے تو مغلوں کا تعمیر کیا ہوا زبردست مرکزی امراء (امراء پر منحصر) نظام تیزی سے ٹوٹ پھوٹ کر برابر ہونے لگتا تھا۔

ہم نے موجودہ تصنیف کے اوراق میں چند ان اسباب کا جائزہ لینے کی کوشش کی ہے جنھوں نے مغل امراء کی جماعت کو اتحاد و استحکام کا وسیلہ بننے کی بجائے عدم استحکام اور حکومت کی شکست و ریخت کا ذریعہ بنا دیا۔ حکومت کی اس شکست و ریخت میں کہاں تک امراء کا حصہ ہے اور کس حد تک مرہٹوں، راجپوتوں اور جاٹوں وغیرہ جیسے عناصر اس کے لیے ذمہ دار ٹھہرائے جا سکتے ہیں۔ اس سوال پر رایوں پر اختلاف ہو سکتا ہے لیکن اس حقیقت سے شاید کم لوگوں کو اختلاف ہوگا کہ امراء کا بھی اس سلسلے میں کچھ کم حصہ نہیں رہا ہے۔ عین اس تاریخ کا تو پتہ لگانا دشوار ہے جب حکومت کی خدمت گذاری میں رہ کر امراء نے اپنے مقاصد کی تکمیل کے امکان کو دشوار سمجھنا شروع کر دیا۔ یہ ہم نے ضرور دیکھ ہی لیا ہے کہ جاگیرداری نظام کا بحران سترہویں صدی کے وسط سے ہی ظاہر ہونے لگا تھا

Marfat.com

اور اورنگ زیب کی حکمرانی کے طویل عہد میں یہ بد سے بدتر ہوتا چلا گیا تھا۔ اٹھارہویں صدی کے اوائل سے یہ بحران اپنے نقطۂ عروج کو چھو چکا تھا اور اس کے نتیجہ میں یا مکمل تباہی یا کسی نئے طرز کے نظام کا امکان صاف نظر آرہا تھا۔ لیکن دوبارہ منظم ہو جانے کے امکان سے آخری زوال صرف کچھ عرصہ کے لیے ٹل ہی سکتا تھا تاوقتیکہ ہم عصر ہندوستانی سماج کے اقتصادی اور صنعتی ٹھہراؤ پر قابو پا لینے کے ذرائع وضع کر لیے گئے ہوتے۔

چنانچہ مغل شہنشاہیت کے زوال کے اسباب کو ہندوستان کے قرون وسطیٰ کے اقتصاد میں پوشیدہ پایا جا سکتا ہے۔ تجارت، صنعت و حرفت کا ٹھہراؤ اور اس اقتصاد کے حدود امکان میں سائنسی ترقی کی زوال پذیری وہ بڑھتا ہوا مالی بحران جس نے جاگیرداری کے نظام کے بحران کی شکل اختیار کر لی اور حکومت کے افعال و اعمال کے ہر پہلو کو متاثر کیا۔ ان حالات میں حکومت کی خدمت گزاری کے ذریعہ امراء کا اپنے مقاصد کے حصول میں ناکام ہو جانا اور اس کے نتیجہ میں گروہوں کی کشمکش اور سرکردہ اور حریص امراء کا آزاد علاقوں کی تخلیق کے درپے ہو جانا مغل شہنشاہوں کا مرہٹوں کے مسائل سے خاطر خواہ طور پر عہدہ برآ ہونے میں ناکام ہو جانا اور ان کے مطالبات کو مغل شہنشاہیت کی حدود میں رہتے ہوئے پورا نہ کر سکنا اور اس کے نتیجہ میں ہندوستان میں ایک مشترک حکمران جماعت کی تخلیق کرنے کی کوشش کا پسپا ہو جانا اور ان تمام حالات کا درباری سیاسیات اور ملک کی پالیسیوں پر اثر انداز ہونا اور ان تبدیلیوں کے نتیجہ میں شمالی مغربی دروں کے تحفظ کا کمزور ہو جانا۔ یہ وہ عوامل اور عناصر ہیں جو مغل حکومت کے زوال کا باعث ہوتے۔ انفرادی کمزوریوں اور خامیوں نے بھی اپنے اثرات دکھائے لیکن ان کا مطالعہ بھی لازمی طور پر ان زیادہ عمیق اور غیر انفرادی عوامل کے پس منظر ہی میں کیا جانا چاہیے۔

Marfat.com

ذخیرہ محمد وقار مجددی

# بیورو کی مطبوعات

| | |
|---|---|
| اصول تعلیم | خواجہ غلام السیدین |
| اصول تعلیم اور عمل تعلیم | ڈی۔ ایس۔ گورڈن / خلیل الرحمٰن سیفی پریمی |
| تاریخ فلسفۂ اسلام (تیسرا ایڈیشن) | ٹی۔ جے۔ دی بوئر / سید عابد حسین |
| تاریخ ہندی فلسفہ | ایس۔ این داس گپتا / رائے شوموہن لعل ماتھر |
| تدریس جغرافیہ | محمد ضیاء الدین علوی |
| تعلیم اور اس کا سماجی پس منظر | سلامت اللہ |
| تعلیم سماج اور کلچر | اے۔ کے۔ سی۔ اٹاوے / اختر انصاری |
| تعلیم تشکیل نو کے مسائل (دوسرا ایڈیشن) | خواجہ غلام السیدین / ایم۔ ابوبکر |
| تعلیم میں نفسیات کی اہمیت | ہربرٹ سورنسن / سلامت اللہ |
| تعلیم ہندوستان کے مسلم عہد حکومت میں (دوسرا ایڈیشن) | ایس۔ ایم جعفر / سعید انصاری |
| تعلیمی رہنمائی اور صلاح کاری | عبدالغنی مدہوش |
| تعلیم کی نفسیاتی اساس | عبداللہ ولی بخش قادری |
| تعلیم کا عمل | جیروم۔ ایس۔ برونر / معین الدین |
| جدید ہندوستان میں ذات پات | ایم۔ این سرینواس / شہباز حسین |
| جدید ابتدائی منطق | ایل۔ سوسن اسٹیبنگ / سلطان علی شیدا |
| سماج اور تعلیم | محمود عبدالقادر عمادی |
| شرح بھگوت گیتا (دوسرا ایڈیشن) | مترجم: حسن الدین احمد |
| فلسفہ کے بنیادی مسائل | اے۔ سی۔ ایوئنگ / میر ولی الدین |

ملنے کا پتہ

## ترقی اردو بیورو، محکمۂ تعلیم (حکومت ہند)

## ویسٹ بلاک آر کے پورم نئی دہلی - 66

Marfat.com

